orientation to ontario
l'ontario c'est chez moi



# اونٹاریو میں نئے آباد ہونے والوں کیلئے تعارف



اونٹاریو میں نئے آباد ہونے والوں کیلئے تعارف

اوری اینٹیشن ٹو اونٹاریو

Funded by / Financé par
Ontario
Citizenship and Immigration Canada
Citoyenneté et Immigration Canada

## اوری اینٹیشن ٹو اونٹاریو (ORIENTATION TO ONTARIO)

کیا آپ کو معلوم ہےکہ آپ اوری اینٹیشن ٹو اونٹاریو ورکشاپ میں شرکت کر سکتے ہیں؟

مزید معلومات کیلئے براہِ مہربانی مندرجہ ذیل ویب سائٹ www.orientationontario.ca پر جائیں

ہمارے ساتھ براہِ راست رابطہ کرنےکیلئے، براہِ مہربانی ہماری دو زبانیں بولی جانے والی لائن پرکال کریں- 1-855-626-0002 یا O2O@costi.org



OTO - Workbook - Cover - 2014 05 08_UR.indd 65
03/11/14 16:34



# O CANADA

O Canada!
Our home and native land!
True patriot love
in all thy sons command.


With glowing hearts
we see thee rise,
The True North
strong and free!

From far and wide
O Canada,
we stand on guard for thee.

God keep our land
glorious and free!

O Canada,
we stand on guard for thee.

O Canada,
we stand on guard for thee.



# اقرارنامہ

اوری اینٹیشن ٹو اونٹاریو (Ontario/*L'Ontario, c'est chez moi Project*) منصوبےکو Citizenship and Immigration Canada (CIC) اور Ontario Ministry of Citizenship and Immigration (MCI) سرمایہ فراہم کرتی ہیں- اوری اینٹیشن ٹو اونٹاریو ورک بک، ورکشاپوں اور انگریزی میں ویب سائٹ orientationontario.ca اور فرانسیسی میں ویب سائٹ lontariocestchezmoi.ca کے ذریعے دو زبانوں میں یہ منصوبہ کینیڈا میں نئے آنے والوں کی خدمت کیلئے تشکیل دیا گیا تھا-


کوسٹی (COSTI) امیگرینٹ سروسز مندرجہ ذیل پراجیکٹ انتظامیہ اور ایڈوائزری کمیٹی ممبر ایجنسیز اور شراکت داروں کی مدد اور لیڈرشپ کا شکریہ اداکرنا چاہتی ہے، جن کے تعاون و اشتراک سے یہ منصوبہ تشکیل پایا-

- Association of Canadian Community Colleges ((ACCC
- Canadian Immigration Integration Project ((CIIP
- Catholic Centre for Immigrants - Ottawa
- Collège Boréal
- Colleges Integrating Immigrants to Employment (CIITE) Project
- Fanshawe College
- George Brown College
- JVS Toronto
- Multicultural Council of Windsor and Essex County
- Ontario Council of Agencies Serving (Immigrants (OCASI
- Ontario 211 Services Corporation
- Skills International
- (World Education Services (WES
- Kitchener-Waterloo YMCA
- YMCA of Greater Toronto

ہم خدمات پیش کرنے والی ایجنسیوں کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں جو رہنما منصوبے کے نفاذ میں شریک رہیں اور جن کے عزم واستقلال نے اسے صوبے بھر میں کامیاب وکامران کیا-

- Catholic Centre for Immigrants
- Catholic Crosscultural Services
- Centre for Immigrant and Community Services
- Collège Boréal
- Thorncliffe Neighbourhood Office of Toronto
- Thunder Bay Multicultural Association
- WoodGreen Community Services
- Working Women Community Centre
- YMCA of Hamilton/Burlington/Brantford
- YMCAs of Cambridge & Kitchener-Waterloo

اس ورک بک میں آرٹ کے کام اور شراکت پر ہم البرٹ کیسن (Albert Casson) کی خدمات کا اعتراف اور ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں-

آخر میں، ہم نئے آنے والوں کا شکریہ ادا کریں گے جنھوں نے اونٹاریو کو اپنا گھر بنانےکا فیصلہ کیا- ان کی شرکت کے بغیر، اس منصوبےکی تکمیل ممکن نہیں تھی- خوش آمدید!


OTO - Workbook - Cover - 2014 05 08_UR.indd 66 03/11/14 16:34

# ورک بک کے بارے میں

## اونٹاریو، کینیڈا میں خوش آمدید- کینیڈا ایک فخرکرنے والا مختلف لوگوں پر مشتمل معاشرہ ہے، جو پوری دنیا سے نئے آنے والوں کو خوش آمدیدکہتا ہے- اونٹاریو کی آبادی 13 ملین[1] لوگوں پر مشتمل ہے جن کا تعلق 200 ملکوں سے ہے اور جو 130 زبانیں[2] بولتے ہیں- کسی نئے ملک میں جاکر آباد ہونا ایک ولولہ خیز وقت ہوتا ہے- اس سلسلے میں اوری اینٹیشن ٹو اونٹاریو ورک بک (The Orientation to Ontario Workbook) آپ کی رہنمائی کرے گی-

### ورک بک میں آپ کو کیا ملےگا-

یہ ورک بک آپ کو وہ بنیادی معلومات فراہم کرتی ہے جن کی اونٹاریو میں آباد ہونےکیلئے آپ کو ضرورت ہے- یہ چھ حصوں پر مشتمل ہے- ہر حصے میں بہت سے عنوانات ہیں جو آپ کو تمام صوبے کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں، بمع ویب سائٹیں اور حکومتی دفاتر کے فون نمبر-

زیادہ تر حصوں میں آبادی کاری کی منصوبہ بندیاں ہیں جن میں آپ کےکرنےکے بنیادی کاموں کا خلاصہ پیش کیا گیا ہے- آپ کو سرخیوں کے تحت کچھ سوالات بھی ملیں گے، "غور طلب باتیں-" یہ سوالات آپ کی آبادکاری کے عمل کے دوران ان انتخابات پر غور کرنے میں آپ کی مدد کریں گے جنھیں منتخب کرنےکی آپ کو ضرورت ہوتی ہے-

اپنا ذاتی آبادکاری کا منصوبہ تشکیل دینےکیلئے، آپ کو اضافی معلومات تلاش کرنےکی ضرورت ہوگی- آپ آن لائن معلومات کہاں سے حاصل کرسکتے ہیں اس بارے میں ورک بک آپ کو چند تدابیر پیش کرتی ہے اور آپ کو کچھ مفید ٹولز فراہم کرتی ہے-

آپ انگریزی میں یہ ورک بک آن لائن مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے بھی حاصل کر سکتے ہیں orientationontario.ca یا فرانسیسی زبان میں مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے حاصل کر سکتے ہیں lontariocestchezmoi.ca یہ بہت سی دیگر زبانوں میں بھی دستیاب ہے، چھپی ہوئی کاغذی صورت، اور آن لائن دونوں ہی صورتوں میں-

اوری اینٹیشن ٹو اونٹاریو ورک بک کو اپنا نقشہ اور قطب نما سمجھیں: آپ اسے یہ فیصلہ کرنے میں استعمال کر سکتے ہیں کہ آپ کو کہاں جانےکی ضرورت ہے اور وہاں کیسے جانا ہے-

### آبادی کاری - منصوبہ بندی کے ٹولز (TOOLS)

اپنا آبادکاری کا منصوبہ تشکیل دینےکیلئے، اس ورک بک میں آپ کو منصوبہ بندی کے دو مختلف ٹولز ملیں گے-

- ہر حصےکے اختتام پر، آپ کو عنوان کے مطابق آبادی کاری کی منصوبہ بندی کا ٹول ملے گا- اس ٹول کی مدد سے آپ اپنے مختصر عرصے پر مبنی مقاصد کیلئے وقت کا تعین کرنےکی اہم معلومات کے ذرائع کی شناخت کر سکیں گے-
- یہ ٹولز مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے آن لائن بھی مل سکتے ہیں- orientationontario.ca

### کینیڈا میں رہائش سے متعلقہ ٹول

Citizenship and Immigration Canada نے ایسا ٹول تشکیل دیا ہے جسے آپ آبادکاری کا منصوبہ تشکیل دینے میں استعمال کر سکتے ہیں- یہ آپ کو مندرجہ ذیل ویب سائٹوں سے مل سکتا ہے-
findlink.at/cic-lctvac یا cic.gc.ca/lctvac/english

### ویلکم ٹو کینیڈا (WELCOME TO CANADA) گائیڈ: آپ کے علم میں کیا ہونا چاہیئے


اس ورک بک کے شروع سے آخر تک، آپ کو معلومات کے حوالے سے بہت سی معلومات ملیں گی جنھیں آپ Citizenship and Immigration Canada کی شائع کردہ ویلکم ٹو کینیڈا گائیڈ سے حاصل کر سکتے ہیں- مندرجہ ذیل آئیکون کیلئے دیکھیں:

آپ مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر آن لائن بھی اس کا مطالعہ کر سکتے ہیں cic.gc.ca یا findlink.at/welcomecan

### فائنڈ لنکس (FINDLINKS)

آسانی سے معلومات تلاش کرنے میں آپ کی مددکیلئے، Findlink کے ساتھ ہم نے انٹرنیٹ کے تمام ایڈریسز کیلئے مین ڈومینز (main domains) شامل کر دئیے ہیں جو آپ کو آن لائن کسی مخصوص پیج پر لے جاتے ہیں-

[1] ذرائع: Ministry of Finance: www.fin.gov.on.ca or findlink.at/092
[2] ذرائع: Ontario Immigration: ontarioimmigration.ca




### انٹرنیٹ تک رسائی

*اونٹاریو بھرکی لائبیریریوں اور آبادکاری کی ایجنسیوں میں مفت کمپیوٹر/ انٹرنیٹ دستیاب ہے- بہت سی عوامی جگہوں پر موبائل ڈیوائسز کے ذریعے مفت وائی فائی (Wi-Fi) کی سہولت موجود ہے-*



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 1 03/11/14 16:36

# اس کتابچے میں کیا ہے


## کینیڈا اور اونٹاریو کے بارے میں جاننا 3

کینیڈا کے ساتھ تعارف 4
حکومت 5
اونٹاریو کے ساتھ تعارف 6
آبادکاری کی ایجنسیاں 10
کارآمد فون نمبر اور ویب سائٹیں 11

## اپنی نئی کمیونٹی میں رہنا 13

صحت کی نگہداشت 14
کنزیومر سروسز 17
رہائش گاہ 18
کمیونٹی میں حصہ لینا 21
ذرائع آمدورفت 22
قانونی حقوق اور خدمات 24
آبادی کاری کا منصوبہ 26

## تعلیم و تربیت 29

چائلڈ کیئر 30
ابتدائی اور ثانوی تعلیم 31
پوسٹ سیکنڈری ایجوکیشن 33
تعلیم کا تسلسل 34
زبان کی تربیت 35
آبادکاری کا منصوبہ 36

## ملازمت اور کاروبار 39

ملازمت کی تیاری کرنا 40
ملازمت تلاش کرنا 42
ملازمت والی جگہ پر حقوق 44
اپنے ذاتی کاروبار کا آغاز 46
آبادکاری کا منصوبہ 47

## پیسہ اور ذاتی مالی معاملات 49

پیسہ اور بینکنگ 50
کریڈٹ کارڈ حاصل کرنا 51
ٹیکسز 52
بینافٹس اور سوشل اسسٹینس 53
آبادکاری کا منصوبہ 54

## لوگ اور ماحولیات 55

جامعیت 56
معذور افراد 57
خاندانی تعلقات 58
ماحولیات کی نگہداشت 59
آبادکاری کا منصوبہ 60

## ضمیمہ 61

وفاقی حکومت کے ذرائع 62
اونٹاریو حکومت کی وزارتیں 63
فہرست 64





OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 2 03/11/14 16:36

# کینیڈا اور اونٹاریو کے بارے میں جاننا

یہ حصہ آپ کو کینیڈا اور اونٹاریو کے صوبے کے ساتھ متعارف کرواتا ہے، بمع اس کے جغرافیہ، آب و ہوا، آبادی، معیشت، زبانیں اور حکومت- اس میں آپ کو آبادی کاری کی ایجنسیوں اورکارآمد ٹیلیفون نمبروں کے بارے میں معلومات بھی ملیں گی-




**4**
کینیڈا کے ساتھ تعارف

**5**
حکومت

**6**
اونٹاریو کے ساتھ تعارف

**10**
آبادکاری کی ایجنسیاں

**11**
کارآمد فون نمبر اور ویب سائٹیں



# کینیڈا کے ساتھ تعارف

کینیڈا دنیا کا دوسرا بڑا ملک ہے، جس کا رقبہ 10 ملین مربع کلومیٹر (3.9 ملین مربع میل) ہے- اس کے وسیع رقبےکی وجہ سے، کینیڈا مختلف قدرتی مناظر سے بھرا ہوا ہے، بشمول پہاڑ، جنگلات، وسیع گھاس کے میدان اور قطب شمالی ٹنڈرا(Aractic Tundra) -

## شہر، صوبے اور علاقے

کینیڈاکا صوبائی دارالحکومت آٹوا (Ottawa) شہر ہے، جو صوبہ اونٹاریو میں واقع ہے- یہ کینیڈا کا چوتھا سب سے بڑا شہر ہے- کینیڈا میں سب سے بڑے تین شہر ٹورانٹو (اونٹاریو)، مونٹریال (کیوبیک) اور وینکوور (برٹش کولمبیا) ہیں-

کینیڈا میں 10 صوبے اورتین ٹیریٹوریز ہیں، ہر ایک کا اپنا دارالخلافہ ہے- کینیڈا کے مرکزی علاقے مندرجہ ذیل ہیں:

- اٹلانٹک صوبے (نیو فلینڈ اور لیبراڈور، پرنس ایڈورڈ آئلینڈ، نوواسکوشیا اور نیو برنزوک)
- سینٹرل کینیڈا (کیوبیک اور اونٹاریو)
- پریری پراونسز (مینی ٹوبا، سسکیچیوان اور البرٹا)
- ویسٹ کوسٹ (برٹش کولمبیا)
- نارتھ (نیونا وَت، نارتھ ویسٹ ٹیریٹوریز اور یوکان)

p.18

## اولین باشندے اور امیگریشن

کینیڈا کے اولین باشندے تین ہیں: قدیمی باشندے، فرانسیسی اور برطانوی-

یورپی کھوج کاروں، پہلے پہل آنے والوں اور آبادکاروں کے آنے سے پہلے قدیمی باشندےکینیڈا میں آباد تھے- اس وقت، یہ اصطلاح تین گروہوں کیلئے استعمال کی جاتی ہے: First Nations (جنھیں بعض اوقات "انڈین" کہا جاتا ہے)، Inuit اور Métis - قدیمی باشندے کینیڈا بھر میں اپنی ہی کمیونٹیوں اور شہروں میں رہتے ہیں-

فرانسیسی آبادکار 1600ء اور 1700ء میں آئے، جب کہ انگریزی بولنے والے آبادکار 17ویں اور 20ویں صدیوں کے درمیانی عرصے میں برطانیہ، ویلز، اسکاٹ لینڈ اور آئرلینڈ سے آئے-

پچھلے 200 سالوں میں، متعدد نسلی اور مذہبی گروہوں کے لوگ نقل مکانی کرکے کینیڈا میں منتقل ہوئے ہیں- اس وقت، تقریباً 20 فیصد کینیڈین کینیڈا سے باہر پیدا ہوئے تھے- ٹورانٹو میں، یہ تعداد 45 فیصد سے زیادہ ہے-

انگریزی اور فرانسیسی کینیڈا کی دو سرکاری زبانیں ہیں- قانونی طور پر، وفاقی حکومت کو کینیڈا بھر میں لازمی طور پر انگریزی اور فرانسیسی دونوں زبانوں میں خدمات فراہم کرنا ہوتی ہیں-

p.21

## کینیڈا کا شہری بننا

جیسے ہی آپ کینیڈا میں پہنچتے ہیں، ویلکم ٹو کینیڈا سے مزید معلومات حاصل کریں- سیٹیزنشپ ٹیسٹ کی تیاری کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر مطالعے کی گائیڈ پڑھیں- cic.gc.ca یا findlink.at/cic-study

p.137



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 4 03/11/14 16:36

# حکومت

کینیڈا دونوں ہی آئینی بادشاہت اور وفاقی جمہوریت ہے- اس کا مطلب ہےکہ کینیڈاکی ریاستی سربراہ ملکہ یا بادشاہ ہوتا ہے، جب کہ حکومت کا سربراہ وزیراعظم ہوتا ہے- وفاقی اور صوبائی یا ٹیریٹوریل سطح کی حکومتوں کے درمیان کلیدی ذمہ داریاں تقسیم شدہ ہیں- کینیڈا کے شہری اپنے وفاقی، صوبائی اور میونسپل نمائندے عوامی ووٹ کے نظام کے ذریعے منتخب کرتے ہیں-

کینیڈا میں ملکہ یا بادشاہ کی نمائندگی گورنر جنرل (وفاقی) اور 10 لیفٹیننٹ گورنرز (صوبائی) کرتے ہیں-

p.24–25

## وفاقی حکومت

قومی دفاع، امورخارجہ، کرنسی اور بینکنگ، امپلائمینٹ انشورنس، پوسٹل سروس اور جرائم کا قانون جیسے مسائل- وزیراعظم وفاقی حکومت کا سربراہ ہوتا ہے- وفاقی حکومت کے نمائندگان ممبر آف پارلیمنٹ (یا ایم پیز *MPs*) کہلاتے ہیں-

## صوبائی/ ٹیریٹوریل حکومتیں

صوبائی/ ٹیریٹوریل حکومتیں صحت، تعلیم اور ذرائع آمدورفت جیسے مسائل حل کرتی ہیں- اونٹاریو میں، صوبائی حکومت کی انتظامیہ اونٹاریو لیجسلیچر (*Ontario Legislature*) کہلاتی ہے-صوبائی حکومت کے نمائندے ممبر آف پراونشل پارلیمنٹ (*Members of Provincial Parliament*) (یا ایم پی پیز) کہلاتے ہیں-

بلدیاتی حکومتیں ( آپ کی مقامی کمیونٹی یا شہرکی حکومت) مقامی خدمات فراہم کرتی ہیں جیسےکہ کوڑا کرکٹ اٹھانا اور تفریحی خدمات- بلدیاتی حکومت کے نمائندگان کونسلرز کہلاتے ہیں-

- کینیڈاکے نظام حکومت کے بارے میں مندرجہ ذیل ویب سائٹوں سے مزید معلومات حاصل کریں canada.gc.ca یا findlink.at/govcanada
- اونٹاریو کی حکومت کے بارے میں مندرجہ ذیل ویب سائٹوں سے معلومات حاصل کریں ontario.ca یا findlink.at/govontario
- اونٹاریو میں بلدیاتی حکومتیں کس طرح کام کرتی ہیں، اس پر مزید معلومات مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے حاصل کریں yourlocalgovernment.com

### غور طلب باتیں

میرا ایم پی کون ہے اور وہ عورت یا مردکن مسائل کے حل کیلئے کام کرتی/کرتا ہے؟

میرا ایم پی پی کون ہے اور وہ عورت یا مرد کن مسائل کے حل کیلئے کام کرتی/کرتا ہے؟


میں اپنے مقامی کونسلر سے کس طرح رابطہ کروں؟





OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 5 03/11/14 16:36



# اونٹاریو کے ساتھ تعارف

کینیڈا میں آنے والے تمام امیگرینٹس میں سے تقریباً آدھے اونٹاریو کو اپنا نیا گھر منتخب کرتے ہیں-[3] اونٹاریو اپنے رنگارنگ ثقافتی معاشرے پر فخر کرتا ہے اور یہ ایک بین الاقوامی کاروبار اور تجارت کا متنوع مرکز ہے-

## آبادی اور جغرافیہ

اونٹاریو آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ ہے (13 ملین سے زائد)- اونٹاریو میں رہنے والے زیادہ تر شہری مراکز میں رہتے ہیں جو صوبے کی جنوبی سرحدکے قریب، گریٹ لیکس (Great Lakes) کے فوری بعد واقع ہیں- عام طور پر، صوبے کے شمالی علاقوں میں قصبے اور کمیونٹیاں چھوٹی ہیں-

اونٹاریو میں شہروں اور قصبوں کے نام صوبےکی سیرحاصل قدیمی تاریخ اور وراثت کی عکاسی کرتے ہیں: اونٹاریو ایروکوین (Iroquoian) لفظ "کاناڈاریو (kanadario)" سے نکلا ہے، جس کا مطلب "خوبصورت جھیل" یا "چمکتادمکتا پانی" ہے-

10 صوبوں اور تین ٹیریٹوریز سے مل کر کینیڈا بنتا ہے- یہ آپ کو اس کے سائز کا اندازہ بتانے کیلئے ہے کہ، اونٹاریو تقریباً فرانس جتنا بڑا ہے اور تقریباً انڈیا کے سائز کے ایک تہائی کے برابر ہے-

حکومت اونٹاریوکی سیاحت سے متعلق سرکاری ویب سائٹ سے اونٹاریو میں سیر کی منصوبہ بندی کے بارے میں معلومات حاصل کریں: ontariotravel.net

اونٹاریو کے صوبائی پارک کی سیر کے ذریعے اونٹاریو کی قدرتی ماحولیات سے لطف اندوز ہوں- مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے مزید معلومات حاصل کریں provincialparks.ca

[3] ذرائع: Citizenship and Immigration Canada: cic.gc.ca or findlink.at/prstats



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 6 03/11/14 16:36






OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indd 7 03/11/14 16:36



## قدیمی باشندوں کی ثقافت

"قدیمی باشندے" شمالی امریکہ میں اصلی رہنے والے باشندوں اور ان کی اولادوں کا اجتماعی نام ہے- وہ اونٹاریو میں کم ازکم 7000 سال رہے-

کینیڈا کا آئین قدیمی لوگوں کے تین گروہوں کو تسلیم کرتا ہے: First Nations، Métis اور Inuit - یہ تین قسم کے واضح لوگ ہیں جن کی منفرد تاریخیں، زبانیں، ثقافتی طور طریقے اور روحانی اعتقادات ہیں- اونٹاریو میں First Nations لوگوں میں ایلگون کوئن بولنے والے Cree، Oji-Cree، Algonquin، Ojibwa، Odawa، Potawatomi اور Delaware شامل ہیں، ان میں آئروکوئن بولنے والی چھ قومیں(Mohawk، Oneida، Onondaga، Cayuga، Seneca اور Tuscarora) بھی شامل ہیں- Métis پہلی قوموں اور یورپی لوگوں کی مشترکہ نسل ہے، جو خودکو Métis کہلواتی ہے- Inuit قطب شمالی کینیڈا کے قدیمی باشندے ہیں، بمع نیوناوت، شمال مغربی ٹیریٹوریز، یوکان، شمالی کیوبیک اور لیبراڈور-

2009ء میں ماہ جون کو قومی قدیمی (Aboriginal) مہینہ قرار دیا گیا- ہر سال اونٹاریو کے رہنے والے اونٹاریو اور ملک بھر میں قدیمی ثقافت کے تہواروں میں شرکت کرتے اور قدیمی لوگوں کے زرخیز ورثے کے بارے میں علم حاصل کرتے ہیں-

2006ء کی مردم شماری کے مطابق، ایک ملین سے زیادہ لوگوں نے خودکو قدیمی لوگ ظاہرکیا- کینیڈا میں قدیمی باشندے مجموعی کینیڈین آبادی کا 2.8 فیصد ہیں-

اونٹاریو میں قدیمی باشندوں کی سب سے بڑی آبادی ہے- اس میں اس وقت تقریباً 300,000 پہلی قومیں آباد ہیں، Métis اور Inuit لوگ جو اونٹاریو میں رہتے ہیں وہ اونٹاریو کی کل آبادی کے دو فیصد کی نمائندگی کرتے ہیں اورکینیڈاکے قدیمی باشندوں کی کل آبادی کا تقریباً پانچواں حصہ ہیں- وہ محفوظ علاقوں، شہروں اور دیہی کمیونٹیوں میں رہتے ہیں- کچھ دور دراز کی کمیونٹیوں میں رہتے ہیں جہاں سارا سال صرف ہوائی سواری کے ذریعے یا سردیوں کے موسم میں برفانی سڑکوں کے ذریعے ہی پہنچا جاسکتا ہے- قدیمی باشندوں کی زیادہ شہری آبادی تھنڈر بے، سڈبری، سالٹ سینٹ مری (Sault Ste. Marie)، آٹوا اور ٹورانٹو میں آباد ہے-

قدیمی لوگوں کے بارے میں مزید معلومات کیلئے، مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں aadnc-aandc.gc.ca اور ontario.ca/ministry-aboriginal-affairs

## زبانیں

صوبے میں بولے جانے والی نہایت عام زبان انگریزی ہے اور کاروبار کیلئے بنیادی زبان ہے- اونٹاریو کی فرینکوفون (Francophone) کمیونٹیوں میں فرانسیسی زبان استعمال کی جاتی اور اونٹاریو کے اسکولوں کے تمام بچوں کو پڑھائی جاتی ہے- اگر آپ دونوں انگریزی اور فرانسیسی زبان روانی سے بولتے ہیں، تو آپ کو ملازمت کی تلاش میں آسانی ہوگی-

## معیشت

اونٹاریو ایک متنوع معیشت ہے- صوبے کے جنوبی حصے میں آپ کو سرمائے سے متعلق خدمات، میزبانی کی انڈسٹری، مینوفیکچرنگ، لائف سائنسز اور معلومات اور ٹیلی کمیونیکیشنز ٹیکنالوجی ملیں گی-

صوبےکے شمالی حصے میں، معیشت تاریخی طور پر قدرتی وسائل پر استوار ہے- اہم صنعت و حرفت جس میں کان کنی، جنگلات اور پن بجلی شامل ہیں-


اونٹاریو کی معیشت کے بارے میں مزید معلومات کیلئے Ministry of Finance کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں: www.fin.gov.on.ca یا findlink.at/economy



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 8 03/11/14 16:36

# آب و ہوا

## اونٹاریو کا ماہوار اوسط درجہ حرارت (ڈگری سینٹی گریڈ میں) [4]




[4] ذرائع: currentresults.com or findlink.at/091

### کیا آپ کو معلوم تھا؟

- ٹورانٹو انٹرنیشنل فلم فیسٹیول (ٹی آئی ایف ایف) ہر سال ستمبر کے مہینے میں منعقد ہوتا ہے اور دنیا میں فلموں کے سب سے نمایاں اور بڑے تہواروں میں سے ایک ہے-
- اونٹاریو میں 20 عوامی یونیورسٹیاں اور 24 اپلائیڈ آرٹس اینڈ ٹیکنالوجی کالج ہیں-
- اونٹاریو میں 1000 سے زیادہ ہوائی ٹربائنیں ہیں - یہ کینیڈا کو ہوائی پاورکا لیڈر بناتی ہیں-
- ایلگون کوئن پراونشل پارک اونٹاریوکا پہلا سب سے بڑا پارک ہے جسے 1893ء میں تشکیل دیاگیا تھا-

**ONTARIO QUICK FACTS**

*دارالخلافہ*

ٹورانٹو، کینیڈا کا سب سے بڑا شہر، جس کی آبادی تقریباً 4 ملین لوگوں پر مشتمل ہے

*سرکاری پھول*


سفید سوسن (White Trillium)

*سرکاری درخت*

ایسٹرن وائٹ پائن (Eastern White Pine)

*سرکاری پرندہ*

کامن لون (Common Loon)









OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 9 03/11/14 16:36



# آبادکاری کی ایجنسیاں

## جب آپ اونٹاریو میں پہنچ جاتے ہیں، تو آپ مقامی آبادکاری کی ایجنسی سے مدد حاصل کر سکتے ہیں- آبادکاری کی ایجنسیاں کمیونٹی کے ادارے ہیں جو نئے آنے والوں کی مدد کرتے ہیں- ان کی خدمات پوشیدہ ہوتی ہیں، ان کی کوئی لاگت نہیں ہوتی اور وہ بہت سی زبانوں میں دستیاب ہیں-

آبادکاری کا ورکر آپ کوکمیونٹی اور حکومت کی بہت سی مختلف خدمات کے بارے میں معلومات اور سمت بندی کی معلومات فراہم کرکے آپ کی مدد کر سکتا ہے- آپ رہائش گاہ، صحت کی نگہداشت، زبان کی تربیت، ملازمت کیسے تلاش کرنی ہے اور بہت سی دیگر دستیاب خدمات کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں-

آبادکاری کی بہت سی ایجنسیاں ایسے پروگراموں کی پیشکش کرتی ہیں جو آپ کی کمیونٹی سے آپ اور آپ کے خاندان کا رابطہ کروانے میں مدد کر سکتی ہیں-


اونٹاریو بھر میں نئے آنے والوں کیلئے آبادی کاری کی خدمات فراہم کرنے کیلئےکینیڈا اور اونٹاریو کی حکومتیں ان اداروں کیلئے سرمایہ فراہم کرتی ہیں-

### اپنے علاقے میں خدمات تلاش کرنا

- Settlement.org آپ کے علاقے میں کمیونٹی کی خدمات سے رابطےکے لنک فراہم کرتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ آپ کی آبادکاری کی تمام ضروریات کے بارے میں کارآمد معلومات فراہم کرتی ہے: settlement.org/findhelp
- Citizenship and Immigration Canada مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر آبادکاری کی ایجنسیوں کی فہرست فراہم کرتی ہے cic.gc.ca یا findlink.at/cic-serve
- Ontario Ministry of Citizenship and Immigration مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر آبادکاری کی ایجنسیوں کی ایک ایسی فہرست فراہم کرتی ہے جو آبادکاری کی خدمات پیش کرتی ہیں- ontarioimmigration.ca یا www.citizenship.gov.on.ca/english/newcomers/agencies.shtml
- مقامی خدمات کے بارے میں معلومات کیلئے آپ *211* ڈائل کر سکتے ہیں-



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 10 03/11/14 16:36



## مفید فون نمبر

**9-1-1 – ایمرجینسی**
جب آپ کو پولیس، آگ بجھانے والے عملے یا ایمبولینس کی ضرورت ہو، تو کسی بھی وقت ایمرجینسی صورت حال میں اپنے فون پر *911* ڈائل کریں- آپریٹر آپ سے آپ کا مکمل پتہ بمع پوسٹل کوڈ پوچھےگی/گا- 170 زبانوں میں ترجمان دستیاب ہیں-

*911* صرف ایک ایمرجینسی سروس ہے-

**2-1-1 – خدمات**
اپنے علاقے میں کمیونٹی اور سماجی خدمات کے بارے معلومات اور حوالہ جات حاصل کرنے کیلئے *211* ڈائل کریں- یہ سروس150 سے زائد زبانوں میں 24گھنٹے، سال میں 365 دن دستیاب ہے- *211* پرکال کرنا مفت اور مکمل طور پر پوشیدہ ہے- اس سروس کے بارے میں مزید معلومات کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں www.211ontario.ca

**سروس اونٹاریو انفولائن (ServiceOntario INFOline)**
حکومت کی کسی بھی خدمت کے بارے میں معلومات حاصل کرنے اور یہ معلوم کرنے کیلئے کہ آپ کا مقامی سروس اونٹاریو سینٹر کہاں واقع ہے *1-800-267-8097* پر کال کریں- آپ کو اپنے OHIP کارڈ کی درخواست دینے، ڈرائیورز لائسینس حاصل کرنے اور اپنی گاڑی کیلئے لائسینس پلیٹ لینےکیلئے سروس اونٹاریو سینٹر پر جانے کی ضرورت پڑے گی-

**سروس کینیڈا انفولائن (Service Canada INFOline)**
امیگریشن، ٹیکسیشن، سیٹیزنشپ، امپلائمینٹ انشورنس، اپنے سوشل انشورنس نمبر یا کسی بھی دیگر وفاقی پروگرام یا خدمت سے متعلق معلومات کیلئے *1-800-622-6232* پر کال کریں-

**ڈائریکٹری اسسٹینس (Directory Assistance)**
کسی بھی رہائشی یا کاروباری فون نمبر کی تلاش کیلئے *411* ڈائل کریں- لینڈ لائن سے کال کرنے کیلئے اس خدمت کی فیس عام طور پر 50 سینٹس اور سیل فون سے کال کرنے کی صورت میں 1.50 ڈالر ہے-

## کارآمد ویب سائٹیں

ontarioimmigration.ca
Ontario Ministry of Citizenship and Immigration
- سرکاری ویب سائٹ- نئے آنے والوں کی آبادکاری، زبان کی ٹریننگ اور برج ٹریننگ (bridge training) پروگراموں کے بارے میں معلومات حاصل کریں- برج ٹریننگ پروگرامز آپ کو اونٹاریو میں اپنے کیریئر یا پیشے میں کام کرنے کیلئے تیارکریں گے-

cic.gc.ca
Citizenship and Immigration Canada - سرکاری ویب سائٹ- آبادکاری کے بہت سے موضوعات کے بارے میں لنکس اور ویڈیوز اور اس کے ساتھ ساتھ ”لیونگ ان کینیڈا Living in Canada“ ٹول، حاصل کریں جو آبادکاری کا ذاتی منصوبہ تیار کرنے میں مدد کرتا ہے- مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں findlink.at/livingcana

settlement.org
اس ویب سائٹ پر آبادکاری سے متعلق وسیع پیمانےکی متعدد معلومات حاصل کریں- اس میں یہ بھی شامل ہے کہ آبادکاری کی مقامی خدمات کہاں سے حاصل کرنا ہیں-

servicecanada.gc.ca
یہ ویب سائٹ حکومت کینیڈا کے بہت سے پروگراموں اور خدمات تک رسائی فراہم کرتی ہے- آپ نئے آنے والوں کیلئے مخصوص معلومات مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے حاصل کر سکتے ہیں findlink.at/ncservices

serviceontario.ca
اونٹاریو کے پروگراموں اور خدمات کے بارے میں معلومات حاصل کریں، جس میں ملازمت، تعلیم، تربیت اور ڈرائیونگ پر معلومات بھی شامل ہیں-

yellowpages.ca
اس ویب سائٹ پر رہائشی، کاروباری اور حکومتی ٹیلیفون نمبر حاصل کریں- آپ ٹیلیفون ڈائریکٹری کی ایک چھپی ہوئی نقل بھی وصول کریں گے (جو فون بک کہلاتی ہے)، یہ اونٹاریو میں رہنے والے تمام رہائشیوں کو مفت دستیاب ہے- اگر آپ کو فون بک کی ضرورت ہے، تو مندرجہ ذیل نمبر پرکال کریں *1-800-268-5637*.

inmylanguage.org
یہ ویب سائٹ آبادکاری کی معلومات انگریزی، فرانسیسی، عربی، چینی، گجراتی، تگالوگ، پنجابی، روسی، ہسپانوی، تامل اور اردو میں فراہم کرتی ہے-

cic.gc.ca/english/newcomers/credentials
یہ ویب سائٹ ایسے بین الاقوامی تعلیم یافتہ کام کرنے والے افراد کی مدد کیلئے معلومات اور خدمات فراہم کرتی ہے جو اپنی تعلیم کے لئے مناسب تصدیق حاصل کرتے ہیں-



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 11 03/11/14 16:36

OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 12 03/11/14 16:36

# اپنی نئی کمیونٹی میں رہنا

اونٹاریو میں روزمرہ کی رہائش، بشمول صحت کی نگھداشت تک رسائی کیسے حاصل کرنی ہے، رہائش گاہ کی تلاش اور کمیونٹی کے تفریحی پروگرام، یہ معلوم کرنا کہ گھرکیلئے سوداسلف کہاں سے خریدنا ہے اور آمدورفت کے بہت سے ذرائع کیسے استعمال کرنا ہیں- آپ اپنے بنیادی حقوق اور قانونی خدمات کیسے حاصل کرنی ہیں، کے بارے میں بھی معلومات حاصل کریں گے- جیسے ہی آپ ان خدمات کا کھوج لگالیں گے، آپ کی نئی کمیونٹی جلد ہی ایسی جگہ بن جائے گی جسے آپ گھر کہتے ہیں-


**14**
صحت کی نگھداشت

**17**
صارفین کی خدمات

**18**
رہائش گاہ

**21**
کمیونٹی میں شراکت

**22**
ذرائع آمدورفت

**24**
قانونی حقوق اور خدمات

**26**
آبادکاری کا منصوبہ






# صحت کی نگہداشت

وفاقی، صوبائی اور ٹیریٹوریل حکومتیں کینیڈا کے صحت کی نگہداشت کے نظام کو چلانے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں- صحت کی نگہداشت کی خدمات فراہم کرنا صوبائی اور ٹیریٹوریل حکومتوں کی ذمہ داری ہے- کینیڈا کا نیشنل ہیلتھ انشورنس پروگرام (جسے میڈی کیئر Medicare کہا جاتا ہے) یہاں کے ہر رہائشی کو ہسپتالوں اور ڈاکٹروں تک ادائیگی شدہ رسائی فراہم کرتا ہے-

## ہیلتھ انشورنس

حکومت اونٹاریو صوبے کے رہائشیوں کو اونٹاریو ہیلتھ انشورنس پلان (OHIP)کے ذریعے صحت کی ہمہ گیر نگہداشت فراہم کرتی ہے- یہ پلان بنیادی طبی خدمات کی ادائیگی کرتا ہے جیسےکہ فیملی ڈاکٹرکو دکھانا اور ایمرجینسی طبی نگہداشت- بحیثیت کینیڈین شہری یا مستقل رہائشی، آپ اس پروگرام کیلئے اپنے انکم ٹیکس کے ذریعے ادائیگی کرتے ہیں-

اوہپ (OHIP) کا حصہ ہونےکیلئے، آپ کو لازمی طور پر OHIPکارڈ لینا پڑتا ہے (جسے اکثر آپ کا ہیلتھ کارڈ) کہا جاتا ہے اور جب بھی آپ طبی خدمات حاصل کرتے ہیں آپ کو اسے دکھانا پڑتا ہے- کارڈ یہ ثبوت فراہم کرتا ہےکہ آپ اونٹاریو میں صحت کی خدمات حاصل کرنےکے اہل ہیں-

Ontario Ministry of Health and Long-term Care کی ویب سائٹوں پر ان مختلف خدمات کی تفصیلات پڑھیں جن کیلئے OHIP ادائیگی کرتی ہے-
health.gov.on.ca یا findlink.at/healthont

**اوہپ (OHIP) صحت کی ہر قسم کی نگہداشت کی ضروریات کیلئے ادائیگی نہیں کرتا- مثال کے طور پر، یہ دانتوں کے علاج کی خدمات یا نسخے والی ادویات کیلئے ادائیگی نہیں کرتا-**

**کچھ امپلائر ہیلتھ بینافٹ پلانز فراہم کرتے ہیں جو ان اضافی اخراجات کی ادائیگی میں مدد دیتے ہیں- مختلف امپلائر مختلف ادائیگیوں میں مدد کرتے ہیں- صحت کی نگہداشت کے ایسے اخراجات جس کیلئے OHIP ادائیگی نہیں کرتا، آپ اپنی ذاتی انشورنس بھی خرید سکتے ہیں-**

**اگر آپ کے پاسOHIP کی کوریج نہیں ہے، تو ممکن ہےکہ آپ محدود خدمات کیلئے کسی کمیونٹی ہیلتھ سینٹرتک رسائی حاصل کرنےکے قابل ہوں- ذرائع کیلئے اگلے صفحے پر دیکھیں-**

مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر اونٹاریو میں ہیلتھ کیئر کے بارے میں معلومات حاصل کریں:

- health.gov.on.ca یا findlink.at/ohip-info
- settlement.org یا settlement.org/topics.asp?section=he



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 14 03/11/14 16:36

## اپنا اونٹاریو ہیلتھ انشورنس پلان کارڈ حاصل کرنا

جیسے ہی آپ کے پاس ضروری کاغذات ہوں آپ کو OHIP کارڈکیلئے درخواست دے دینی چاہیئے- تاہم، آپ کو کینیڈا پہنچنےکے بعد تین مہینے تک انتظار کرنا پڑےگا- انتظارکا یہ عرصہ آپ کے لینڈنگ ریکارڈ پر دی گئی تاریخ سے شروع ہوتا ہے-

OHIP کارڈکی درخواست دینےکیلئے، اپنے نزدیکی سروس اونٹاریو (ServiceOntario) سینٹر پر جائیں- دو دوسری شناختی دستاویزات کے ساتھ اوپر کیلئے اہلیت والی سیٹیزنشپ یا امیگریشن کی دستاویزات ہمراہ لے کر جائیں- ان دستاویزات کی فہرست مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر فراہم کی گئی ہے- settlement.org یا findlink.at/hc-docs




اپنا نزدیکی ServiceOntario سینٹر تلاش کرنےکیلئے:

- ServiceOntario INFOline کو مندرجہ ذیل نمبر پرکال کریں *1-800-267-8097* یا
- ServiceOntario کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں serviceontario.ca یا findlink.at/mto-office

انتظار کے عرصےکے دوران آپ محدود سروسز کیلئےکمیونٹی ہیلتھ سینٹر تک رسائی حاصل کرنےکے قابل ہو سکتے ہیں- متبادل صورت میں، آپ ذاتی ہیلتھ انشورنس خرید سکتے ہیں- صفحے کے اطراف میں ذرائع دیکھیں-

## رفیوجیوں اور پروٹیکٹڈ (PROTECTED) افرادکیلئے صحت کی نگہداشت

OHIP کیلئے تین مہینے کے انتظار کے عرصے کے دوران، صحت کی نگہداشت وفاقی عبوری ہیلتھ پروگرام کے ذریعے مندرجہ ذیل لوگوں کو دستیاب ہے:

- پروٹیکٹڈ افراد
- رفیوجی دعویدار جو نامزد ملکوں کے باشندے نہ ہوں
- کسی نامزد ملک کے باشندے جو رفیوجی ہونے کے دعویدار ہو ں جنھوں نے اپنا دعویٰ 15 دسمبر، 2012ء سے پہلے داخل کیا ہو-

صحت کی محدود نگہداشت مسترد شدہ رفیوجی ہونےکے دعویداروں اور نامزدہ ملکوں کے باشندوں کے رفیوجی دعویداروں کو فراہم کی جاتی ہے-

عبوری وفاقی صحت کے پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کیلئے، مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں cic.gc.ca یا findlink.at/ifhp

## آپ کا فیملی ڈاکٹر

آپ کا فیملی ڈاکٹرآپ کی خاندانی صحت اور فلاح و بہبود میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے- اگر آپ بیمار ہو جائیں یا آپ کو کسی طبی مشورے کی ضرورت ہو تو وہ عورت یا مرد عام طور پر پہلا فرد ہوتا جس سے آپ رابطہ کرتے ہیں اور اگر ضروری ہو تو وہ آپ کو کسی میڈیکل اسپیشلسٹ کے پاس بھیجےگا- تاہم، اونٹاریو کے کچھ علاقوں میں فیملی ڈاکٹر تلاش کرنا مشکل ہو سکتاہے- ابتداکیلئے ذیل میں کچھ طریقے دئیےگئے ہیں:

- اپنے علاقے میں فیملی ڈاکٹر کی تلاش کیلئے Ontario Ministry of Health and Long-Term Care کی فراہم کردہ ہیلتھ کیئرکنیکٹ (Health Care Connect) کی خدمت تک رسائی حاصل کریں- ہیلتھ کیئر کنیکٹ ہاٹ لائن کو مندرجہ ذیل نمبر پر کال کریں *1-800-445-1822* یا مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں ontario.ca یا findlink.at/hc-connect
- College of Physicians and Surgeons of Ontario کی ویب سائٹ پر "Doctor Search" کو استعمال کریں- اس کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں cpso.on.ca
- اپنے آبادکاری کے کونسلر سے بات چیت کریں-
- تجاویز کیلئے اپنے خاندان اور دوستوں سے پوچھیں-

### ٹیلی ہیلتھ اونٹاریو (Telehealth Ontario)

کسی نرس سے صحت کے غیر ایمرجینسی مشورے کیلئے، دن میں 24 گھنٹے ہفتے کے ساتوں دن کسی بھی وقت مندرجہ ذیل نمبر پر کال کریں *1-866-797-0000* یہ سروس انگریزی و فرانسیسی اور 110 دوسری زبانوں میں دستیاب ہے- معذور افرادکیلئے ٹی ٹی وائی (TTY) لائن دستیاب ہے: *1-866-797-0007*.

### واک ان میڈیکل سینٹرز (Walk-in Medical Centres)

اگر آپ کا کوئی فیملی ڈاکٹر نہیں ہے یا آپ اپوائنٹمینٹ کیلئے انتظار نہیں کر سکتے، تو کسی مقامی واک ان کلینک پر چلے جائیں- آپ کو اپنا OHIP کارڈ دکھانےکی ضرورت ہوگی- Health Care Options پر اپنا نزدیکی کلینک تلا ش کریں: www.ontario.ca یا findlink.at/hcoptions

### کمیونٹی ہیلتھ سینٹرز (Community Health Centres)


کمیونٹی ہیلتھ سینٹر تلاش کرنے اور مزید معلومات کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں: health.gov.on.ca یا findlink.at/healthcare

### دندان سازی

Ontario Dental Association کی فراہم کردہ دندان سازی کی خدمت تک رسائی حاصل کریں: youroralhealth.ca یا findlink.at/013

### پرائیویٹ ہیلتھ انشورنس (Private Health Insurance)

پر ییلو پیجز ملاحظ کریں yellowpages.ca





OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 15 03/11/14 16:36

## غور طلب باتیں

*مجھے خاندانی ڈاکٹر کیسے تلاش کرنا ہے؟*

*مجھے دندان ساز کیسے تلاش کرنا ہے؟*

*میرا نزدیکی واک ان میڈیکل سینٹر کہاں پر واقع ہے؟*

*میرا نزدیکی کمیونٹی ہیلتھ سینٹرکہاں پر واقع ہے؟*

*OHIP کن خدمات کی ادائیگی نہیں کرتی؟*

*ان خدمات کے اخراجات کتنے ہیں جن کی ادائیگی OHIP نہیں کرتی؟*

*کیا میرے امپلائرکا کوئی ایسا ہیلتھ انشورنس پلان ہے جو دانتوں اور/یا ڈاکٹری نسخے والی ادویات کی قیمتوں کی ادائیگی کرتا ہو؟*

*جب میں کینیڈا سے باہر سفرکروں گا، تو کیا OHIP وہی طبی اخراجات اداکرےگی؟*

### دندان سازی

OHIP عام طور پر دانتوں کی خدمات کیلئے ادائیگی نہیں کرتا، اگرچہ وہ دانتوں کی کچھ مخصوص خدمات کیلئے ادائیگی کرتا ہے لیکن وہ خدمات لازمی طور پر کسی ہسپتال میں فراہم کی گئی ہوں۔

آپ اپنے مقامی پبلک ہیلتھ یونٹ کے ذریعے اپنے 17 سال سےکم عمر بچوں کیلئے دانتوں کی خدمات بلا کسی ادائیگی حاصل کر سکتے ہیں۔ ہیلتھی سمائلز اونٹاریو (Healthy Smiles Ontario) پروگرام کے بارے میں مزید جاننےکیلئے، مندرجہ ذیل نمبر پرکال کریں *1-800-268-1153* یا Ontario Ministry of Health and Long-Term Care کی ویب سائٹوں پر جائیں health.gov.on.ca یا findlink.at/smiles-ont

چلڈرن ان نیڈ آف ٹریٹمینٹ (Children in Need of Treatment) پروگرام کم آمدنی والے خاندانوں کے 17 سال سے کم عمر بچوں کو دانتوں کا ایمرجینسی اور ضروری علاج فراہم کرتا ہے۔ مزید معلومات کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں۔ www.mhp.gov.on.ca یا findlink.at/cinot

### طبی ایمرجینسیاں

اگر آپ کو فوری، ممکنہ طور پر زندگی کو خطرے والی طبی ایمرجینسی درپیش ہے، تو کسی بھی وقت اپنے ٹیلیفون سے *911* ڈائل کریں۔ آپ کا ایک آپریٹر سے رابطہ قائم ہو جائےگا جو آپ کے موجودہ مقام پر ایک ایمبولینس بھیج دےگی/گا۔ ایمبولینس کا عملہ پیرا میڈکس پر مشتمل ہوتا ہے جو فوری علاج فراہم کر سکتا ہے۔ ایمرجینسی کال سینٹرز 170 سے زائد زبانوں کیلئے ترجمان فراہم کر سکتے ہیں۔

آپ نزدیکی ہسپتال کے ایمرجینسی روم میں بھی جا سکتے ہیں - یہ عام طور پر دن میں 24 گھنٹے اور ہفتے کے ساتوں دن کھلے ہوتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس OHIPکی کوریج نہیں ہے، تو جو بھی خدمت آپ حاصل کریں گے اس کی قیمت اداکرنا ہوگی۔

### حفاظتی ٹیکے

بالغ افراد اور بچوں کو مختلف بیماریوں سے بچانےکیلئے اونٹاریو میں حفاظتی ٹیکوں (یا *امیونائزیشن*) کا ایک پروگرام ہے۔ اگر آپ یا آپ کے بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگ چکے ہیں، تو جب آپ اونٹاریو میں آئیں تو اپناحفاظتی ٹیکے لگنےکا ریکارڈ ہمراہ لائیں۔

اگر آپ یا آپ کے بچوں نے حفاظتی ٹیکے نہیں لگوائے، تو اپنے فیملی ڈاکٹر سے یا کمیونٹی ہیلتھ سینٹر پر عملے سے بات کریں تاکہ آپ کو علم ہو کہ آپ کو کونسے حفاظتی ٹیکے لگوانےکی ضرورت ہے۔ ممکن ہےکہ آپ کو اپنے بچےکے اسکول کو اپنے بچےکے حفاظتی ٹیکوں کا ریکارڈ فراہم کرنا پڑے۔

اونٹاریو کے ویکسی نیشن پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کیلئے، Ministry of Health and Long-Term Care کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں health.gov.on.ca یا findlink.at/immuneinfo

p.102



### دماغی صحت کی نگہداشت

نفسیاتی امراض کے ماہر ڈاکٹروں سے علاج کیلئے اوہپ ذہنی صحت کی نگہداشت کی خدمات کی ادائیگی کرتا ہے۔ ایسی خدمات جو ماہرنفسیات، سوشل ورکرز اور دیگر کونسلرز فراہم کرتے ہیں OHIP ان کیلئے ادائیگی نہیں کرتا تاوقتیکہ آپ یہ خدمات حکومتی سرمائے کی مدد سے چلنے والی ایجنسی کے ذریعے حاصل کریں جیسے کہ مینٹل ہیلتھ آرگنائزیشن، ہسپتال یا کمیونٹی ہیلتھ سینٹر۔

اونٹاریو میں دماغی صحت کی نگہداشت کی خدمات کے بارے میں معلوم کرنےکیلئے، اونٹاریو کی مینٹل ہیلتھ ہیلپ لائن پرکال کریں *1-866-531-2600* یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں www.mhsio.on.ca

دماغی بیماری والےلوگوں کیلئے ، منشیات کے عادی یا جوا کھیلنےکی عادت کے مسائل میں مبتلا لوگوں کیلئے فون کی مفت ہیلپ لائنز تک رسائی کی خاطر کونیکس اونٹاریو (ConnexOntario) کی مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں: connexontario.ca

### طبی نگرانی

بحیثیت رہائشی کینیڈا پہنچنے سے پہلے، شاید آپ کا طبی معائنہ ہوا ہو جس سے آپ کو یہ معلوم ہوا کہ پہنچنے پر آپ کا ایک اور معائنہ ہوگا۔ اسے طبی نگرانی کہا جاتا ہے اور یہ اس بات کو یقینی بنانےکیلئے ہے کہ آپ کی صحت اچھی ہے۔

اگر آپ کے ساتھ ایسا ہے، تو آپ کو اپنے علاقے میں پبلک ہیلتھ اتھارٹی سے اونٹاریو پہنچنےکے 30 دنوں کے اندر لازمی طور پر رابطہ کرنا چاہیئے۔ اگر آپ اس کی اطلاع نہیں دیں گے، تو ممکن ہےکہ آپ کی امیگریشن کے طریقہ کار میں مسائل پیدا ہو جائیں۔ اپنے مقامی پبلک ہیلتھ یونٹ کا محل و وقوع جاننےکیلئے، مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں health.gov.on.ca یا findlink.at/ph-units

p.103



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 16 03/11/14 16:36

# صارف کی خدمات

## عام سی اشیاء ہر قسم کا فرق پیدا کر سکتی ہیں۔ فون حاصل کرنا، انٹرنیٹ تک رسائی اور یہ معلوم کرنا کہ کھانے پینے کی اشیاء کی خریداری کہاں سے کرنی ہے، یہ تمام آپ کی آبادکاری کے اہم حصے ہیں۔

### صارف کی آگاہی

اونٹاریوکی مارکیٹیں مفید اشیاء اور خدمات سے بھری پڑی ہیں۔ ایسے قوانین جو صارفین اور کاروبار دونوں کو تحفظ فراہم کرتے ہیں وہ صارف کی خرید و فروخت کی زیادہ تر ٹرانزیکشنوں یعنی لین دین کی نگرانی کرتے ہیں۔

وفاقی، صوبائی اور ٹیریٹوریل حکومتوں نے مل کر کینیڈین کنزیومر ہینڈ بک (*Canadian Consumer Handbook*) تیارکی ہے تاکہ آپ کو زیادہ باخبر صارف بنانے میں مدد کی جائے۔ یہ ایسے موضوعات پر معلومات پیش کرتی ہے جیسے کہ آن لائن شاپنگ، بینکنگ، رہائش گاہ اور گھرکی تجدید و مرمتیں۔ Ontario Ministry of Consumer Services صارف کے تحفظ کا بندوبست کرتی ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے، مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں www.sse.gov.on.ca یا findlink.at/consrights

### فون اور انٹرنیٹ کی سروسز

شہری علاقوں میں، فون اور انٹرنیٹ سروسز کے بہت سے انتخابات موجود ہیں۔ دیہی علاقوں میں انتخابات قدرے کم ہیں۔

بہت سی کمپنیاں آپ کے فون (موبائل فون یا لینڈ لائن)، انٹرنیٹ اور کیبل سروسزکو ملا کر ایک بنڈل کی صورت میں رعائتی پیکیج کے طور پر پیش کرتی ہیں۔ فیملی پلانز بھی موبائل فون سروسز کے بنڈل کی صورت میں پیسے کی بچت کا ایک اچھا طریقہ ہیں۔ دور دراز دوسرے شہروں اور بین الاقوامی کالیں کرنےکیلئےکارڈز بھی ایک انتخاب ہیں۔

اس سے پہلے کہ آپ دستخط کریں، معاہدے کی تفصیلات کو غور سے پڑھیں اور انہیں سمجھیں۔

اونٹاریو بھر میں بہت سی عوامی لائبریریاں آپ کے لائبریری کارڈ پر انٹرنیٹ کی مفت سروس پیش کرتی ہیں۔ اگر آپ کے پاس پہلے ہی سے وائرلیس لیپ ٹاپ کمپوٹر موجود ہے، تو آپ ایسی جگہوں پر جا سکتے ہیں جو مفت وائرلیس انٹرنیٹ تک رسائی پیش کرتی ہیں (جنہیں وائی فائی ہاٹ سپاٹس *Wi-Fi hotspots* بھی کہا جاتا ہے)، جیسےکہ کافی ہاؤسز اور ریستوران ہیں۔

### ڈاک کی سروس

Canada Post ایک قومی پوسٹل سروس ہے جو زیادہ تر قصبوں، شہروں اور دیہی مراکز میں پرچون کے اسٹوروں میں ہوتے ہیں۔ آپ ان میں سے کسی بھی مقام سے پیکیجز بھیج سکتے اور وصول کر سکتے ہیں۔ آپ ای پوسٹ (epost) کے ذریعے آن لائن اپنے بلز دیکھ اور ان کی ادائیگی کر سکتے ہیں۔ مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں www.epost.ca/service/landingPage.a

### غذا کی خریداری

گروسری اسٹوروں پر تازہ غذا اور گروسری کی دیگر مصنوعات بڑے پیمانے پر موجود ہوتی ہیں۔ آپ چھوٹے کنوینیئنس اسٹوروں سے بھی غذا خرید سکتے ہیں (جہاں عام طور پر وہ زیادہ مہنگی ہوتی ہیں) جنہیں کارنر اسٹورز کہا جاتا ہے، یا پھلوں اور سبزیوں کے چھوٹے اسٹوروں، قصابوں کی دکانوں یا بیکریوں سے غذائی اشیاء کی خریداری کر سکتے ہیں۔ بہت سے علاقوں میں، آپ فارمرز مارکیٹوں سے مقامی غذائی پیداوار خرید سکتے ہیں۔

### ٹپ دینا

لوگ اکثر اوقات اس شخص کو پیسوں سے بخشیش دیتے ہیں جو ان کی ریستورانوں، بارز، ہوٹلوں اور ٹیکسیوں میں سفر کے ذریعے خدمت کرتے ہیں۔ ٹپ دینا ضروری نہیں ہے، لیکن یہ اچھی خدمت کیلئے آپ کی حوصلہ افزائی کو ظاہر کرنے کا ایک طریقہ ہے۔

ٹپ عام طور پر آپ کے بل کا 10 سے 15 فیصد ہوتی ہے۔

p.106

**غذا کی فوری ضرورت**

**اگر آپ غذا خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتے، تو آپ مقامی فوڈ بینک سے مفت غذا حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنے آبادکاری کے کونسلر سے بات چیت کریں یا اونٹاریو ایسوسی ایشن آف فوڈ بینکس (Ontario Association of Food Banks) کو اس نمبر پرکال کریں *1-866-220-4022*۔ مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں۔ oafb.ca/search یا findlink.at/foodbanks۔ کسی آبادکاری کے کونسلر کی تلاش کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں settlement.org/index.asp**

**کینیڈین کنزیومر ہینڈ بک (Canadian Consumer Handbook)**
consumerhandbook.ca

**کینیڈا پوسٹ (Canada Post)**
canadapost.ca
*1-866-607-6301*

**فون اینڈ انٹرنیٹ سروسز (Phone & Internet Services)**
settlement.org or findlink.at/dailylife

**فارمرز مارکیٹس (Famers' Markets)**
farmersmarketsontario.com





OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 17 03/11/14 16:36



# رہائش گاہ

## تمام نئے آنے والوں کی پہلی فکر رہائش گاہ ہوتی ہے: ایک آرام دہ، قابل برداشت مصارف والی جگہ جسے گھرکہا جا سکے آبادکاری کا ایک اہم حصہ ہے-

### عارضی رہائش گاہ

جب آپ کینیڈا پہنچتے ہیں، جس دوران آپ کرائے پر یا خریدنےکیلئےکوئی اپارٹمینٹ، کانڈو یا گھر دیکھ رہے ہوتے ہیں تو آپ کو رہنے کیلئے ایک عارضی جگہ کی ضرورت ہوتی ہے- کسی ہوٹل میں رہنے کے مقابلے میں کوئی ہوسٹل کم قیمت کا متبادل ہوتا ہے- ہوسٹل یا تو ذاتی رہائشی کمرے فراہم کرتے ہیں یا کسی بڑے کمرے میں بستر فراہم کرتے ہیں جہاں آپ کو دوسرے لوگوں کے ساتھ مل کر رہنا پڑتا ہے- آپ غسلخانہ اور باورچی خانہ بھی دوسروں کے ساتھ شیئرکرتے ہیں- کسی ہوسٹل یا ہوٹل تلاش کیلئے:

- ییلو پیجز میں دیکھیں: yellowpages.ca
- وہ شہر یا قصبہ جہاں آپ آباد ہوں گے اس کی سیاحت سے متعلق ویب سائٹ انٹرنیٹ پر تلاش کریں اور دستیاب خالی جگہوں کی فہرستیں دیکھیں-
- کینیڈا کا سیاحت سے متعلق رہنما کتابچہ خریدیں جس میں ہوٹل اور ہوسٹل کی فہرستیں موجود ہوتی ہیں-

p.87

### اونٹاریو میں کس قسم کی رہائش گاہیں موجود ہیں

- کرائے کے اپارٹمینٹ - کسی بلڈنگ یا گھر میں ایک، دو، یا تین کمروں والا اپارٹمینٹ؛ بیچلر یونٹس میں ایک ہی کمرہ ہوتا ہے جو لونگ ایریا اور سونے کے کمرے دونوں کے طور پر استعمال ہوتا ہے- تمام اپارٹمینٹوں میں باورچی خانے اور غسلخانے ہوتے ہیں-
- کرائے پر کمرہ - کبھی کبھی بڑے بڑے گھروں کو کئی سونے کے ذاتی کمروں میں تقسیم کیا گیا ہوتا ہے جنھیں الگ الگ افراد کو کرائے پر دیا جاتا ہے اور وہ باورچی خانہ اور غسل خانہ آپس میں شیئر کرتے ہیں؛ انھیں کبھی کبھی رومنگ ہاؤسز بھی کہا جاتا ہے-
- کانڈومینیئم (کانڈو) - زیادہ تر کانڈو بلندوبالا عمارتوں میں ہوتے ہیں جن میں کئی یونٹ ہوتے ہیں- ان کا مالک ان کی دیکھ بھال کی ماہانہ فیس ادا کرتا ہے-
- گھر - ڈیٹیچڈ گھروں کی دیواریں دوسرے گھروں کے ساتھ آپس میں ملی ہوئی نہیں ہوتیں ان کے اردگرد پراپرٹی ہوتی ہے؛ سیمی ڈیٹیچڈ گھروں کی ایک طرف کی دیوار دوسرے گھر کے ساتھ مشترک ہوتی ہے؛ ٹاؤن ہاؤسز میں دنوں اطراف کی دیواریں دوسرے گھروں کے ساتھ مشترک ہوتی ہیں-

p.88





OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 18 03/11/14 16:36

## کرائے پر لینا

کرائے پر رہائش گاہ تلاش کرنے کا سب سے عام طریقہ اپنی کمیونٹی کے اخبار میں کلاسیفائیڈ اشتہارات دیکھنا ہے: newspaperscanada.ca یا findlink.at/newspapers

آپ مندرجہ ذیل بھی کر سکتے ہیں:

- بلڈنگوں پر "Apartment Available" یا "For Rent" کے سائن دیکھنے کیلئے مختلف ہمسائیگیوں میں گھومیں پھریں۔
- دوستوں، رشتہ داروں اور ساتھ کام کرنے والوں سے پوچھیں۔
- لائیبریریوں، گروسری اسٹوروں اور کمیونٹی سینٹروں میں بلیٹن بورڈ جن پر اشتہارات چسپاں ہوتے ہیں ان پر دیکھیں۔
- مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں viewit.ca

اونٹاریو میں کرائے پر رہائش گاہ کے بارے میں مزید معلومات کیلئے، صفحے کے سائڈ پر انفرمیشن بار میں درج ویب سائٹوں پر جائیں۔

**صوبے بھر میں گھروں کے کرائے کی قیمتیں مختلف ہیں۔ عام طورپر، چھوٹے شہروں یا قصبوں کے مقابلے میں بڑے شہری علاقوں میں رہائش کی قیمتیں زیادہ ہیں۔ بڑے شہر جیسے کہ ٹورانٹو میں ہمسائیگیوں میں بھی بڑا فرق ہو سکتا ہے۔ کینیڈا کے زیادہ تر ماہرین کا کہنا ہے کہ آپ کو اپنی آمدنی کا 30 فیصد سے زیادہ رہائش پرخرچ نہیں کرنا چاہیئے۔**

## لیز پر دستخط کرنا

بہت سے مالک مکان لیز کا مطالبہ کرتے ہیں، جو ایک قانونی معاہدہ ہوتا ہے۔ آپ کی لیز میں آپ کے کرائے سے مطلق معاہدے کی مدت (عام طور پر 12 ماہ)، کرائےکی قیمت اور آپ کے کرائے میں جو کچھ بھی شامل ہو سکتا ہے درج ہونا چاہیئے جیسے کہ پارکنگ، کیبل، بجلی یا گیس۔

بہت سے مالکان مکان ایک ماہ کے کرائے کے برابر رقم جمع کروانے کا مطالبہ بھی کرتے ہیں۔ اس رقم کو آپ کے آخری ماہ کا کرایہ کے طور پر لیا جائےگا۔

## کرائےکی ادائیگی

عام طور پر، آپ اپنا کرایہ تین طریقوں میں سے کسی ایک کے ذریعے ہر ماہ کے پہلے دن ادا کرتے ہیں:

- نقد - آپ اپنی پوری رقم کی ادائیگی کی رسید ضرور حاصل کریں۔
- قبل از وقت کی تاریخوں کے چیک - ایسے چیک جن پر مستقبل کے دنوں کی تاریخیں لکھی جاتی ہیں، اور جو ان تاریخوں سے پہلےکیش نہیں کروائے جا سکتے۔ آپ کا مالک مکان آپ کی لیز کے عرصے کیلئے قبل از وقت کی تاریخوں کے چیکوں کا مطالبہ کر سکتا ہے۔
- سرٹیفائیڈ چیک - ایسے چیک جو آپ کے بینک کی جانب سے گارنٹی شدہ ہوتے ہیں۔ آپ کا مالک مکان آپ کے پہلے اور آخری ماہ کے کرائے کیلئے سرٹیفائیڈ چیکوں کا مطالبہ کر سکتا ہے۔

p.93

## کرائے پر لینا: حقوق اور ذمہ داریاں

ریزیڈینشل ٹیننسیز ایکٹ (آر ٹی اے) [*Residential Tenancies Act* (RTA)] ایک ایسا قانون ہے جو اونٹاریو میں رہائش گاہ کے نظام کی نگرانی کرتا ہے۔ اس قانون میں وہ تمام قوانین موجود ہیں جن پر مالک مکان اور کرایہ داروں کو لازمی طور پر عمل کرنا چاہیئے، اس میں یہ بھی درج ہے کہ مالک مکان کرائے میں کتنے عرصے بعد اور کتنا اضافہ کر سکتا ہے اور جب آپ جگہ چھوڑ کر جانا چاہیں تو آپ کو اپنے مالک مکان کو کتنا عرصہ پہلے سے آگاہ کرنا چاہیئے۔

- آر ٹی اے کے بارے میں جاننے کیلئے، مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر Ministry of Municipal Affairs and Housing کے بارے میں معلومات حاصل کریں www.mah.gov.on.ca یا findlink.at/rtact
- ان قوانین کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کیلئے جن پر مالکان مکان اور کرائے داروں کو عمل کرنا چاہیئے، لینڈ لارڈ اینڈ ٹیننٹ بورڈ (Landlord and Tenant Board) سے مندرجہ ذیل نمبر پر رابطہ کریں *1-888-332-3234* یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں ltb.gov.on.ca

## حکومتی اعانتی ہاؤسنگ (GOVERNMENT-ASSISTED HOUSING)

اونٹاریو میں زیادہ تر شہروں میں حکومت اسسٹیڈ (جسے عام طور پر اعانتی بھی کہا جاتا ہے) رہائش گاہیں موجود ہیں، جس میں آپ کے کرائے کی رقم کا انحصار آپ کی آمدنی پر ہوتا ہے۔ اس طرح کی رہائش گاہ حاصل کرنے کیلئے انتظار کا عرصہ طویل ہو سکتا ہے - یہ عرصہ کبھی کبھی کئی سالوں پر مبنی بھی ہو سکتا ہے۔

اپنے علاقے میں اعانتی رہائش گاہ کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کیلئے، اپنے آباد کاری کے کونسلر سے بات چیت کریں۔

### اونٹاریو منسٹری آف میونسپل افیئرز اینڈ ہاؤسنگ (Ontario Ministry of Municipal Affairs & Housing)

مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر منسٹری کی رہائش گاہ کی حکمت عملیوں کے بارے میں پڑھیں www.mah.gov.on.ca یا findlink.at/ont-mmah

### کینیڈا مارگیج اینڈ ہاؤسنگ کارپوریشن (Canada Mortgage & Housing Corporation)


مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر رینٹنگ یوئر فرسٹ ہوم ان کینیڈا: واٹ نیو کمرز نیڈ ٹو نو کا مطالعہ کریں cmhc.ca یا findlink.at/cmhcnc

### Settlement.org

اونٹاریو میں رہائش گاہ سے متعلق تفصیلی معلومات کی تلاش کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں: settlement.org یا findlink.at/housinginf

### Housing Help Association of Ontario

مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر ایسے افراد کی خدمات کے بارے میں معلومات حاصل کریں جو بےگھر ہیں یا جو بے گھر ہو سکتے ہیں: findhousinghelp.ca





## غیر منافع بخش کو-آپ (CO-OP) ہاؤسنگ

کو-آپ ہاؤسنگ ان لوگوں کی ملکیت ہوتی ہے اور اس کی دیکھ بھال بھی وہ ہی لوگ کرتے ہیں جو اس میں رہتے ہیں- غیر منافع بخش کو-آپ ہاؤسنگ کا کرایہ اوسط درجے سے عام طور پرکم ہوتا ہے- کو-آپ کے ممبران سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنے کو-آپ کی دیکھ بھال اور نگرانی خود ہی کریں گے- کو-آپ ہاؤسنگ کیلئے انتظار کا عرصہ عام طور پرطویل ہوتا ہے – عام طور پر، دو سے چار سال تک- اپنے علاقے میں غیر منافع بخش ہاؤسنگ کو-آپ کی فہرست کیلئے، انٹرنیٹ پر *housing non-profit co-op* کی اصطلاح سے تلاش کریں-

p.97

## گھر خریدنا

گھر خریدنے کیلئے بہت زیادہ منصوبہ بندی کرنا پڑتی ہے، اس لئے جتنی جلدی ممکن ہو سکے اس بارے میں معلومات اکٹھی کرنا شروع کر دینی چاہئیں-

پہلی مرتبہ گھر خریدنے والوں کیلئے یہ ہےکہ، وہ نئے آنے والے ایسے افراد جو گھر کے مالکان بننا چاہتے ہیں Canada Mortgage and Housing Corporation کے کتابچے کا مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر مطالعہ کریں cmhc.ca یا findlink.at/cmhcnc

جب آپ گھر خریدنے کیلئے مارگیج حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہوتے ہیں، تو ایک اچھی کریڈٹ ہسٹری کا ہونا بے حد ضروری ہے- کینیڈا میں نئے ہونے کے ناطے، ہو سکتا ہے کہ آپ کی ایسی کریڈٹ ہسٹری نہ ہو جس کی کینیڈین بینک تصدیق کر سکیں- اس لئے، آپ کیلئے جتنی جلدی ممکن ہوسکے کریڈٹ ہسٹری بنانی شروع کر دیں- کریڈٹ ہسٹری کیسی بنانی ہے کے بارے میں اپنے بینک کے کسٹمر سروس کے نمائندے سے بات چیت کریں-

جب آپ کسی گھر کیلئے رقم کی پیشکش کرنے کیلئے تیار ہوں، تو اس گھر کو خریدنے کی شرط کا انحصار گھر کو کسی ماہر کے جائزہ سے پاس ہو جانے سے مشروط کرنا عقلمندی ہے- اگر ماہر کو لگتا ہےکہ گھر کو مرمت کی ضرورت ہے، تو آپ اپنی پیشکش منسوخ کر سکتے ہیں یا اس میں تبدیلی کر سکتے ہیں-

p.94-96

## پوسٹ سیکنڈری اسٹوڈینٹ ہاؤسنگ

بہت سی یونیورسٹیاں اور کالج اپنے طالبات کیلئے رہائش مہیا کرتے ہیں- مزید معلومات کیلئے، جس یونیورسٹی یا کالج میں آپ جانا چاہتے ہیں اس کے ہاؤسنگ کے محکمے سے رابطہ کریں-

یونیورسٹی اور کالج کی رہائش گاہیں کبھی کبھی گرمیوں میں ان افراد کیلئے بھی دستیاب ہوتی ہیں جو طلباء نہیں ہوتے- نئے آنے اور سفر کرنے والوں کیلئے رہنے کیلئے یہ کفایت شعاری والی جگہیں ہو سکتی ہیں-

p.97

## ایمرجینسی ہاؤسنگ (شیلٹر)

شیلٹر ان افراد کیلئے مختصر عرصے کیلئے رہائش فراہم کرتے ہیں جو بے گھر ہیں یا جومسائل میں گھرے ہوئے ہوتے ہیں- اگر آپ کو آپ کے گھر سے باہر نکال دیا جائے یا آپ کو گھر میں کسی قسم کی بدسلوکی کا خطرہ ہے، تو آپ شیلٹر میں قیام کر سکتے ہیں- دیگر ایمرجینسی نمبروں کے ساتھ مقامی شیلٹروں کے فون نمبر آپ کی فون بک کے شروع میں درج ہیں- آپ *211* پر بھی کال کر سکتے ہیں-

p.97

## بزرگوں کیلئے ہاؤسنگ

آپ اپنی ٹیلیفون بک کے بلیو پیجز (Blue Pages) میں سے بزرگوں کیلئے مقامی حکومتی اعانتی رہائش گاہوں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں- بزرگوں کی ذاتی رہائش گاہ کیلئے، ییلو پیجز (Yellow Pages) میں دیکھیں یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں yellowpages.ca

بزرگوں کیلئے مختلف خدمات بمع رہائش گاہ کے بارے میں معلومات کیلئے، اونٹاریو سینئرز سیکریٹیریٹ (Ontario Seniors' Secretariat) کو مندرجہ ذیل نمبر پر کال کریں *1-888-910-1999* یا مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں seniors.gov.on.ca یا findlink.at/seniorguid

## اونٹاریو انسانی حقوق کا مجموعہ قوانین و ضوابط اور ہاؤسنگ

اونٹاریو انسانی حقوق کے مجموعہ قوانین و ضوابط (*Ontario Human Rights Code*) کے تحت، آپ کی نسل، حسب ونسب، پیدائش کی جگہ، رنگ، نسلی وطن، شہریت، مذہب، عمر، جنس، جنسی رخ بندی، غیر قانونی حرکتوں کے ریکارڈ، ازدواجی حیثیت، ہم جنس پارٹنرشپ کی حیثیت، خاندانی مرتبے یا معذوری کی بنا پر آپ سے غیر منصفانہ برتاؤ نہیں کیا جا سکتا-

Ontario Human Rights Commission کے بارے میں معلومات حاصل کریں www.ohrc.on.ca یا findlink.at/ohrhousing

### غور طلب باتیں

*جس علاقے میں میں رہنا چاہتی/ چاہتا ہوں کیا وہاں پر غیر منافع بخش ہاؤسنگ کو-آپ موجود ہے؟ میں اس کیلئے درخواست کیسے دے سکتی/ سکتا ہوں؟ میں حکومتی اعانتی رہائش گاہ کیلئے انتظار کی فہرست میں اپنا نام کیسے شامل کروا سکتی/ سکتا ہوں؟*

*اگر میں گھر خریدنے کا فیصلہ کرتی/ کرتا ہوں، توکونسا بینک یا کریڈٹ یونین مجھے مارگیج فراہم کرے گا؟*

*اگر میں گھر خریدنے کا فیصلہ کرتی/ کرتا ہوں، تو مجھے پیشگی ادائیگی کیلئے کتنی رقم کی بچت کی ضرورت پڑے گی؟*

*میرے کرائے میں کن کن چیزوں کی قیمتیں شامل ہیں: حرارت؛ ایئر کنڈیشننگ؛ گھریلو استعمال کی اشیاء، جسے کہ ریفریجریٹر اور چولہا؟*



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 20 03/11/14 16:36



# کمیونٹی میں حصہ لینا

## کمیونٹی اور تفریحی پروگرام لوگوں سے میل جول، آپ کی زبان کی مہارتوں کو بہتر بنانے اور تفریحی سرگرمی سے لطف اندوز ہونے میں آپ کیلئے مددگار ثابت ہو سکتے ہیں- اپنے اور اپنے خاندان کیلئے کمیونٹی میں دستیاب سرگرمیوں کے بارے میں معلومات حاصل کریں-

### کمیونٹی کے تفریحی سینٹر

اونٹاریو کے ہر شہر میں کمیونٹی پروگرام اور عوامی تفریحی سینٹر موجود ہیں- ان تمام سینٹروں میں ایسی جگہیں بھی ہیں جہاں کمیونٹی گروپ اکٹھے ہو سکتے ہیں- بہت سے سینٹروں میں اسکیٹنگ ارینا، تیراکی کے تالاب، جم اور کھیلوں کے میدان بھی ہیں- یہ پروگرام اور سہولیات بلا معاوضہ یا کم قیمت پر دستیاب ہیں-

اپنے مقامی کمیونٹی تفریحی سینٹر میں دستیاب سرگرمیوں اور پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات کیلئے، اپنے آباد کاری کے کونسلر سے بات چیت کریں، *211* پر کال کریں، اپنے فون بک کے بلیو پیجز میں دیکھیں یا انٹرنیٹ پر اپنے شہر کے نام کے ساتھ *Centre Community Recreation* کی اصطلاح سے تلاش کریں-

### پبلک لائبریریاں

اپنی مقامی لائبریری سے، آپ انگریزی یا دیگر زبانوں میں کتابیں، سی ڈیز، ڈی وی ڈیز، رسالے اور اخبارات حاصل کر سکتے ہیں- زیادہ تر لائبریریاں مفت انٹرنیٹ کی سہولت بھی فراہم کرتی ہیں- لائبریریاں بالغ افراد اور بچوں دونوں کیلئے مختلف پروگرام بھی فراہم کرتی ہیں، جس میں مطالعہ اور کہانیاں سنانے کے کلب، نئے آنے والوں کیلئے زبان کی کلاسیں اور مصنفین کا اپنی کتابوں کو خود پڑھ کر سنانا بھی شامل ہیں- کچھ لائبریریاں ملازمت کے بارے میں معلومات اور مدد بھی فراہم کرتی ہیں-

اپنی مقامی لائبریری کی تلاش کیلئے، Ministry of Tourism, Culture and Sport کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں: mtc.gov.on.ca یا findlink.at/opl

لائبریری کارڈ حاصل کرنے کیلئے، آپ کو کوئی ایک سرکاری شناختی دستاویز (پاسپورٹ یا ڈرائیورلائسینس) اور اپنی رہائش کا ثبوت (جیسےکہ ٹیلیفون، پانی یا کیبل کا بل) دکھانے کی ضرورت پڑے گی-

### عبادت گاہیں

چارٹر آف رائٹس اینڈ فریڈمز (*Charter of Rights and Freedoms*) کے تحت، کینیڈا کے رہنے والوں کو اپنے مذہب پر عمل کرنے کی پوری آزادی حاصل ہے- اگرچہ اونٹاریو ایک غیر مذہبی معاشرہ ہے، اس کے باوجود اونٹاریو کے رہنے والےگرجا گھروں، یہودی عبادت گاہوں، مساجد، مندروں اور دیگر عبادت گاہوں میں اکٹھے ہو کر اپنے عقیدے کے مطابق عبادات کرتے ہیں-

اپنے شہر کے نام کے ساتھ *Places of Worship* کی اصطلاح کے ذریعے انٹرنیٹ پر اپنے قریبی واقع عبادت گاہ تلاش کریں-

### رضاکارانہ طور پر کام کرنا

لوگوں سے ملنے اور اپنی کمیونٹی سے واقفیت حاصل کرنے کیلئے اپنے وقت کو کسی بامقصد انداز سے صرف کرنا بہترین طریقہ ہے- رضاکارانہ طور پر کام کرنا آپ کی ملازمت کی تلاش کیلئے بھی مفید ثابت ہو سکتا ہے، اس سے آپ لوگوں سے ملاقات کے کارآمد روابط قائم کر سکتے ہیں اور رضاکارانہ طور پرکئےگئے کام کو آپ اپنی ملازمت کے تجربے میں بھی شامل کر سکتے ہیں- کچھ ادارے آپ کو رضاکار کے طور پر رکھنے سے پہلے آپ سے پولیس کی جانب سے آپ کے پس منظر کے جائزے کیلئے بھی مطالبہ کر سکتے ہیں-

- رضاکارانہ طور پر کام کرنے کے بارے میں مزید معلومات اور اپنے علاقے میں رضاکار سینٹر کی تلاش کیلئے، Ontario Volunteer Centre Network کی مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں ovcn.ca
- مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر Ministry of Citizenship and Immigration کے بارے میں معلومات حاصل کریں: www.citizenship.gov.on.ca یا findlink.at/mci-active
- اپنے علاقے میں موجود رضاکارانہ طور پر کام کرنے کے مواقع کے بارے میں معلومات کیلئے اپنے آبادکاری کے کونسلر سے بات چیت کریں-
- *211.* پر کال کریں



# ذرائع آمدورفت

## خواہ آپ کو کام پر جانےکیلئے، اپنی نئی ہمسائیگی سے واقفیت حاصل کرنےکیلئے یا اپنے بچوں کو اسکول چھوڑنےکیلئے جانے کی ضرورت پیش آنے پر سفرکرنا پڑے، اپنے نئے قصبے یا شہر میں سفر کرنا اپنی کمیونٹی میں آباد ہونے کا اہم حصہ ہے-

**ڈرائیورز لائسینس**

اپنے اونٹاریوکے ڈرائیورز لائسینس کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کیلئے، مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں drivetest.ca یا findlink.at/driverinfo

**ڈرائیور ایگزیمینیشن سینٹرز (Driver Examination Centres)**

فون بک کے ییلو پیجز میں اپنا مقامی امتحانی ڈرائیور سینٹر تلاش کریں، مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں yellowpages.ca یا DriveTest at drivetest.ca یا findlink.at/testcentre

**ڈرائیورز ہینڈ بک (Driver's Handbook)**

مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر روڈ سے متعلق قواعدوقوانین پڑھیں اور اپنے تحریری امتحان کی تیاری کریں www.mto.gov.on.ca یا findlink.at/dhandbook . آپ کسی بھی امتحانی ڈرائیور سینٹر اور بہت سے ریٹیل اسٹوروں سے ہینڈ بک کی چھپی ہوئی کاپی خرید سکتے ہیں-

**سائیکلنگ اینڈ سیفٹی (Cycling and Safety)**

ServiceOntario کو مندرجہ نمبر *1-800-267-8097* پر کال کریں یا مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں www.mto.gov.on.ca یا findlink.at/cycling

**سٹی میپس (City Maps)**

ویلکم ٹو کینیڈا کتابچے کا مطالعہ کریں

p.28

### پبلک ٹرانسپورٹیشن

اونٹاریو کے زیادہ تر شہروں میں قدرے کم قیمت والا پبلک ٹرانزٹ کا نظام موجود ہے- بڑے شہروں بہترین طرز پر بنے ہوئے پبلک ٹرانزٹ کے نظام ہیں جس میں بسیں، ریل گاڑیاں، سب ویز اور اسٹریٹ کاریں شامل ہیں- عام طور پر ماہانہ پاس یا بڑی تعداد میں ٹکٹیں/ ٹوکن خریدنا سستا پڑتا ہے اور آسان ہوتا ہے-

اپنے علاقے میں پبلک ٹرانسپورٹیشن کے بارے میں معلومات کیلئے، اپنی فون بک کے ییلو پیجز میں دیکھیں یا مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر Ministry of Transportation کے بارے میں معلومات حاصل کریں www.mto.gov.on.ca یا findlink.at/transit

### پبلک ٹرانسپورٹیشن کے آداب

آداب سے مراد دوسرے لوگوں کے ساتھ مہذب رویہ اختیار کرنا ہے- پبلک ٹرانسپورٹیشن پر آداب کے بارے میں مزید معلومات کیلئے، براہ مہربانی ویلکم ٹو کینیڈا کتابچےکا مطالعہ کریں-

p.120

### ٹیکسیا ں

اونٹاریو کے زیادہ تر علاقوں میں، سفر اور اپنی منزل مقصود پر پہنچنے کیلئے آپ ٹیکسی بلا سکتے ہیں- ٹیکسیوں سے سفر مہنگا پڑ سکتا ہے، اس لئے اپنے سفر کے آغاز سے پہلے اپنے ڈرائیور سے لگ بھگ قیمت کے بارے میں معلوم کریں- یہ بھی بہت ضروری ہے کہ آپ میٹر کو واضح طور پر دیکھ سکیں (جس پر آپ کے دوران سفر قیمت نظر آتی رہتی ہے)-

اپنی مقامی ٹیکسی کی کمپنی کی تلاش کیلئے، اپنی فون بک کے ییلو پیجز میں دیکھیں یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں yellowpages.ca

### کار کرائے پر لینا

اگر آپ کے پاس گاڑی نہیں ہے، تو کار کرائے پر لینا موزوں ہو سکتا ہے- دستخط کرنے سے پہلے گاڑی کرائے پر لینے والے معاہدے کو غور سے پڑھیں- آپ کے پاس انشورنس کوریج لازمی طور پر ہونی چاہیئے-

بہت سے بڑے شہروں میں، آپ کار شیئر کرنے والی خدمت میں حصہ لے سکتے ہیں جیسے کہ زپ کار (Zipcar) اور جس کی مدد سے آپ مقامی طور پر سفر کرنے کیلئے تھوڑے عرصے کیلئے کار کرائے پر لے سکتے ہیں- ان خدمات کی عام طور پر سفر پر لے جانے اور چھوڑنے کیلئے سہولت والی جگہیں مقرر ہیں-

کار کرائے پر لینے والی اپنی مقامی کمپنیوں اور کار شیئر کرنے والی خدمات کے بارے میں معلومات کیلئے، اپنی مقامی فون بک کے ییلو پیجز میں دیکھیں یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں yellowpages.ca

### اپنا ڈرائیورز لائسینس حاصل کرنا

اگر آپ کے پاس اپنے آبائی ملک کا ڈرائیورز لائسینس ہے، تو وہ کینیڈا پہنچنے کے بعد 60 دنوں تک قانوناً قابل استعمال رہتا ہے- اس کے بعد، آپ کو اونٹاریو ڈرائیورز لائسینس کی ضرورت پڑے گی-

جب آپ اونٹاریو لائسینس کیلئے درخواست دیتے ہیں تو آپ کی گزشتہ ڈرائیونگ ہسٹری کو مدنظر رکھا جائے گا- تاہم، چاہے آپ کے پاس پہلے سے لائسینس ہو یا نہ ہو، آپ کو اونٹاریو کے ٹریفک کے قوانین پر تحریری ٹیسٹ اور ایک یا دو روڈ ٹیسٹ پاس کرنا پڑ سکتے ہیں-

ڈرائیورز لائسینس سرکاری شناختی دستاویز ہے-

اگر آپ ڈرائیورز لائسینس نہ لینے کا فیصلہ کرتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ آپ کوئی سرکاری شناختی دستاویز بھی حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ اونٹاریو فوٹو کارڈ (Ontario Photo Card) کیلئے درخواست دے سکتے ہیں- اسے بھی سرکاری شناختی دستاویز کے طور پر دیکھا جاتا ہے-

درخواست دینے کیلئے آپ کو اپنی کوئی اصلی شناختی دستاویز جس پر آپ کا قانونی نام، تاریخ پیدائش اور دستخط موجود ہوں دکھانی پڑے گی- آپ کو درخواست کا فارم مکمل کرنے کی ضرورت بھی پیش آئے گی- اس کارڈ کی فیس 35.00 ڈالر ہے- مزید معلومات کیلئے، مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں serviceontario.ca یا ontario.ca/government/ontario-photo-card

**براہ مہربانی نوٹ کریں: آپ ڈرائیورز لائسینس اور اونٹاریو فوٹوکارڈ دونوں ایک ساتھ نہیں لے سکتے -آپ کو ان میں سےکسی ایک کا انتخاب کرنا پڑے گا-**





## ڈرائیونگ کے قوانین

ڈرائیونگ کے قوانین کی خلاف ورزی کے جرمانے بہت سخت ہیں۔ چند اہم قوانین درج ذیل ہیں:

- گاڑی چلانے کیلئے آپ کے پاس لازمی طور پر ڈرائیورز لائسنس ہونا چاہیئے اور وہ ہمیشہ آپ کے پاس موجود ہونا چاہیئے۔
- آپ کے پاس گاڑی کی انشورنس لازمی طور پر ہونی چاہیئے۔
- آپ کے پاس گاڑی کی ملکیت کا ثبوت لازمی طور پر ہونا چاہیئے - اسے گاڑی میں ہی رکھیں۔
- سڑک پر درج شدہ حد رفتار سے تیز گاڑی ہرگز مت چلائیں۔ گاڑی تیز چلانے کے جرمانے بہت زیادہ ہیں اور اس کے نتیجے میں انشورنس کی قیمتوں میں اضافہ ہو سکتا ہے۔
- آپ اور آپ کے ساتھ بیٹھی ہوئی تمام سواریوں کو لازمی طور پر سیٹ بیلٹیں لگانی چاہئیں۔
- شراب پی کر گاڑی ہرگز مت چلائیں۔ اگر پولیس کو یہ معلوم ہو جائے کہ گاڑی چلاتے وقت آپ کے خون میں شراب کی مقدار مقررہ قانونی حد سے زیادہ ہے، تو اس کے جرمانے بہت سخت ہیں۔
- جب تک کہ بغیرہاتھ لگائے استعمال کرنے والا آلہ پاس نہ ہو، گاڑی چلاتے وقت اپنا موبائل فون ہرگز استعمال مت کریں۔

p.124

## انشورنس

اونٹاریو میں نوفالٹ (no-fault) انشورنس پلان ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کی گاڑی کو کسی بھی قسم کا نقصان ہونے کی صورت میں آپ کو انشورنس فراہم کرنے والا اس کی ادائیگی کرتا ہے، چاہے وہ نقصان آپ کی غلطی کی وجہ سے ہوا ہو یا دوسرے ڈرائیور کی غلطی کی وجہ سے ہوا ہو۔

Insurance Bureau of Canada پر نوفالٹ انشورنس کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں: ibc.ca یا findlink.at/nofault

ہر کمپنی کی گاڑی کی انشورنس کی قیمتیں مختلف ہیں۔ نرخ معلوم کرنے کیلئے مختلف کمپنیوں سے رابطہ کریں، یا کسی انشورنس بروکر سے بات کریں، جو سب سے بہترین سودا کروانے میں آپ کی مدد کرے گا۔ بروکر اور انشورنس کمپنیوں سے رابطے کی معلومات کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹ yellowpages.ca یا انٹرنیٹ پر سے تلاش کریں۔

p.124

## سائیکل چلانا

اپنی نئی کمیونٹی میں گھومنے پھرنے کیلئے سائیکل چلانا سب سے عمدہ طریقہ ہے۔ کچھ شہروں میں سائیکل چلانے والوں کیلئے مخصوص سڑکیں ہیں، اور جبکہ بہت سوں میں سائیکل چلانے کے تفریحی راستے بنے ہوئے ہیں۔ سائیکل چلانے والا فرد ہونے کے ناطے، اونٹاریو ہائی وے ٹریفک ایکٹ کے تحت آپ کو گاڑی چلانے والا سمجھا جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو ٹریفک کے تمام قوانین پر لازمی طور پر عمل کرنا ہے۔

براہ مہربانی نوٹ کریں، کہ قانونی طور پر، 18 سال سے کم عمر ہر سائیکل چلانے والے کو لازمی طور پر منظور شدہ بائیسکل ہیلمیٹ پہننا چاہیئے۔

### غور طلب باتیں

*اگر میں اونٹاریو ڈرائیورز لائسنس نہ لینے کا فیصلہ کرتی/ کرتا ہوں، تو اس کی جگہ میں حکومت کی جانب سے منظور شدہ کونسی تصویری دستاویز استعمال کروں گی/ گا؟*

*مجھے نئی یا پرانی گاڑی خریدنے کیلئے کتنی رقم خرچ کرنے کی ضرورت پڑے گی؟ انشورنس خریدنے اور گاڑی کا اندراج کروانے اور لائسینسنگ کی ادائیگیوں کیلئے کتنا خرچ آئے گا؟*



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 23 03/11/14 16:36

# قانونی حقوق اور خدمات

## دونوں وفاقی اور صوبائی یا ٹیریٹوریل قوانین ہر فرد کے حقوق اور خودمختاری کی حفاظت کرتے ہیں جیسے کہ آزادی اور مساوات- ہمارے قانونی نظام کی بنیاد قانون کے اصول اور جمہوری اصولوں پر ہے-

### کینیڈین چارٹر آف رائٹس اینڈ فریڈمز (CANADIAN CHARTER OF RIGHTS AND FREEDOMS)

کینیڈین چارٹر آف رائٹس اینڈ فریڈمز مرد اور خواتین دونوں کیلئے ایک ہی طرح کے حقوق اور آزادی کی حفاظت کرتا ہے:

- اپنے عقائد اور خیالات کے اظہار کی آزادی-
- جس کسی کو بھی آپ چاہتے ہیں اس کو اپنا ساتھی بنانے اور دوسرے لوگوں کے ساتھ صلح صفائی سے رہنے کی آزادی-
- اپنے مذہب پر عمل کرنے کی آزادی-
- کینیڈا میں کہیں بھی رہنےکی آزادی-
- غیر قانونی یا غیر منصفانہ گرفتاری یا حراست سے بچاؤ کا حق، اور قانونی طریق کار کے مطابق عمل کرنے کا حق- اس کا مطلب یہ ہے کہ حکومت کو قانون کے تحت لازمی طور پر آپ کے حقوق کی قدر کرنی ہے-
- نسل، قومی یا نسلی وطن، رنگ، مذہب، جنس، عمر، یا دماغی یا جسمانی معذوری کی بنیاد پر تعصب برتے بنا مساوی تحفظ اور قانون سے مساوی طور پر مستفید ہونے کا حق-
- انگریزی یا فرانسیسی دونوں میں سے کسی ایک میں وفاقی حکومت کی جانب سے خدمات حاصل کرنے کا حق-

وفاقی Department of Justice پر چارٹر کا مطالعہ کریں: justice.gc.ca یا findlink.at/constiacts

p.35

### اونٹاریو انسانی حقوق کا مجموعہ قوانین و ضوابط

اونٹاریو انسانی حقوق کا مجموعہ قوانین و ضوابط اونٹاریو کے رہنے والے تمام افراد کو ملازمت، رہائش اور خدمات کے حوالے سے غیر منصفانہ برتاؤ سے تحفظ فراہم کرتا ہے- کسی فرد کے طبقے، حسب ونسب، پیدائشی ملک، رنگ، نسل، جنسی رخ بندی، غیر قانونی حرکتوں کے ریکارڈ، ازدواجی حیثیت، ہم جنس پارٹنرشپ کی حیثیت، خاندانی حیثیت یا معذوری کی بنیاد پر کسی شخص کے خلاف تعصب یا اسے پریشان کرنا غیر قانونی ہے- مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر Ontario Human Rights Commission کے بارے میں معلومات حاصل کریں: www.ohrc.on.ca





OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 24 03/11/14 16:36


## بلوغت کی قانونی عمر اور رضامندی کے اظہار کی عمر

اونٹاریو میں، بلوغت کی عمر 18 سال ہے- اس عمر میں فرد کو قانونی طور پر بالغ سمجھا جاتا ہے- جنسی سرگرمی کی رضامندی کی عمر 16 سال ہے- بنا رضامندی کے تمام جنسی سرگرمیاں جرم ہیں- رضامندی کے اظہار کی عمر کے بارے میں مزید معلومات کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں justice.gc.ca یا findlink.at/ageconsent

p.42

## وکیل تلاش کرنا

- آپ کی آبادکاری کا کونسلر آپ کی ضرورت کے مطابق کسی ماہر وکیل کی تلاش میں آپ کی مدد کر سکتا ہے-
- اپنی مقامی فون بک کے ییلو پیجز میں دیکھیں یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں yellowpages.ca
- اونٹاریو میں پیرالیگل اور وکلا کی ڈائریکٹری کیلئے، مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر لا سوسائٹی آف اپر کینیڈا (Law Society of Upper Canada) کا مطالعہ کریں lsuc.on.ca یا findlink.at/tlsuc
- لیگل ایڈ اونٹاریو (Legal Aid Ontario) کم آمدنی والے افراد کو قانونی خدمات فراہم کرتی ہے- مندرجہ ذیل نمبر پر کال کریں *1-800-668-8258* یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں legalaid.on.ca



### ہیومن رائٹس لیگل سپورٹ سینٹر (Human Rights Legal Support Centre)

ان افراد کی مدد اور نمائندگی کرتا ہے جو یہ محسوس کرتے ہیں کہ ان سے تعصب کیا گیا ہے: hrlsc.on.ca

### اومبڈزمین آف اونٹاریو (Ombudsman of Ontario)

ان افراد کی مدد کرتا ہے جو یہ محسوس کرتے ہیں کہ اونٹاریو کی حکومت نے ان سے غیر منصفانہ برتاؤ کیا ہے: ombudsman.on.ca

### جسٹس اونٹاریو (Justice Ontario)

12 زبانوں میں اونٹاریو کے قانونی نظام کے بارے میں معلومات کیلئے: www.attorneygeneral.jus.gov.on.ca یا findlink.at/on-justice

### Settlement.org

کینیڈا کے قانونی نظام اور قانونی خدمات کے بارے میں معلومات کیلئے: settlement.org یا findlink.at/legal-serv

### Community Legal Education Ontario

لوگوں کو اپنے قانونی حقوق کو سمجھنے اور ان کو عمل میں لانے میں مدد کیلئے کمیونٹی لیگل ایجوکیشن اونٹاریو ایسا مواد مہیا کرتی ہے جس میں قانون آسان زبان میں بیان کیا گیا ہوتا ہے: cleo.on.ca



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 25 03/11/14 16:36

# آبادکاری کا منصوبہ

## صحت کی نگہداشت

☐ اپنے اوہپ کارڈکی درخواست کیلئے سروس اونٹاریو سینٹر پر جائیں۔
☐ کینیڈا میں اپنے پہلے تین ماہ کیلئے ہیلتھ انشورنس خریدیں۔
☐ فیملی ڈاکٹر تلاش کریں۔
☐ اپنے قریبی ہسپتال اور واک-ان کلینک کے بارے میں معلوم کریں۔

1. مقررہ کام   مکمل کنندہ/   /

معلوماتی ذرائع

2. مقررہ کام   مکمل کنندہ/   /

معلوماتی ذرائع

3. مقررہ کام   مکمل کنندہ/   /

معلوماتی ذرائع

## صارف کی خدمات

☐ یہ معلوم کرنے کیلئے کہ کھانے پینے کی اشیاء پر کتنا خرچ آتا ہے اپنی کمیونٹی میں گروسری اسٹوروں اور مارکیٹوں کا پتا لگائیں۔
☐ کسی ایسے فون نمبر کا انتظام کریں جس پر آپ سے رابطہ کیا جا سکے۔
☐ بوقت ضرورت آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ انٹرنیٹ کہاں سے استعمال کرنا ہے۔

1. مقررہ کام   مکمل کنندہ/   /

معلوماتی ذرائع

2. مقررہ کام   مکمل کنندہ/   /

معلوماتی ذرائع

3. مقررہ کام   مکمل کنندہ/   /

معلوماتی ذرائع



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 26   03/11/14 16:36

## ہاؤسنگ

- [ ] ایسی رہائش گاہ تلاش کریں جو آپ کی آمدنی کے مطابق ہو-
- [ ] اگر آپ رہائش گاہ کرائے پر لے رہے ہیں تو کرایہ دار ہونے کے ناطے اپنے حقوق اور فرائض سے واقفیت حاصل کریں-
- [ ] رہائش سے متعلق تمام اخراجات کو مد نظر رکھیں، جس میں انشورنس، گھریلو سازوسامان اور پراپرٹی ٹیکس بھی شامل ہیں-

**1.** مقررہ کام                                        مکمل کنندہ/     /

معلوماتی ذرائع

**2.** مقررہ کام                                        مکمل کنندہ/     /

معلوماتی ذرائع

**3.** مقررہ کام                                        مکمل کنندہ/     /

معلوماتی ذرائع

## کمیونٹی میں حصہ لینا

- [ ] اپنے مقامی کمیونٹی سینٹر میں دستیاب پروگراموں اور سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کریں-
- [ ] اپنی ہمسائیگی میں پبلک لائبریری تلاش کریں اور لائبریری کارڈ بنوائیں-

**1.** مقررہ کام                                        مکمل کنندہ/     /

معلوماتی ذرائع

**2.** مقررہ کام                                        مکمل کنندہ/     /

معلوماتی ذرائع

**3.** مقررہ کام                                        مکمل کنندہ/     /

معلوماتی ذرائع



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 27 03/11/14 16:36

## ذرائع آمدورفت

☐ اپنی کمیونٹی میں پبلک ٹرانزٹ سے متعلق دستیاب انتخابات کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔

☐ اونٹاریو ڈرائیورز لائسینس کیلئے درخواست دیں۔

1. مقررہ کام — مکمل کنندہ / /

معلوماتی ذرائع

2. مقررہ کام — مکمل کنندہ / /

معلوماتی ذرائع

3. مقررہ کام — مکمل کنندہ / /

معلوماتی ذرائع

## قانونی حقوق اور خدمات

1. مقررہ کام — مکمل کنندہ / /

معلوماتی ذرائع

2. مقررہ کام — مکمل کنندہ / /

معلوماتی ذرائع

3. مقررہ کام — مکمل کنندہ / /

معلوماتی ذرائع



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 28 03/11/14 16:36

# تعلیم و تربیت

یہ حصہ تعلیم اور بچے کی نگہداشت سے لے کر پوسٹ گریجویٹ تعلیم سے متعلقہ تربیت کے مواقع پر معلومات فراہم کرتا ہے- یہ حصہ بالغ افراد اور تعلیم کے تسلسل اور اس کے ساتھ ساتھ زبان کی تربیت سے بھی متعارف کرواتا ہے-




**30**
چائلڈ کیئر

**31**
ابتدائی اور سیکنڈری تعلیم

**33**
پوسٹ سیکنڈری تعلیم

**34**
تعلیم کا تسلسل

**35**
زبان کی تربیت

**36**
آبادکاری کا منصوبہ


OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 29 03/11/14 16:36



# چائلڈ کیئر

## اونٹاریو میں چائلڈ کیئر (جنہیں ڈے کیئر بھی کہا جاتا ہے) کے بہت سے انتخابات موجود ہیں- آپ اپنے بچے کو کسی بھی ایسی جگہ داخل کروا سکتے ہیں جو آپ کے خاندان کی ضرورت کے مطابق ہو-

### لائسینس یافتہ اور بغیر لائسینس کے چائلڈ کیئر

اونٹاریو میں دو طرح کی چائلڈ کیئر ہوتی ہے: لائسینس یافتہ (جنہیں کبھی کبھی باضابط بھی کہا جاتا ہے) اور بغیر لائسینس کے (جنہیں کبھی کبھی بے ضابط بھی کہا جاتا ہے)-

نگھداشت فراہم کرنے والے جو 10 سال سے کم عمر پانچ سے زیادہ ایسے بچوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں جن کا آپس میں کوئی تعلق نہ ہو ان کے پاس ڈے نرسریز ایکٹ (*Day Nurseries Act*) کے تحت Ministry of Education کی جانب سے لازمی طور پر لائسینس ہونا چاہیئے- لائسینس یافتہ چائلڈ کیئر پروگراموں کو مخصوص صوبائی معیارات کے عین مطابق ہونا چاہیئے-

نگھداشت فراہم کرنے والے فرد اور والدین کے مابین بغیر لائسینس والی چائلڈ کیئر ایک ذاتی نوعیت کا بندوبست ہے- نگھداشت فراہم کرنے والے جو ایسے پانچ یا اس سے کم بچوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں جن کا آپس میں کوئی تعلق نہ ہو انہیں لائسینس لینے کی ضرورت نہیں ہے-

ہر چائلڈ کیئر فراہم کرنے والے کے مختلف قواعدوضوابط ہوتے ہیں- کچھ یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ آپ کا بچہ فل ٹائم کیلئے داخل ہو- جبکہ کچھ پارٹ ٹائم اور ضرورت پڑنے پر بچے کی دیکھ بھال کی سہولت فراہم کرتے ہیں- چائلڈ کیئر کیلئے انتظار کا عرصہ طویل ہو سکتا ہے، اور ہر جگہ کی فیسیں بھی مختلف ہیں-

Ministry of Education پر اپنے چائلڈ کیئر کے انتخابات کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں: edu.gov.on.ca یا findlink.at/childcare

### چائلڈ کیئر کیلئے سرمائے کی اعانت

سرمائے کی چند اعانتیں ان خاندانوں کیلئے دستیاب ہیں جو چائلڈ کیئر کی فیسوں کی ادائیگیاں نہیں کر سکتے- یہ معلوم کرنے کیلئے کہ آیا آپ امداد کے مستحق ہیں اور اس کیلئے کیسے درخواست دینی ہے، اپنے آبادکاری کے کونسلر سے بات چیت کریں یا مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر Ministry of Education کے بارے میں معلومات حاصل کریں edu.gov.on.ca یا findlink.at/payingchc

### اونٹاریو ارلی یئرز سینٹرز (ONTARIO EARLY YEARS CENTRES)

حکومت کی جانب سے سرمایہ کاری والے اونٹاریو ارلی یئرز سینٹروں پر، چھ سال کی عمر تک کے بچے کھیل کودکر سکتے اور سیکھ سکتے ہیں- کسی ماں، باپ یا سرپرست کو لازمی طور پر بچے کے ساتھ ہونا چاہیئے- یہ سینٹر والدین کیلئے بھی بہت سی خدمات فراہم کرتے ہیں- ان میں جانے کی کوئی فیس نہیں ہے-

اپنے قریبی Ontario Early Years Centre کی تلاش کیلئے، ServiceOntario کو مندرجہ ذیل نمبر پر کال کریں *1-800-268-1153* یا مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں www.gov.on.ca یا findlink.at/earlyyearc

### غور طلب باتیں

*چائلڈ کیئر فراہم کرنے والے کا انٹرویو کرتے وقت مجھےکیا سوالات پوچھنے چاہئیں؟*

*کیا میرے چائلڈ کیئر فراہم کرنے والے کے اوقات کار میں لچک ہے؟*

*کیا مجھے ان دنوں کیلئے بھی پیسوں کی ادائیگی کرنی پڑے گی جس دن میرا بچہ غیر حاضر ہوگا؟*

*اگر میں اپنے بچے کو دیر سے لینے جاؤں گی/ گا تو اس صورت میں کیا ہو گا؟*





OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 30 03/11/14 16:36

# ایلیمینٹری اور سیکنڈری تعلیم

آپ کا بچہ پبلک اسکول میں بلا معاوضہ داخل ہو سکتا ہے- پبلک اسکولوں کو ایلیمینٹری (جونیئر کنڈرگارٹن سے 8 گریڈ) اور سیکنڈری (9 سے 12 گریڈ) میں تقسیم کیا گیا ہے- آپ کا بچہ پرائیویٹ اسکول میں بھی داخل ہو سکتا ہے جس کی فیس آپ خود ادا کریں گے- وہ پرائیویٹ اسکول جو اونٹاریو سیکنڈری اسکول ڈپلومہ کے کریڈٹس کی پیشکش کرتے ہیں ان اسکولوں کی جانچ پڑتال Ontario Ministry of Education کرتی ہے-

## ایلیمینٹری اور سیکنڈری اسکول

زیادہ تر بچے جب چار یا پانچ سال کی عمر کے ہوتے ہیں تو وہ کنڈرگارٹن کلاس سے اسکول کی ابتدا کرتے ہیں- اونٹاریو کے قانون کے تحت، چھ اور 18 سال کے درمیان کی عمروں کے بچوں کو لازمی طور پر اسکول جاکر پڑھنا چاہیئے-

سیکنڈری اسکول طلباء کو پوسٹ سیکنڈری تعلیم (کالج، یونیورسٹی اور اپرینٹس شپ) کیلئے تیار کرتے ہیں یا طلباء کو گریجوایشن کے فوری بعد ملازمت کی تیاری کیلئے ٹیکنیکل ٹریننگ جیسے پروگراموں کی پیشکش کرتے ہیں-

بچوں کا اپنے مقامی اسکولوں یا اسکول بورڈز میں لازمی طور پر اندراج کروانا چاہیئے- زیادہ تر صورتوں میں، بچے اسی اسکول میں جائیں گے جس علاقے میں وہ رہتے ہیں-

## اسکول بورڈ

اونٹاریو میں ہر کمیونٹی کی نگرانی عوام کی جانب سے فراہم کردہ سرمائے والے ایک یا ایک سے زیادہ اسکول بورڈ یا اسکول اتھارٹیاں کرتی ہیں- یہ صوبے بھر میں انگریزی اور فرانسیسی زبان والے اسکول بورڈ ہیں- بہت سے علاقوں میں عوام کی جانب سے فراہم کردہ سرمائے والا کیتھولک اسکول بورڈ بھی ہے-

ان اسکول بورڈ یا اتھارٹیوں سے واقفیت حاصل کریں جو آپ کے علاقے میں اپنی خدمات کی پیشکش کرتے ہیں- وہ آپ کے بچے کے اسکول اور آپ کی کمیونٹی میں آپ کے حصہ لینے کیلئے مختلف طریقوں کی پیشکش بھی کرتے ہیں-

## طالب علموں کو داخل کروانا

اپنے بچوں کو پہلی مرتبہ اسکول میں داخل کروانے کیلئے، آپ کو اپنے مقامی اسکول بورڈ سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہے- یہ معلوم کرنے کیلئے کہ آپ کے بچوں کو کس کلاس میں داخلے کی ضرورت ہے اور آیا انہیں اضافی مدد درکار ہے جیسے کہ انگریزی یا فرانسیسی زبان کی کلاسیں، آپ کے بچوں کی تخمینہ کاری کی جائے گی-

p.77



**وزارت تعلیم**

Ministry of Education کی ویب سائٹوں پر انٹاریو کے پبلک اسکولوں کی تلاش کا آغاز کریں: edu.gov.on.ca

**Settlement.org**

مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر ایلیمینٹری اور سیکنڈری اسکول کی تعلیم پر کتابچہ پڑھیں: settlement.org یا findlink.at/educinfo

**مقامی اسکول بورڈ**

اونٹاریو میں واقع تمام اسکول بورڈوں اور اتھارٹیوں کی فہرست کیلئے، مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں edu.gov.on.ca یا findlink.at/boardlist

**فرانسیسی زبان کی تعلیم**

فرانسیسی زبان کی تعلیم 12 اسکول بورڈ ان بچوں کو فرانسیسی میں تعلیم دیتے ہیں جن کے والدین پیدائشی طور پر فرانسیسی بولتے ہیں- مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر مزید معلومات حاصل کریں edu.gov.on.ca یا findlink.at/fsl



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 31 03/11/14 16:36



## زبان کی تربیت

انگریزی - کچھ طلباء جب ایلیمینٹری یا سیکنڈری اسکول کا آغاز کریں گے تو اس وقت وہ انگریزی پہلی مرتبہ سیکھنا شروع کریں گے- جن طالب علموں کی مادری زبان انگریزی نہیں ہے ان کیلئے زبان کی مدد دستیاب ہے-

فرانسیسی - فرینچ ایز اے سیکنڈ لینگویج (French as a second language) (ایف ایس ایل) پروگرام انگریزی زبان کے اسکول بورڈوں میں تمام طلباء کو پیش کیا جاتا ہے- ان پروگراموں میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- کور فرینچ (Core French) – اس میں طلباء فرانسیسی کو مضمون کے طور پر پڑھتے ہیں-
- ایکسٹینڈڈ فرینچ (Extended French) – اس میں طلباء فرانسیسی کو مضمون کے طور پڑھتے ہیں اور کم از کم کسی ایک اور مضمون کیلئے ہدایات فرانسیسی زبان میں دی جاتی ہیں- ایکسٹینڈڈ فرینچ پروگرام عام طور پر سات گریڈ سے شروع ہوتے ہیں-
- فرینچ امرژن(French immersion) – اس میں طلباء فرانسیسی کو مضمون کے طور پر پڑھتے ہیں اور دو یا اس سے زیادہ مضامین کیلئے ہدایات فرانسیسی زبان میں دی جاتی ہیں- فرینچ امرژن پروگرام عام طور پر کنڈرگارٹن سے شروع ہوتے ہیں-

Ministry of Education پر ایف ایس ایل پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں: edu.gov.on.ca یا findlink.at/onfsl

فرینچ امرژن اور ایکسٹینڈڈ فرینچ پروگراموں کی تمام پبلک اسکولوں میں پیشکش نہیں کی جاتی- یہ معلوم کرنے کیلئے کہ آپ کے علاقے میں کونسے اسکولوں میں ان پروگراموں کی پیشکش کی جاتی ہے، اپنے مقامی اسکول بورڈ یا اتھارٹی سے رابطہ کریں-

### ہیری ٹیج لینگویج پروگرام
**(Heritage Language Programs)**

یہ پروگرام مختلف عمر کے بچوں کیلئے مختلف زبانوں میں ہدایات اور سرگرمیوں فراہم کرتے ہیں- یہ عام طور پر معمول کے اسکول کے اوقات کے بعد دستیاب ہوتے ہیں- آپ کے علاقے میں کونسے انتخابات موجود ہیں ان کے بارے میں معلومات کیلئے اپنے مقامی اسکول، اسکول بورڈ یا اسکول اتھارٹی سے رابطہ کریں-

## پورے دن کا کنڈرگارٹن

اونٹاریو کے زیادہ تر اسکولوں میں چار اور پانچ سال کے بچوں کیلئے اب پورے دن کے کنڈرگارٹن کی پیشکش کی جاتی ہے- ستمبر، 2014ء تک تمام اسکول پورے دن کے کنڈرگارٹن کی پیشکش کریں گے-

جب والدین کی طرف سے کافی دلچسپی کا مظاہرہ کیا جاتا ہے، تو اسکول تقریباً صبح کے 7:00 سے لے کر صبح کے 9:00 بجے تک اور دوپہر کے 3:30 سے لے کر شام کے 6:00 بجے تک اسکول سے پہلے اور بعد کے پروگراموں کی پیشکش بھی کرتا ہے- یہ پروگرام عام طور پر پورے دن کے کنڈرگارٹن کے طلبہ کیلئے ہیں اور مناسب فیس میں ان کی پیشکش کی جاتی ہے-

پورے دن کے کنڈرگارٹن اور اسکول سے پہلے اور بعد کے پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات کیلئے Ministry of Education کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں: edu.gov.on.ca یا findlink.at/full-dayk

## خصوصی ضروریات

ایسے بچے جنہیں برتاؤ، میل جول، دماغی مسائل درپیش ہیں اور/یا جن کی خصوصی جسمانی ضروریات ہیں ان کیلئے ایسے پروگرام اور مدد موجود ہے جو انہیں ان کے اسکول کے تجربات سے مکمل طور پر مستفید ہونے کا موقع فراہم کرتے ہیں-

Ministry of Education کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر ان پروگراموں کے بارے میں معلومات حاصل کریں: edu.gov.on.ca یا findlink.at/speceduc

### غور طلب باتیں

*اگلے اسکول کے سال کیلئے مجھے اپنے بچے کا داخلہ کس تاریخ تک کروانا چاہیئے؟*

*کیا میرے بچے کی تخمینہ کاری کی جا چکی ہے اور اس کا داخلہ گریڈ لیول (level) میں کیا جا چکا ہے؟*

*میرا بچہ اسکول کیسے جائے گا؟ کیا کوئی بس سروس دستیاب ہے؟*

*اگر میرے بچے کی کوئی خصوصی ضروریات ہیں، تو مقامی اسکول اور اسکول بورڈ کس قسم کی مدد فراہم کرتے ہیں؟*

*کیا میرا اسکول بورڈ فرینچ امرژن (French immersion) کی پیشکش کرتا ہے؟ میں اس کیلئے کیسے درخواست دے سکتی/ سکتا ہوں؟*



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 32 03/11/14 16:36

# پوسٹ سیکنڈری تعلیم

## اونٹاریو میں طلباء کالجوں یا یونیورسٹیوں سے اپنی پوسٹ سیکنڈری تعلیم یا اپرینٹس شپ حاصل کرتے ہیں- یونیورسٹیاں اور کالج دوسرے ممالک سے تعلیم یافتہ ایسے افراد کیلئے مختلف پوسٹ گریجوئیٹ سرٹیفیکیٹ کی پیشکش بھی کرتے ہیں جن کے پاس پہلے سے ہی پوسٹ سیکنڈری سندیں ہوتی ہیں-

### کالج

اونٹاریو کے کالجوں کے پروگرام روزگار کو مدنظر رکھتے ہوئے تشکیل دیئے گئے ہیں جو طلباء کو مختلف پیشوں میں ملازمت کی تلاش کیلئے تیار کرتے ہیں جن میں ٹیکنالوجی، صحت، کاروبار، میزبانی اور سیاحت بھی شامل ہیں- کالج سرٹیفیکیٹ اور ڈپلومہ اور ان کے ساتھ ساتھ اپرینٹس شپ (اور ایسے تعلیمی شعبوں میں کچھ ڈگری پروگرام جن میں عملی طور پرجا کرکام کرنا پڑتا ہے) کی پیشکش بھی کرتے ہیں-

کالج کا سرٹیفیکیٹ پروگرام عام طور پر ایک یا اس سے کم سال کے عرصے پر مبنی ہوتا ہے- کالج کا ڈپلومہ پروگرام عام طور پر دو یا تین سال کی فل ٹائم کی پڑھائی پر مبنی ہوتا ہے-

### یونیورسٹیاں

یونیورسٹیوں میں طلبہ انڈرگریجوئیٹ پروگراموں (بیچلرز ڈگری) اور گریجوئیٹ پروگراموں (ماسٹرز اور پی ایچ ڈی ڈگریوں) میں تعلیم حاصل کرتے ہیں- یونیورسٹیاں آرٹس اور سائنس، اور اس کے ساتھ ساتھ خاص پیشوں کے پروگراموں کی پیشکش بھی کرتی ہیں جیسے کہ تعلیم، طب، قانون اور انجینئرنگ-

عام طور پر، یونیورسٹیاں اور کالج درخواست دینے والوں سے سیکنڈری اسکول ڈپلومہ یا اس کے برابر تعلیم کا مطالبہ کرتے ہیں- تاہم، اگر آپ نے سیکنڈری اسکول کی تعلیم مکمل نہیں کی ہے، تو اگر آپ 19 سال یا اس سے بڑی عمر کے ہیں اور کینیڈین سیٹیزن یا لینڈڈ امیگرینٹ ہیں تو آپ بالغ طالب علم کے طور پر درخواست دے سکتے ہیں-

یونیورسٹی اور کالج کے کیلنڈر اپنے پروگراموں اور داخلے کی شرائط کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں- اگر آپ نے کینیڈا سے باہر کسی دوسرے ملک سے تعلیم حاصل کی ہے، تو آپ کو اپنی تعلیمی دستاویزات کی جانچ پڑتال کروانی پڑے گی- ہر اسکول کے جانچ پڑتال کے اپنے معیارات اور طریق کار ہوتے ہیں- اگر آپ نے بیرون ملک سے تعلیم مکمل کی ہے، تو آپ اپنی گزشتہ تعلیم کیلئے ایڈوانس اسٹینڈنگ، کسی کورس سے استثنا یا دیگر کریڈٹس کے اہل ہو سکتے ہیں- سند کی تصدیق اور جانچ پڑتال کے بارے میں مزید معلومات کیلئے اسکول کے داخلے کے دفتر سے رابطہ کریں-

### مالی امداد

پوسٹ سیکنڈری تعلیمی پروگراموں کیلئے ٹیوشن فیسیں مختلف ہیں اور ان کا انحصار آپ کے منتخب کردہ پروگرام پر ہے- طلباء کیلئے پوسٹ سیکنڈری مالی امداد کا اہم ذریعہ اونٹاریو اسٹوڈینٹ اسسٹینس پروگرام (Ontario Student Assistance Program) (او ایس اے پی یعنی او سیپ) ہے- کینیڈا اسٹوڈینٹ لونز (Canada Student Loans) پروگرام کے ذریعے وفاقی حکومت بھی سرمایہ فراہم کرتی ہے-

ہر کالج اور یونیورسٹی کے اپنے وظیفے اور سرمائے ہوتے ہیں- مزید معلومات کیلئے، اسکول کی ویب سائٹ پر جائیں یا اس کے فنانشل ایڈ آفس (financial aid office) کو کال کریں-

### اپرینٹس شپس (APPRENTICESHIPS) یعنی کسی کے زیر نگرانی کام سیکھنا

شاگرد ایک ایسا فرد ہوتا ہے جو مزید تجربہ کار ورکروں کے زیرنگرانی ملازمت سے متعلق مہارتیں سیکھتا ہے- اپنی تربیت کے حصے کے طور پر شاگرد کمرہ جماعت میں دی جانے والی تعلیم مکمل کرتا ہے- شاگرد ہونے کے ناطے، آپ ایک ملازم ہیں اور اپنا کام سیکھنے کے دوران پیسے بھی کمائیں گے- شاگردی کی تربیت کے دوران مختلف کاموں سے متعلق 150 مہارتیں سیکھی جا سکتی ہیں- صفحے کے سائڈ پر فراہم کردہ ذرائع دیکھیں-

### رجسٹرڈ ایجوکیشن سیونگز پلانز (REGISTERED EDUCATION SAVINGS PANS) (آر ای ایس پی ایس)

کسی بینک، کریڈٹ یونین یا میوچل فنڈ کمپنی کے ذریعے ٹیکس شیلٹرڈ آر ای ایس پی کھول کر آپ اپنے بچے کے کالج یا یونیورسٹی کی تعلیم کیلئے پیسے بھی جمع کر سکتے ہیں- ہیومن ریزورسز اینڈ سکلز ڈیویلپمینٹ کینیڈا پر جا کر مزید معلومات حاصل کریں: www.hrsdc.gc.ca یا findlink.at/can-resp

**اونٹاریو کالج اور یونیورسٹیاں**

مندرجہ ذیل ویب سائٹوں سے اونٹاریو کے کالج اور یونیورسٹیوں پر معلومات حاصل کریں www.tcu.gov.on.ca یا findlink.at/findschool

**فرانسیسی زبان کے کالج اور یونیورسٹیاں**

مندرجہ ذیل ویب سائٹوں سے اونٹاریو کے فرانسیسی زبان کے کالج اور یونیورسٹیوں پر معلومات حاصل کریں www.tcu.gov.on.ca یا findlink.at/frenschool

**طلباء کیلئے مالی امداد**

مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے معلومات حاصل کریں کہ آیا آپ اوسیپ کیلئے اہل ہیں www.osap.gov.on.ca

مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے کینیڈا اسٹوڈینٹ لونز پروگرام کے بارے میں معلومات حاصل کریں canlearn.ca

**اپرینٹس شپ پروگرام**

مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر Ministry of Training, Colleges and Universities پر جائیں: www.tcu.gov.on.ca یا findlink.at/trades





OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 33 03/11/14 16:36

# تعلیم کا تسلسل

## کالج، یونیورسٹیاں اور اسکول بورڈ تعلیم کے تسلسل کے مختلف پروگراموں کی پیشکش کرتے ہیں، جو عام طور پرشام کے اوقات اور ہفتے کے آخر میں چھٹی والے دن پیش کئے جاتے ہیں-

### تعلیم کا تسلسل (CONTINUING EDUCATION)

لوگ عام طور پر ڈگریاں یا ڈپلومے حاصل کرنے کے بعد اپنی ذاتی دلچسپیوں کی خاطر تعلیم کے تسلسل کے کورسوں میں داخلے لیتے ہیں - مثال کے طور پر، باغبانی یا فوٹوگرافی - یا کام سے متعلق مقاصد حاصل کرنے میں مدد کیلئے یہ کورس لیتے ہیں- یہ مہارت حاصل کرنا ایک بہت زبردست تجربہ ہو سکتا ہے اور اس طرح آپ اپنی کمیونٹی میں لوگوں سے واقفیت بھی حاصل کر سکیں گے-

تعلیم کے تسلسل کے کورسوں کے بارے میں معلومات کیلئے، کالجوں، یونیورسٹیوں اور اسکول بورڈ کی ویب سائٹوں پر جائیں-

- اپنے مقامی اسکول بورڈ کی تلاش کیلئے، اپنی ٹیلیفون بک کے بلیو پیجز میں دیکھیں یا مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں edu.gov.on.ca یا findlink.at/schoolinfo
- Ministry of Training, Colleges and Universities (MTCU) پر اونٹاریو کے کالج اور یونیورسٹیاں تلاش کریں: www.tcu.gov.on.ca یا findlink.at/findschool
- تعلیم کے تسلسل کے کورس ایسے بالغان کیلئے بھی دستیاب ہیں جو اپنی پڑھائی، لکھائی اور ریاضی کی مہارتوں کو بہتر بنانا چاہتے ہیں- ان پروگراموں کے بارے میں معلومات کیلئے ایم ٹی سی یو کی ویب سائٹ پر جائیں www.tcu.gov.on.ca یا findlink.at/adultlearn

### بحیثیت بالغ ہائی اسکول کا ڈپلومہ حاصل کرنا

اگر آپ 18 سال سے زیادہ عمر کے ہیں اور سیکنڈری اسکول ڈپلومہ حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو بہت سے پروگرام مفت دستیاب ہیں-

- مزید معلومات کیلئے، Ministry of Education کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں edu.gov.on.ca یا findlink.at/ossd
- انڈیپینڈینٹ لرننگ سینٹر (Independent Learning Centre) ایسے بہت سے ہائی اسکول کریڈٹ کورسوں کی پیشکش کرتا ہے جنھیں آپ آن لائن مکمل کر سکتے ہیں- اس بارے میں معلومات کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں ilc.org





OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 34 03/11/14 16:36

# زبان کی تربیت

## انگریزی یا فرانسیسی سیکھنا کینیڈا میں آبادکاری کا اہم حصہ ہے- کینیڈا کی ایک یا دونوں سرکاری زبانوں میں مہارت حاصل کرنا آپ کیلئے زندگی کے تمام شعبوں میں فائدہ مند ثابت ہوگا-

### زبان کی کلاسیں

وفاقی اور صوبائی حکومتیں اسکول بورڈوں، کالجوں اور کمیونٹی ایجنسیوں کو سرمایہ فراہم کرتی ہیں تاکہ وہ انگریزی اور فرانسیسی کی کلاسوں کی مفت پیشکش کر سکیں-

کالج، یونیورسٹیاں اور زبان سکھانے والے پرائیویٹ اسکول بھی فیس لے کر زبان سکھانے والے کورسوں کی پیشکش کرتے ہیں-

اونٹاریو میں انگریزی اور فرانسیسی کی بہت سی مختلف کلاسیں دستیاب ہیں، جن میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- انگلش لٹریسی ڈویلپمنٹ (ای ایل ڈی) English Literacy Development (ELD)
- English and French as a Second Language (ESL and FSL)
- Language Instruction for Newcomers to Canada (LINC)
- Cours de langue pour les immigrants au Canada (CLIC)
- Occupation-specific Language Training (OSLT)
- Enhanced Language Training (ELT)
- Specialized Language Training (SLT)

### زبان کی تخمینہ کاری

زبان سکھانے والے پروگرام میں داخلے سے پہلے، آپ کو اپنی زبان کی مہارتوں کی تخمینہ کاری کروانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے- اپنے آبادکاری کے کونسلر سے کہیں کہ وہ آپ کے علاقے میں موجود تخمینہ کاری کرنے والے سینٹر کے بارے میں آپ کو معلومات فراہم کرے یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں cic.gc.ca/english/newcomers/map/ontario.asp اونٹاریو کے کچھ علاقوں میں، آپ اپنی انگریزی یا فرانسیسی دونوں میں سے کسی ایک زبان کی مہارتوں کی تخمینہ کاری کروانے کا انتخاب کر سکتے ہیں-

**زبان کی تخمینہ کاری**

زبان کی تخمینہ کاری کے بارے میں مزید معلومات کیلئے، مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں www.language.ca یا findlink.at/clb-assess

**زبان سکھانے والی کلاسیں**

مختلف قسم کی زبان کی دستیاب کلاسوں کی تفصیل کیلئے، مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں inmylanguage.org یا findlink.at/eslprogram

**زبان سکھانے والی کلاسوں کی جگہ کی تلاش**

اپنے علاقے میں زبان کی کلاس کی جگہ کے بارے میں معلومات کیلئے، Ontario Immigration کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں ontarioimmigration.ca یا findlink.at/onlinetool . آپ *211* پر بھی کال کر سکتے ہیں یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں 211ontario.ca

**لینگویج انسٹرکشن فار نیوکمرز ٹو کینیڈا ہوم اسٹڈی Language Instruction for Newcomers to Canada Home Study**

گھر سے کی جانے والی لنک (LINC) ٹریننگ کے بارے میں معلومات کیلئے، مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں tcet.com یا findlink.at/homestudy

**آکیوپیشن - سپیسیفک لینگویج ٹریننگ Occupation-specific Language Training**

او ایس ایل ٹی کمیونیکیشن کی مہارتوں پر اونٹاریو کے کالجوں میں مخصوص پیشوں کیلئے مفت کلاسیں فراہم کرتا ہے- مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر مزید معلومات حاصل کریں co-oslt.org





OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 35 03/11/14 16:36

# آبادکاری کا منصوبہ

## چائلڈ کیئر

- [ ] چائلڈ کیئر کا بندوبست کرنا-

1. مقررہ کام — مکمل کنندہ/ /

معلوماتی ذرائع

2. مقررہ کام — مکمل کنندہ/ /

معلوماتی ذرائع

3. مقررہ کام — مکمل کنندہ/ /

معلوماتی ذرائع

## ایلیمینٹری اور سیکنڈری تعلیم

- [ ] یہ معلوم کریں کہ آپ کے بچے کس اسکول میں جائیں گے-
- [ ] اپنے بچوں کے اسکول میں داخلے کی آخری تاریخ معلوم کریں-
- [ ] اپنے بچوں کے اسکول جانے آنے کیلئے مناسب ذرائع آمدورفت کا بندوبست کریں-
- [ ] اپنے بچوں کے اسکول میں داخلے کیلئے ضروری دستاویزات حاصل کریں:
  - [ ] عمر کا ثبوت
  - [ ] رہائش کا ثبوت
  - [ ] سرپرستی کا ثبوت
  - [ ] حفاظتی ٹیکوں کے ریکارڈ

1. مقررہ کام — مکمل کنندہ/ /

معلوماتی ذرائع

2. مقررہ کام — مکمل کنندہ/ /

معلوماتی ذرائع

3. مقررہ کام — مکمل کنندہ/ /

معلوماتی ذرائع

## پوسٹ سیکنڈری تعلیم

☐ اپنے یا اپنے بچوں کیلئے کالج یا یونیورسٹی میں درخواست دینے کی آخری تاریخ معلوم کریں۔

☐ داخلے کی عام شرائط پر معلومات حاصل کریں۔

☐ کسی بھی دستیاب مالی مدد کی درخواست دیں۔

1. مقررہ کام — مکمل کنندہ/ /

معلوماتی ذرائع

2. مقررہ کام — مکمل کنندہ/ /

معلوماتی ذرائع

3. مقررہ کام — مکمل کنندہ/ /

معلوماتی ذرائع

## تعلیم جاری رکھنا

☐ اپنی دلچسپیوں یا پیشے سے متعلق کالج، یونیورسٹی یا اسکول بورڈ کے جاری تعلیم کے کورسوں کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔

1. مقررہ کام — مکمل کنندہ/ /

معلوماتی ذرائع

2. مقررہ کام — مکمل کنندہ/ /

معلوماتی ذرائع

3. مقررہ کام — مکمل کنندہ/ /

معلوماتی ذرائع



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 37 03/11/14 16:36

## زبان کی تربیت

- [ ] اپنی زبان کی مہارتوں کی تخمینہ کاری کروائیں۔
- [ ] زبان سکھانے والے اس پروگرام پر غور کریں جو آپ کی ضروریات کے مطابق ہو۔
- [ ] اپنے پیشے سے متعلق مخصوص زبان کی تربیت کے بارے میں معلومات کیلئے کسی کونسلر سے بات چیت کریں۔

**1.** مقررہ کام ________ مکمل کنندہ/ /

معلوماتی ذرائع ________

**2.** مقررہ کام ________ مکمل کنندہ/ /

معلوماتی ذرائع ________

**3.** مقررہ کام ________ مکمل کنندہ/ /

معلوماتی ذرائع ________



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 38 03/11/14 16:36

# ملازمت اور کاروبار

یہ حصہ اونٹاریو لیبر مارکیٹ کو سمجھنے اور اس تک رسائی میں آپ کی مدد کیلئے معلومات فراہم کرتا ہے- اس میں آپ اونٹاریو میں کام کرنے کیلئے تیاری، اپنی بین الاقوامی تربیت اور کام سے متعلق تجربے کی تصدیق کروانے کی تیاری، مؤثر انداز سے ملازمت کی تلاش اور اپنے کاروبار کا آغاز کرنے کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے-




**40**
ملازمت کیلئے تیاری کرنا

**42**
ملازمت تلاش کرنا

**44**
ملازمت کی جگہ پر حقوق

**46**
اپنے کاروبار کا آغاز کرنا

**47**
آبادکاری کی منصوبہ




OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 39 03/11/14 16:36



# ملازمت کیلئے تیاری کرنا

## سوشل انشورنس نمبر (SIN)

اس سے پہلے کے کینیڈا میں آپ کوئی کام کریں، آپ کے پاس لازمی طور پرسوشل انشورنس نمبر ہونا چاہیئے (جسے عموما SIN بھی کہا جاتا ہے)- جب آپ کو کوئی کام ملے گا، تو آپ کا امپلائر آپ کو ملازمت پر رکھنے کے طریق کار کو مکمل کرنے کیلئے آپ سے آپ کے SIN کے بارے میں پوچھے گا- آپ اپنے ٹیکس کے فارم مکمل کرنے اور حکومت کی کچھ خدمات کیلئے درخواست دینے کیلئے بھی اس نمبر کو استعمال کریں گے- آپ کو اپنا SIN خفیہ اور احتیاط سے رکھنا چاہیئے-

## دوسرے ممالک سے حاصل کی گئی تعلیمی اسناد کی تخمینہ کاری

سب سے پہلے یہ معلوم کرنا ضروری ہے کہ آیا آپ کو اپنی غیرملکی تعلیمی اسناد کی تخمینہ کاری کروانے کی ضرورت ہے- چند خود بخود باضابط یا بے ضابط پیشوں کیلئے، تخمینہ کاری ضروری نہیں ہے، اور عام طور پر اس کا انحصار ملازمت پر رکھنے والے فرد کے فیصلے پر ہوتا ہے-

اگر آپ کو تخمینہ کاری کروانے کی ضرورت ہے کیونکہ آپ کے پیشے کے کچھ مخصوص تعلیمی مطالبات ہیں، تو پھر آپ کی سندوں کا کینیڈا کی تعلیم سے موازنہ کیا جائے گا- اس سے آپ کو یہ اندازہ ہو جائے گا کہ اونٹاریو میں جو ملازمت آپ حاصل کرنا چاہتے ہیں اس کیلئے آیا آپ کو مزید تربیت یا تعلیم کی ضرورت ہے- صفحے کے سائڈ پر فراہم کردہ ذرائع دیکھیں-

## اونٹاریو میں پیشے

اونٹاریو میں بہت سے مختلف پیشے، روزگار اور کاروبار موجود ہیں- ان میں سے کچھ باضابط ہیں (regulated)جبکہ کچھ بے ضابط (unregulated) ہیں یا بذات خود باضابط (self-regulated) ہیں-

## بے ضابط یا بذات خود باضابط پیشے (UNREGULATED OR SELFREGULATED)

اونٹاریو میں کام کرنے کیلئے زیادہ تر پیشوں اور بہت سی تجارتوں کیلئے آپ کے پاس کوئی خاص لائسینس یا سرٹیفیکیٹ ہونا ضروری نہیں ہے- انہیں بے ضابط پیشے کہا جاتا ہے- بے ضابط پیشوں میں سرمائے سے متعلق مینیجر، ماہرمعاشیات، کمپیوٹر پروگرامر، بہی کھاتے لکھنے والے، سسٹم اینالسٹ، عام ترکھان، باورچی اور بہت سے شامل ہیں-

کچھ ایسے پیشے بھی ہیں جن کیلئے اونٹاریو میں کام کرنے کیلئے سرٹیفیکیشن کی ضرورت نہیں ہے، لیکن ان کیلئے سرٹیفیکیشن حاصل کی جا سکتی ہے- انہیں بذات خود باضابط پیشے کہا جاتا ہے- اس کی مثال ہیومن ریسورس کنسلٹنٹ ہے-

**اپنے سوشل انشورنس نمبر (SIN) کیلئے درخواست دینا**

یہ معلوم کرنے کیلئے کہ اپنے SIN کیلئے درخواست کیسے دینی ہے، سروس کینیڈا پر جائیں www.servicecanada.gc.ca یا findlink.at/sin

**سند کی تخمینہ کاری**

Canadian Information Centre for International Credentials پر جائیں cicic.ca یا findlink.at/cicic-cred یا Foreign Credentials Referral Office کی مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں credentials.gc.ca

**گلوبل ایکسپیریئنس اونٹاریو Global Experience Ontario**

اونٹاریو میں منظم پیشوں کے بارے میں معلومات کیلئے مندرجہ ذیل نمبر پر کال کریں 1-866-670-4094 یا مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پرجائیں www.citizenship.gov.on.ca یا findlink.at/globalexpe

**ہیلتھ فورس اونٹاریو HealthForce Ontario**

اگر آپ بین الاقوامی طور پر تعلیم یافتہ صحت سے متعلقہ پیشہ ور ہیں، تو مندرجہ ذیل نمبر پر کال کریں 1-800-596-4046 یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں healthforceontario.ca

**بریجنگ پروگرام Bridging Programs**

بریجنگ پروگراموں کے بارے میں معلومات کیلئے، اپنے آبادکاری کے کونسلر سے بات چیت کریں یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں www.citizenship.gov.on.ca یا findlink.at/training



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 40 03/11/14 16:36


## باضابط پیشے

اونٹاریو میں بہت سے ایسے پیشے اور کاروبار ہیں، جن میں سوشل ورکر؛ نرسنگ؛ الیکٹریکل ٹریڈز اور پلمبر کا پیشہ شامل ہیں، ان پیشوں کیلئے اس محکمے کے ساتھ اندارج کروانا، یا لائسینس حاصل کرنا ضروری ہے جو ان پیشوں کی باقاعدگی سے نگرانی کرتے ہیں- انھیں باضابط پیشےکہا جاتا ہے- اگر آپ کسی با ضابط پیشے میں کام کرنا چاہتے ہیں، تو یہ معلوم کرنے کیلئے کہ آپ کو لائسینس لینے یا اندراج کروانے کیلئے کیا کرنے کی ضرورت ہے آپ کو اونٹاریو میں اس پیشے کی نگرانی کرنے والے محکمے کے بارے میں معلومات حاصل کرنا پڑیں گی-

گلوبل ایکسپیریئنس اونٹاریو (Global Experience Ontario) (جی ای او) ایک رسائی والا سینٹر ہے جو بین الاقوامی تربیت یافتہ ایسے نئے آنے والوں کو جو صحت سے غیر متعلقہ پیشوں اور ہنرمند تجارتوں میں کام کرنا چاہتے ہیں، مفت معلومات اور امداد فراہم کرتا ہے- صحت سے متعلقہ پیشوں کیلئے، ہیلتھ فورس اونٹاریوبین الاقوامی صحت سے متعلقہ پیشہ ور تعلیم یافتہ افراد کیلئے مرکزی ایجنسی ہے-

## بریجنگ پروگرام (BRIDGING PROGRAMS)

اونٹاریو کے بریج ٹریننگ کے پروگرام تربیت، اضافی مہارتوں، شعبوں سے متعلقہ مخصوص ملازمت کی تلاش میں مدد اور امپلائمینٹ سپورٹ کی فراہمی کے ذریعے آپ کے پیشے میں کام کرنے کیلئے تیاری میں آپ کی مدد کرتے ہیں- کچھ بریج ٹریننگ کے پروگرام باضابطہ پیشوں میں کام کرنے کیلئے لائسینس حاصل کرنے کیلئے آپ کو تیار کرتے ہیں-جبکہ دوسرے ورک پلیسمینٹ، مینٹور شپ اور امپلائرز سے رابطے کروانے کے ذریعے اونٹاریو میں آپ کے شعبے میں مواقع تک رسائی فراہم کرتے ہیں- اس صفحے کے مقابل صفحے پر فراہم کردہ ذرائع دیکھیں-



### غور طلب باتیں

*کیا میرا ترجیح یافتہ پیشہ باضابط یا بے ضابط ہے؟*

*اگر باضابط ہے، تو مجھے لائسینس حاصل کرنے کیلئے کیا کرنے کی ضرورت ہے؟*

*کیا میرے پاس وہ تمام دستاویزات موجود ہیں جن کی مجھے اپنی سندوں کی تخمینہ کاری کروانے کیلئے ضرورت ہے؟*

*وہ دستاویزات جو میرے پاس موجود نہیں ہیں ان کو حاصل کرنے کیلئے مجھے کس سے رابطہ کرنا چاہیئے؟*

*کیا میرے پیشے کیلئے کسی مخصوص تعلیم کے ثبوت کی ضرورت ہے؟*

*کیا اس کیلئے کوئی مخصوص تعلیم درکار ہے؟*

*کیا میرے پاس ضروری تعلیمی اسناد موجود ہیں؟*

# ملازمت تلاش کرنا

جس ملازمت کی آپ کو تلاش ہے اس میں منصوبہ بندی اور وقت لگتاہے- اونٹاریو میں ملازمت تلاش کرنے میں کچھ دشواریاں پیش آسکتی ہیں- بائیوڈیٹا یعنی ریزمے مختلف طریقے سے پیش کرنا پڑ سکتا ہے، اور ملازمت کی تلاش میں دوسرے لوگوں سے میل ملاقات اور نیٹ ورکنگ آپ کی ملازمت کی تلاش کا ایک اہم حصہ ہے- آپ کی مددکیلئے مختلف ایجنسیاں اور امداد دستیاب ہیں-

## ملازمت کی تلاش میں امداد

اونٹاریو میں افرادی قوت کی مارکیٹ اور ملازمت کی تلاش میں مدد کیلئے نئے آنے والوں کیلئے بہت سے پروگرام اور ویب سائٹیں موجود ہیں- آپ اپنی تلاش مندرجہ ذیل کے ذریعے شروع کر سکتے ہیں:

- نئے آنے والوں کیلئے ملازمت کی مفت تلاش کی ورکشاپ (جے ایس ڈبلیو) میں اندراج کروائیں- اپنے آبادکاری کے کونسلر سے بات چیت کریں یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں jswontario.org
- مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر اونٹاریو لیبر مارکیٹ کے بارے میں معلومات حاصل کریں ontario.ca یا findlink.at/lmi
- اپنی ملازمت کی تلاش میں مددکیلئے امپلائمینٹ اونٹاریوکانٹیکٹ سینٹر (Employment Ontario Contact Centre) سےمعلومات اور تجاویز حاصل کرنےکیلئے مندرجہ ذیل نمبر پر کال کریں *1-800-387-5656* یا Employment Ontario کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں ontario.ca یا findlink.at/etlanding
- مندرجہ ذیل ویب سائٹوں سے معلوم کریں کہ امپلائمنٹ اونٹاریو سروس فراہم کرنے والا آپ کی مدد کیسے کر سکتا ہے www.tcu.gov.on.ca یا findlink.at/ineedajob
- ”ورکنگ ان کینیڈا“ کی چھان بین کریں، جو ایک ٹول ہے جسے حکومت کینیڈا نے تشکیل دیا ہے- workingincanada.gc.ca
- مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر ملازمت کی تلاش کے مفید مضامین کامطالعہ کریں settlement.org یا findlink.at/employInfo
- ملازمتوں کیلئے Service Canada کے ڈیٹا بیس (database) تک رسائی حاصل کریں جو اونٹاریو اور کینیڈا بھر میں مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر آن لائن دستیاب ہے- jobbank.gc.ca

## کام کرنے والے افراد کے ساتھ رابطہ کرنا

کام کرنے والے کینیڈین کے ساتھ رابطہ کرنےکیلئے رضاکارانہ طور پر کام کرنا ایک زبردست طریقہ ہو سکتا ہے- *211* پرکال کریں اور اپنے مقامی والنٹیئر (volunteer) سینٹرکیلئے پوچھیں، یا اونٹاریو والنٹیئر سینٹر نیٹ ورک کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں ovcn.ca

کیریئر بریج (Career Bridge) ہنر مند امیگرینٹس کو مختلف اقسام کی وسیع بے ضابطہ ملازمتوں (unregulated fields) کی زیرنگرانی تربیت (internships) فراہم کرتا ہے، بمع کاروباری نظام، کیمسٹری، کمیونیکیشن، ماحولیاتی تعلیم اور فنانس- مزید معلومات حاصل کرنے اور درخواست دینے کیلئے، کال کریں *1-888-507-3343* یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں careerbridge.ca

### ملازمت اور کاروبار

*کیا اپنے پیشے میں کامیابی کیلئے اپنے پیشے سے متعلق مخصوص ذرائع ابلاغ کی مہارتوں میں مجھے مزید تربیت حاصل کرنے کی ضرورت ہے؟*

*میں اپنے ریزمے اور کورلیٹر اور دیگر ملازمت کی تلاش میں مدد کے بارے میں ماہرین کی رائے کہاں سے لے سکتی/ سکتا ہوں؟*

*میں اپنے پیشے میں کام کرنے والے دوسرے افراد سے کیسے ملاقات کر سکتی/ سکتا ہوں؟*

*اونٹاریو میں میری ترجیحی ملازمت کی اوسط تنخواہ کتنی ہے؟*

*اونٹاریو میں میری ترجیحی انڈسٹری اور ملازمت کی موجودہ اہم تبدیلیاں کیا ہیں؟*





## ملازمت کیلئے درخواست دینا

عام طور پر آپ کسی ملازمت کیلئے بائیوڈیٹا (résumé) بھیج کر درخواست دیتے ہیں (جسے "curriculum vitae" یا CV کے نام سے بھی جانا پہچانا جاتا ہے)- ریزمے آپ کی تعلیمی اسناد اورکام کے تجربےکی فہرست ہوتی ہے- کوور لیٹر (cover letter) ایک مختصر وضاحت ہوتی ہے جو آپ کو کسی ملازمت کیلئے مضبوط امیدوار بناتی ہے-

کچھ امپلائر دوسرے ملک میں آپ کے سابقہ تجربے کی قدروقیمت کے بارے میں بے یقین ہوں گے- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کا ریزمے اورکوور لیٹر یہ ظاہر کرتے ہوں کہ آپ کے سابقہ کام کا تجربہ کس طرح اونٹاریو کے امپلائر کیلئے مفید ہوگا- آپ مندرجہ ذیل ویب سائٹوں سے ریزمے اورکوور لیٹر تیارکرنے اور ملازمت کے انٹرویوکی تیاری کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں- jobsetc.gc.ca یا workingincanada.gc.ca


p.63

## اونٹاریو کی ملازمت والی جگھوں کا ماحول

ملازمت والی جگہ کا ماحول مختلف ملکوں میں مختلف ہوتا ہے، یہاں تک کہ ایک پیشے کا ماحول دوسرے پیشے سے مختلف ہوتا ہے- عام طور پر، اونٹاریوکے امپلائر بات چیت کی مہارت کو بہت اہمیت دیتے ہیں- آپ کی مقامی آبادکاری کی ایجنسی اور ملازمتوں کے دیگر ماہرین اونٹاریو کی ملازمت والی جگہ کے ماحول کے بارے میں معلومات حاصل کرنے میں مدد کر سکتے ہیں- زبان کی تربیت کے کچھ کورسوں میں ملازمت کی جگہ کے ماحول اور بات چیت کو شامل کیاگیا ہے-



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 43
03/11/14 16:37



# ملازمت کی جگہ پرحقوق

## ملازمت کی جگھوں پر مساوات

اونٹاریو انسانی حقوق کا مجموعۂ قوانین و ضوابط ملازمت کی جگھوں پر امتیازی سلوک کی ممانعت کرتا ہے- اونٹاریو میں کسی بھی کام کرنے یا ملازمت کیلئے درخواست دینے والےسے اسکے رنگ، نسلی وطن، شہریت، مذہب، عمر، جنس، جنسی رخ بندی، غیرقانونی حرکتوں کے ریکارڈ، اذدواجی رتبے، ہم جنسی پارٹنرشپ، خاندانی رتبے یا معذوری کی وجہ سے اس کے ساتھ ناانصافی نہیں کی جاسکتی اور اسے ڈرایادھمکایا نہیں جاسکتا- ملازمت کی جگہ پر اپنے برابری کے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں مزید معلومات کیلئے، اونٹاریو ہیومن رائٹس کمیشن کی ویب سائٹوں پر جائیں- www.ohrc.on.ca یا findlink.at/ohrcemploy

## اونٹاریو امپلائمینٹ سٹینڈرڈز ایکٹ (ONTARIO EMPLOYMENT STANDARDS ACT)

اونٹاریو میں ملازمت کی منصفانہ اور محفوظ جگہ ورکروں کا حق ہے- اونٹاریو امپلائمینٹ سٹینڈرڈز ایکٹ *Ontario Employment Standards Act* (ای ایس اے (ESA) نے ایسے کم سے کم معیارات مقررکئے ہیں جن پر ملازمین اور امپلائرز کو لازمی طور پر عمل کرنا پڑتا ہے-

## تنخواہیں

اونٹاریو میں زیادہ تر ملازمین کم ازکم تنخواہ لینےکے حقدار ہیں- 2013ء، عام کم ازکم تنخواہ 10.25 ڈالر فی گھنٹہ تھی، اور طالبعلم کی کم ازکم تنخواہ 9.60 ڈالر فی گھنٹہ تھی- [5] موجودہ کم ازکم تنخواہ کا پتہ چلانےکیلئے، Ministry of Labour کی ویب سائٹوں پر جائیں- www.labour.gov.on.ca یا findlink.at/minwage

## کام کے اوقات

عام طورپر، ملازمین کو آٹھ گھنٹے فی یوم اور ہفتے میں کل 48گھنٹے فی ہفتہ سے زیادہ کام کرنےکی ضرورت نہیں ہے، لیکن کچھ صورتوں میں اس سے زیادہ ہوسکتاہے- اونٹاریو ڈائریکٹر آف امپلائمینٹ سٹینڈرڈزکی منظوری سے تحریری معاہدے کے ذریعے زیادہ سے زیادہ گھنٹوں سے تجاوزکیا جا سکتا ہے-

## عوامی چھٹیاں

اونٹاریو میں ہر سال نو عوامی چھٹیاں ہوتی ہیں- اہل ملازمین ان چھٹیوں کے حقدار ہوتے ہیں اور انہیں ان عوامی چھٹیوں کی تنخواہ ملتی ہے- اونٹاریو کی عوامی چھٹیاں مندرجہ ذیل ہیں: نئے سال کا پہلادن، فیملی ڈے، گڈ فرائیڈے، وکٹوریہ ڈے، کینیڈا ڈے، تھینکس گیونگ ڈے، کرسمس ڈے اور باکسنگ ڈے-

## تعطیلات کا وقت

عام طور پر، ملازمین اپنے 12 ماہ کئے گئے کام کیلئےکم ازکم دو ہفتوں کی تعطیلات کے حقدار ہوتے ہیں- تنخواہ کے ساتھ تعطیلات کی جگہ، ملازمین اپنی کل تنخواہ کا کم ازکم چار فیصد وصول کرنے کے حقدار ہوتے ہیں-

[5] یہ شرح ان طلباء پر لاگو ہوتی ہے جو 18سال سے کم عمروں کے ہیں جو 28گھنٹے فی ہفتہ یا اس سےکم کام کرتے ہیں جب اسکول کھلے ہوئے ہوتے ہیں یا اسکول کی چھٹیوں یا گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران کام کرتے ہیں-



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 44 03/11/14 16:37

## اپنی تنخواہ وصول کرنا

ملازمین کو باقاعدگی سے، متواتر تنخواہ والے دن تنخواہ کی ادائیگی لازمی طور پر ہونی چاہیئے اور انہیں ایک اسٹیٹمینٹ ملنی چاہیئے جو تنخواہ کے اس عرصےکی اجرت اور کٹوتیوں کو ظاہرکرتی ہو-

## زچگی اور والدانہ (PARENTAL) فرائض کیلئے چھٹی

جب مائیں حاملہ ہوں یا ابھی حال ہی میں بچہ پیدا ہوا ہو تو اس وقت ملازمت کرنے والی مائیں اور والد اپنی ملازمتوں سے بغیر تنخواہ عارضی چھٹی کے حقدار ہیں- امپلائمینٹ انشورنس (ای آئی) اہل والدین کو بینافٹس فراہم کرتی ہے-

امپلائمینٹ اسٹینڈرڈز ایکٹ کے تحت حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنےکیلئے، *Ministry of Labour's Employment Standards Information Centre* کو مندرجہ ذیل نمبر پر کال کریں *1-800-531-5551* (اس پر معلومات 23 زبانوں میں پیش کی جاتی ہے) یا Ministry of Labour کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں www.labour.gov.on.ca یا findlink.at/on-esa کسی فیڈرل گورنمنٹ لیبر افیئرز آفیسر سے بات کرنےکیلئے آپ کسی سروس کینیڈا سینٹر پر بھی جا سکتے ہیں- محل و وقوع کیلئے آپ اپنی فون ڈائریکٹری کے بلیو پیجز میں دیکھیں یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں servicecanada.gc.ca

p.103

## صحت اور حفاظت

اونٹاریو آکیوپیشنل ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایکٹ (*Ontario Occupational Health and Safety Act*) اونٹاریو ورکرز کی صحت اور حفاظت کو محفوظ بنانےکیلئے معیارات متعین کرتا ہے- ان کا اطلاق اونٹاریو میں تمام کاروباری شعبوں میں ملازمت والی تمام جگہوں پر ہوتا ہے، لیکن کچھ استثناء کے ساتھ-

- ملازمت والی جگہ پر اپنے اور اپنے امپلائر کے صحت اور حفاظت کے حوالے سے حقوق اور ذمہ داریوں سے متعلق ورک بک میں *Worker Health and Safety Awareness in 4 Steps* کا مطالعہ کریں- ورک بک وزارت افرادی قوت کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر دستیاب ہے- www.labour.gov.on.ca یا findlink.at/hsawarenes آپ مندرجہ ذیل نمبر پر ServiceOntario کو ورک بک بذریعہ ڈاک بھجوانے کیلئے کال بھی کر سکتے ہیں *1-800-267-8097*
- Ministry of Labour کی ورکروں کی حفاظت کیلئے حکمت عملی کے بارے میں مزید جاننے کیلئے، مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں www.labour.gov.on.ca یا findlink.at/hsafety
- ملازمت کی جگہ پر حفاظت سے متعلق تشویش کی اطلاع دینے کے بارے میں معلومات کیلئے، Health and Safety Contact Centre کو کال کریں *1-877-202-0008*

## اونٹاریو ورک پلیس سیفٹی اینڈ انشورنس بورڈ (ONTARIO WORKPLACE SAFETY AND INSURANCE BOARD)

اونٹاریو ورک پلیس سیفٹی اینڈ انشورنس بورڈ (ڈبلیو ایس آئی بی) Ontario Workplace Safety and Insurance Board (WSIB) امپلائروں اور ان کے ملازمین کیلئے اونٹاریو کی نو فالٹ ورک پلیس انشورنس کا نظم و نسق چلاتی ہے- بورڈ کو سرمایہ امپلائروں کے چندے سے فراہم کیا جاتا ہے- یہ معذوری سے متعلق بینافٹس فراہم کرتا ہے، ورکروں کو فراہم کی جانے والی صحت کی نگہداشت کے معیارکی نگرانی کرتا ہے اور ان ورکروں کی مدد کرتا ہے جو ملازمت پرکام کے دوران زخمی ہو جاتے ہیں-

اگر آپ ملازمت والی جگہ پر زخمی ہوئے تھے یا آپ ورک پلیس سیفٹی انشورنس کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو مندرجہ ذیل نمبر پر کال کریں *1-800-387-0750* یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر ڈبلیو ایس آئی بی کا وزٹ کریں wsib.on.ca







OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 45 03/11/14 16:37



# اپنے ذاتی کاروبار کا آغاز کرنا

## اونٹاریو میں اپنا ذاتی کاروبار شروع کرنےکیلئے ولولہ خیز مواقع موجود ہیں- اونٹاریو میں 2012ء میں، 2.9 ملین سے زائد لوگوں کو چھوٹے اور درمیانے سائز کے کاروباری اداروں میں ملازمتیں دی گئیں- ان کاروباری اداروں کو اونٹاریو کے 98 فیصد کاروبار کیلئے مفید سمجھا گیا-[6]

اونٹاریو میں کاروبار شروع کرنے کے بارے میں معلومات کیلئے، Ministry of Economic Development and Trade کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں ontario.ca یا findlink.at/business

حکومت اونٹاریو نے سمال بزنس انٹرپرائز سینٹرز قائم کئے ہوئے ہیں، جو صوبے بھر میں موجود ہیں- یہاں آپ کاروبار کے آغاز، ملکیت اور کامیاب چھوٹے کاروبارکو چلانےکے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں- مندرجہ ذیل فون نمبر پر کال کرکے *1-800-567-2345* یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جا کر مزید معلومات حاصل کریں ontario.ca یا findlink.at/sbec

حکومت کینیڈا نے متعددکینیڈا بزنس سروس سینٹرز کھول رکھے ہیں جہاں سے آپ اپنا کاروبار شروع کرنے کے بارے میں مدد کیلئے معلومات اور مدد حاصل کر سکتے ہیں- مزید معلومات کیلئے، مندرجہ ذیل نمبر پر کال کریں *1-888-576-4444* یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں- canadabusiness.ca

[6] ذرائع: منسٹری آف اکنامک ڈیویلپمینٹ اینڈ ٹریڈ ، ontariocanada.ca یا findlink.at/onmedte



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 46 03/11/14 16:37

# آباکاری کا منصوبہ

## ملازمت کیلئے تیاری کرنا

- ☐ سوشل انشورنس نمبر (SIN) کیلئے درخواست دیں۔
- ☐ یہ معلوم کریں کہ کیا آپ کا پیشہ اونٹاریو میں باضابطہ (regulated) ہے۔
- ☐ کیا آپ کی تعلیمی اسناد کی تخمینہ کاری کروائی جا چکی ہے۔
- ☐ اپنے علاقے میں بریجنگ پروگرام کے بارے میں معلوم کریں جو آپ کے پیشے کے مقاصد کے مطابق ہو۔

**1.** مقررہ کام مکمل کنندہ / /

معلومات کے ذرائع

**2.** مقررہ کام مکمل کنندہ / /

معلومات کے ذرائع

**3.** مقررہ کام مکمل کنندہ / /

معلومات کے ذرائع

## ملازمت تلاش کرنا

- ☐ اپنی ملازمت کی تلاش کی ضروریات اور اگلے اقدامات کے بارے میں کسی آبادکاری کے کونسلر یا کسی امپلائمینٹ کونسلر سے بات چیت کریں۔
- ☐ اپنے ترجیحی پیشے کیلئے اونٹاریو میں ملازمت کی جگہ کے ماحول کے بارے میں بنیادی فہم حاصل کریں۔
- ☐ ایک ریزمے (résumé) اور کوور لیٹر (cover letter) تیارکریں۔
- ☐ مؤثر نیٹ ورک یعنی لوگوں سے تعلقات پیدا کرنا شروع کریں اور مقامی تعلقات والے لوگوں کی فہرست تیار کریں۔
- ☐ اپنے علاقے میں اپنی مہارتوں کے مطابق دستیاب رضاکارانہ یا بغیر تنخواہ کے انٹرنشپ پروگرامز تلاش کریں جن سے آپ کو اضافی تجربہ حاصل ہو۔

**1.** مقررہ کام مکمل کنندہ / /

معلومات کے ذرائع

**2.** مقررہ کام مکمل کنندہ / /

معلومات کے ذرائع

**3.** مقررہ کام مکمل کنندہ / /

معلومات کے ذرائع



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 47 03/11/14 16:37

## اپنے ذاتی کاروبار کا آغاز کرنا

☐ اپنے کاروبار کے آغاز کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کیلئے کسی چھوٹے بزنس انٹرپرائز سینٹر سے رابطہ کریں-

1. مقررہ کام ______ مکمل کنندہ / /

معلومات کے ذرائع ______

2. مقررہ کام ______ مکمل کنندہ / /

معلومات کے ذرائع ______

3. مقررہ کام ______ مکمل کنندہ / /

معلومات کے ذرائع ______

# پیسہ اور ذاتی مالیات

یہ حصہ آپ کے روپے پیسے سے متعلقہ اہم مسائل کے بارے میں ہے- اس میں آپ بینک اکاؤنٹ کھلوانے، کریڈٹ بنانے اور ٹیکسوں کی ادائیگی کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے اور اس کے ساتھ ساتھ بینافٹس اور سوشل اسسٹینس کے بارے میں بھی معلومات حاصل کریں گے-




**50**
روپیہ پیسہ اور بینکنگ

**51**
کریڈٹ بنانا

**52**
ٹیکس

**53**
بینافٹس اور سوشل اسسٹینس

**54**
آبادکاری کا منصوبہ


OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 49 03/11/14 16:37

# پیسہ اور بینکنگ

اونٹاریو کے رہائشی عام طور پر اپنا پیسہ بینکوں، کریڈٹ یونین یا ٹرسٹ کمپنیوں میں رکھتے ہیں- یہ مالیاتی ادارے محفوظ ہیں اور ان تک رسائی آسان ہے- زیادہ تر مالیاتی ادارے کینیڈین ڈیپازٹ انشورنس کارپوریشن کے رکن ہیں، جس کا مطلب یہ ہے کہ حکومت آپ کے اکاؤنٹ میں موجود زیادہ سے زیادہ 100,000 ڈالر تک کی رقم کا بیمہ کرتی ہے-

## پیسہ

کینیڈا کی کرنسی اور غیرملکی نقدی کو کینیڈا کی نقدی میں تبدیل کرنے کے بارے میں معلومات کیلئے، ویلکم ٹو کینیڈا کتابچے کا مطالعہ کریں-

نقد رقم بذریعہ ڈاک کبھی مت بھجوائیں- اس کی بجائے، چیک، منی آرڈر (جسے بینک سے خریدا جاتا ہے) یا پوسٹل آرڈر (جسے ڈاک خانے سے خریدا جاتا ہے) استعمال کریں- بینک اور پرائیویٹ ٹرانسفر سروسز رقم بھجوانے کیلئے آپ کو دیگر انتخابات فراہم کر سکتے ہیں-

p.105–106

## بینک کی خدمات

اگر آپ کے پاس کوئی ملازمت نہیں ہے یا اسی وقت اکاؤنٹ میں جمع کروانے کیلئےکوئی رقم پاس نہیں ہے تو اس صورت میں بھی آپ بینک اکاؤنٹ کھلوا سکتے ہیں- زیادہ تر بینک مندرجہ ذیل خدمات کی پیشکش کرتے ہیں:

- چیکنگ اور سیونگز اکاؤنٹ
- ڈیبٹ کارڈز
- 24 گھنٹے انٹرنیٹ اور بینکنگ
- قرضے اور کریڈٹ کارڈز
- سرمایہ کاری سے متعلق مصنوعات اور منصوبہ بندی
- سرمائے سے متعلق مشورے

اگرچہ کینیڈا کے بینک بہت محفوظ سمجھے جاتے ہیں، اس کے باوجود آپ کو ہر چیز کے بارے میں علم ہونا چاہیئے تاکہ آپ اپنی مالیاتی دلچسپیوں کی حفاظت کر سکیں- فریب آمیز سرگرمیوں سے خود کو اور اپنے سرمائے کو کیسے محفوظ کرنا ہے جیسے کہ ڈیبٹ کارڈ کا فریب، اس کے بارے میں تجاویز اور معلومات کیلئے، مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر کینیڈا کی آن لائن کنزیومر ہینڈ بک کا مطالعہ کریں
consumerhandbook.ca

p.109–111

## بینک اکاؤنٹ کھلوانا

اکاؤنٹ کھلوانے سے پہلے مختلف مالیاتی اداروں کے بارے میں معلومات حاصل کرنا اچھا ہوتا ہے- بینکوں کی مصنوعات اور خدمات کی فیسیں اور اس کے ساتھ ساتھ سود کی شرح مختلف ہو سکتی ہیں- ایسے اینبک اکاؤنٹوں کے بارے میں پوچھیں جن کی فیسیں نہیں ہوتیں، آج کل ایسے اکاؤنٹ بہت مشہور ہو رہے ہیں- ایسی خدمات کے بارے میں بھی معلوم کریں جو خاص طور پر نئے آنے والوں کیلئے ہیں-

اگر آپ کا امپلائر ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی اکاؤنٹ کے ذریعے کرتا ہے تو آپ کو چیکنگ اکاؤنٹ کھلوانے کی ضرورت پڑے گی- سیونگز اور سرمایہ کاری کے اکاؤنٹ پیسوں کی بچت کیلئے کارآمد ہوتے ہیں کیونکہ ان کے سود کی شرح چیکنگ اکاؤنٹوں کے مقابلے میں زیادہ ہوتی ہے- تاہم، ہو سکتا ہے کہ آپ کو محض چند قسموں کی یا محدود ٹرانزیکشنیں کرنی پڑیں- زیادہ تر سیونگز اکاؤنٹ کھلوانے والے افراد کے پاس روزمرہ کی بینکنگ کیلئے چیکنگ اکاؤنٹ ہوتے ہیں-

کسی بھی بینک، کریڈٹ یونین یا ٹرسٹ کمپنی میں اپنا اکاؤنٹ کھلوانے کیلئے، آپ کو کوئی سی بھی دو شناختی دستاویزات دکھانی پڑیں گی، جیسے کہ پاسپورٹ اور سوشل انشورنس نمبر (سن) کارڈ- عام طور پر، ان میں سے کسی ایک پر آپ کی تصویر لازما ہونی چاہیئے-

جب آپ بینک اکاؤنٹ کھلوائیں گے، تو آپ کو ایک بینک کارڈ ملے گا (جسے ڈیبٹ کارڈ بھی کہا جاتا ہے)- اس کارڈ کو آپ زیادہ تر اسٹوروں، ہوٹلوں اور دیگر تجارتی اداروں میں نقد رقم کی جگہ استعمال کر سکتے ہیں- اس کارڈ کی مدد سے آپ بینک مشینوں پر بھی ٹرانزیکشنیں مکمل کر سکتے ہیں (جنہیں آٹومیٹڈ ٹیلر مشینیں یا اے ٹی ایمز کہا جاتا ہے)-

p.109–111

## غور طلب باتیں

*کونسے بینکوں میں نئے آنے والوں کیلئے مخصوص خدمات کی پیشکش کی جاتی ہے؟*

*کیا مجھے سیونگ اکاؤنٹ اور چیکنگ اکاؤنٹ کی ضرورت ہے؟*

*اگر میرے پاس ایک بینک کا ڈیبٹ کارڈ ہے اور میں کسی دوسرے بینک کی ATM استعمال کرتی/ کرتا ہوں، تو مجھے سروس کی کتنی فیس ادا کرنی پڑے گی؟*

# کریڈٹ بنانا

## کریڈٹ

کریڈٹ کا مطلب رقم ادھار لینا ہے- کریڈٹ کارڈ اور بینکوں کے قرضے کریڈٹ کی سب سے عام قسمیں ہیں- عام طور پر رقم ادھار لینے والے افراد اپنے قرضے معمول کے مطابق قسطوں میں ادا کرتے ہیں- ادائیگی کی رقم اور مدت قرضے یا کریڈٹ کی پیشکش کے وقت واضح ہونی چاہیئے-

جب آپ بینک سے قرض لیتے یا کریڈٹ کارڈ استعمال کرتے ہیں، تو آپ اس رقم پر سود ادا کرتے ہیں- سود وہ رقم ہے جسے ادھار دینے والا (عام طور پر بینک) ادھار لینے والے سے وصول کرتا ہے- سود کی شرح کا مطلب ادھار کی کل رقم کا چند فیصد ہے جو آپ مقررہ عرصے تک سود میں ادا کرتے ہیں- کچھ قرضوں اور کریڈٹ کارڈوں کے سود کی شرح بہت زیادہ ہے- اسلئے، جب بھی آپ بینک سے رقم ادھار لیتے یا کریڈٹ کارڈ کی صورت میں بینک سے قرضہ لیتے ہیں، تو اس وقت آپ کو یہ پوچھنا چاہیئے کہ آپ کے سود کی شرح کتنی ہو گی-

مختلف قسموں کے کریڈٹ اور قرضوں اور کریڈٹ کارڈ کا انتخاب کیسے کرنا ہے اور اس کیلئے کیسے درخواست دینی ہے ان سب پر مزید معلومات کیلئے ویلکم ٹو کینیڈا کتابچے کا مطالعہ کریں-

p.112–115

## کریڈٹ ہسٹری بنانا

جب بھی آپ قرضہ لیتے یا کریڈٹ کارڈ استعمال کرتے ہیں، تو ایک رپورٹنگ ایجنسی اس بارے میں معلومات اکٹھی کرتی ہے کہ آیا آپ اپنی ادائیگیاں وقت پر کرتے ہیں اور جو رقم آپ نے قرض کے طور پر لی ہے اس کی ادائیگی میں آپ کو کتنا وقت لگتا ہے- یہ معلومات آپ کی کریڈٹ ہسٹری کا حصہ بن جاتی ہے-

**اونٹاریو میں کریڈٹ ہسٹری بنانا ضروری ہے- اگر آپ کریڈٹ کارڈ، قرضے یا مارگیج کیلئے درخواست دینا چاہتے ہیں، تو یہ معلوم کرنے کیلئے کہ گزشتہ عرصے میں آپ نے اپنے سرمائے کو کیسے استعمال کیا ہے، آپ کا مالیاتی ادارہ آپ کی کریڈٹ ہسٹری کا جائزہ لے گا- آپ کی کریڈٹ ہسٹری کی بنیاد پر، آپ کا مالیاتی ادارہ اس بات کا فیصلہ کرے گا کہ آیا جو قرضہ آپ لینا چاہتے ہیں وہ آپ کو دیا جائے یا نہیں-**

بہت سے لوگ کریڈٹ کارڈوں کے ذریعے کریڈٹ ہسٹری بناتے ہیں- نئے آنے والوں کیلئے کریڈٹ کارڈ پروگراموں کے بارے میں اپنے مالیاتی ادارے کے نمائندے سے بات چیت کریں- معاہدے پر دستخط کرنے سے پہلے، تمام میعادوں اور شرائط پر غور کریں-

Financial Consumer Agency of Canada کے پاس مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر کریڈٹ کے بارے میں چند کارآمد تجاویز اور معلومات موجود ہیں fcac-acfc.gc.ca






### غور طلب باتیں

*میرے کریڈٹ کارڈ پر سود کی شرح کتنی ہے؟*

*میں اپنی موجودہ کریڈٹ ریٹنگ کے بارے میں کیسے معلوم کر سکتی/ سکتا ہوں؟*

*میں اپنی کریڈٹ ہسٹری بنانے کیلئے کیا کر سکتی/ سکتا ہوں؟*



# ٹیکس

## کینیڈا میں، تمام تینوں حکومتیں ٹیکس وصول کرتی ہیں: وفاقی، صوبائی اور بلدیاتی- ٹیکسوں کی مدد سے ان پروگراموں کو چلانے میں مدد ملتی ہے جنھیں حکومت سرمایہ فراہم کرتی ہے جیسے کہ تعلیم، صحت کی نگہداشت، ذرائع آمدورفت کا بنیادی ڈھانچہ اور مہارتوں کی تربیت-

### مختلف قسموں کے ٹیکس

انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس، پراپرٹی ٹیکس اور بزنس ٹیکس عام ترین وصول کئے جانے والے ٹیکس ہیں-

ٹیکس سے متعلق مقاصد کیلئے وہ رسیدیں اور دیگر دستاویزات جن کی آپ کو پورا سال جمع کرنے کی ضرورت ہے آپ کو ان کے بارے میں علم ہونا چاہیئے-

مختلف قسموں کے ٹیکسوں پر تفصیلات کیلئے، Ministry of Finance کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں www.fin.gov.on.ca یا findlink.at/finance

### انکم ٹیکس

کینیڈا کے رہنے والے ہر سال 30 اپریل تک اپنے انکم ٹیکس دائر کرتے ہیں- آپ کو تمام ذرائع سے حاصل ہونے والی اپنی تمام آمدنی کی اطلاع لازمی طور پر دینا ہوتی ہے، چاہے اس آمدنی کا ذریعہ کسی دوسرے ملک میں ہی کیوں نہ ہو-

Community Volunteer Income Tax Program کے ذریعے آپ اپنا انکم ٹیکس بھجوانے کیلئے مفت مدد حاصل کر سکتے ہیں- Canada Revenue Agency (CRA) کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں cra-arc.gc.ca یا findlink.at/incometax

### ہارمونائیزڈ سیلز ٹیکس کریڈٹ (HARMONIZED SALES TAX CREDIT)

اونٹاریو کے تمام رہائشی زیادہ تر کنزیومر اشیاء پر ہارمونائیزڈ سیلز ٹیکس (ایچ ایس ٹی) ادا کرتے ہیں- کم آمدنی والے افراد کیلئے، کینیڈا ریونیو ایجنسی (سی آر اے) ٹیکس کریڈٹ کے ذریعے اس ٹیکس کا کچھ حصہ یا سارا ہی واپس کر دیتی ہے- آپ اپنے انکم ٹیکس رٹرن کے صفحہ نمبر ایک پر ایچ ایس ٹی کریڈٹ ایپلیکیشن مکمل کر کے اس کریڈٹ کی درخواست دے سکتے ہیں- اگر سی آر اے اس بات کا تعین کرتی ہے کہ آپ اس کریڈٹ کیلئے اہل ہیں، تو آپ کو ایک چیک موصول ہوگا-

مزید معلومات کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں cra-arc.gc.ca یا findlink.at/gst-hst

### کینیڈا چائلڈ ٹیکس بینافٹ

اگر آپ کے 18 سال سے کم عمروں کے بچے ہیں، تو آپ کینیڈا چائلڈ ٹیکس بینافٹ حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں- اگر آپ اس کے اہل ہیں، تو آپ کے بچوں کی پرورش میں لگنے والے اخراجات میں مدد کیلئے آپ کو کینیڈا کی حکومت کی جانب سے ماہانہ رقم موصول ہوگی- اس رقم کا تعین آپ کی آمدنی اور آپ کے بچوں کی تعداد کو مدنظر رکھ کر کیا جاتا ہے-

یہ معلوم کرنے کیلئے کہ آیا آپ اس کے اہل ہیں اور اس کیلئے درخواست کیسے دینی ہے، Canada Revenue Agency کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں cra-arc.gc.ca یا findlink.at/cra-bnfts

### غور طلب باتیں

*میں اپنے ٹیکسوں کے بارے میں سوالات کہاں سے پوچھ سکتی/ سکتا ہوں؟*

*میں اپنا انکم ٹیکس رٹرن مکمل کرنے کیلئے کہاں سے مدد حاصل کر سکتی/ سکتا ہوں؟*

*کیا میں کینیڈا چائلڈ ٹیکس بینافٹ کیلئے اہل ہوں؟*

# بینافٹس اور سوشل اسسٹینس

## اونٹاریو میں، ایسے افراد کی مدد کیلئے صوبائی اور وفاقی پروگرام دستیاب ہیں جنھیں مالی طور پر مدد کی ضرورت ہے-

### امپلائمینٹ انشورنس (ای آئی)
### EMPLOYMENT INSURANCE (EI)

اگر ایسے حالات کی وجہ سے جو آپ کے قابو میں نہیں تھے آپ کی ملازمت ختم ہوجاتی ہے تو اس صورت میں آپ ای آئی بینافٹس کے اہل ہو سکتے ہیں - مثال کے طور پر، کام کی کمی کے باعث یا موسمی یا بڑی تعداد میں ملازمین کی ملازمت سے بے دخلی- ای آئی کا اہل ہونے کیلئے، آپ کے پاس گزشتہ 52 ہفتوں میں کینیڈا میں کام کرنےکے مناسب قابل بیمہ گھنٹے ہونے چاہئیں-

ای آئی بینافٹس کی درخواست کے بارے میں مزید معلومات کیلئے، اپنے آباد کاری کے کونسلر سے بات چیت کریں یا سروس کینیڈا کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں servicecanada.gc.ca یا findlink.at/ei-app

### کینیڈا پینشن پلان (سی پی پی)
### CANADA PENSION PLAN (CPP)

جب آپ اونٹاریو میں کام کرتے ہیں، تو آپ کی جانب سے سی پی پی میں حصہ ڈالنے کیلئے آپ کا امپلائر آپ کی تنخواہ سے کچھ رقم کی کٹوتی کرتا رہتا ہے-

آپ سی پی پی ریٹائرمینٹ پینشن کے اہل ہیں اگر:

- آپ کینیڈا میں کام کر چکے ہیں اور آپ نے سی پی پی میں کم از کم ایک حصہ (ادائیگی) ڈالا ہے-
- آپ کم سے کم 65 سال کے ہیں، یا آپ 60 اور 64 سال کی عمر کے درمیان میں ہیں اور آپ قانون میں بیان کی گئی کمائی اور ادائیگی کے مطالبات پر پورے اترتے ہیں-

سی پی پی کے بارے میں معلومات کیلئے، سروس کینیڈا کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں servicecanada.gc.ca یا findlink.at/cpp

### اولڈ ایج سیکیورٹی پینشن (او اے ایس)
### OLD AGE SECURITY PENSION (OAS)

او اے ایس ایسے کینیڈا کے رہنے والوں کو ماہانہ ادا کیا جاتا ہے جو 65 سال یا اس سے بڑی عمر کے ہیں- اس کے اہل ہونے کیلئے، آپ 18 سال کی عمر کا ہونے کے بعدکینیڈا میں لازمی طور پرکم سے کم 10 سال تک رہائش پذیر رہے ہوں-

مزید معلومات کیلئے، سروس کینیڈا کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں servicecanada.gc.ca یا findlink.at/oldagesecu

### سوشل اسسٹینس یعنی سماجی امداد

*Ontario Works* ایک ایسا پروگرام ہے جو اونٹاریو کے عارضی طور پر مالی مشکلات میں گھرے ہوئے افراد کی مدد کرتا ہے- یہ دو خدمات کی پیشکش کرتا ہے: مالی مدد اور ملازمت کی تلاش میں مدد- .

اگر آپ اس کے اہل ہیں، تو *Ontario Works* آپ کی بنیادی ضروریات کے خرچے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے جیسے کہ خوراک اور رہائش- اس پروگرام اور اہلیت کے مطالبات کے بارے میں مزید معلومات کیلئے، Ministry of Community and Social Services کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں mcss.gov.on.ca یا findlink.at/socialassi

### اونٹاریو ڈس ایبلیٹی سپورٹ پروگرام (او ڈی ایس پی)
### ONTARIO DISABILITY SUPPORT PROGRAM (ODSP)

ODSP مالی مشکلات میں گھرے ہوئے معذور افراد کی مدد کرتا ہے- یہ پروگرام درخواست دینے والے اہل افراد کی ملازمت کی تلاش میں مدد کرتا ہے اور خوراک اور رہائش کے خرچے میں انہیں مالی مدد فراہم کرتا ہے-

ODSP کے بارے میں مزید معلومات کیلئے، Ministry of Community and Social Services کی مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں mcss.gov.on.ca یا findlink.at/ont-dsp



# آباکاری کا منصوبہ

## بینکنگ، کریڈٹ حاصل کرنا اور ٹیکس

- ☐ بینکنگ کے انتخابات پر معلومات حاصل کریں اور بینک اکاؤنٹ کھلوائیں۔
- ☐ نئے آنے والوں کیلئے بینکنگ کی خدمات کے بارے میں بینک کے نمائندے سے بات چیت کریں۔
- ☐ کریڈٹ کارڈ کیلئے درخواست دیں۔
- ☐ کینیڈا چائلڈ ٹیکس بینافٹ کیلئے درخواست دیں (اگر ابل ہیں)۔

**1.** مقررہ کام ______ مکمل کنندہ/ ___ / ___

معلوماتی ذرائع ______

**2.** مقررہ کام ______ مکمل کنندہ/ ___ / ___

معلوماتی ذرائع ______

**3.** مقررہ کام ______ مکمل کنندہ/ ___ / ___

معلوماتی ذرائع ______

# لوگ اور ماحول

یہ حصہ اونٹاریو کے متنوع معاشرے کی چند اہم قدروں کو سمجھنے میں مدد کیلئے معلومات فراہم کرتا ہے- اس میں جنسی برابری، تعظیم اور ہر ایک کی مساوی قدر کرنا، بغیر کسی تشدد کے خاندانی مسائل کو حل کرنا اور ماحول کی حفاظت کرنا شامل ہیں-


56
جامعیت

57
معذور افراد

58
خاندانی تعلقات

59
ماحول کی حفاظت

60
آبادکاری کا منصوبہ




OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 55 03/11/14 16:37



# جامعیت

**اونٹاریو ایک ایسا جداگانہ حیثیت والا معاشرہ ہے جہاں لوگ ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنے، ایک دوسرے سے سیکھنے اور کشادہ ثقافت کی تخلیق کی کوشش کرتے ہیں- آپ کو ایسے افراد سے واقفیت کے بہت سے مواقع ملیں گے جو آپ سے مختلف ہیں- اونٹاریو کا مقصد قابل رسائی اور بشمول بننا ہے - ایک ایسی جگہ جہاں ہر کسی کو اپنے گھر جیسا ماحول محسوس ہو-**

### غور طلب باتیں

*میرے ثقافتی طور پر تعین کردہ نظریات اور عقائد کیا ہیں؟*

*میرے اندر ان لوگوں کیلئے کتنی برداشت ہے جن کے نظریات مختلف ہیں؟*

*مجھے دوسری ثقافتوں کے بارے میں کیا معلوم ہے؟*

*میں دوسری ثقافتوں کے بارے میں کیا کچھ سیکھ سکتی/ سکتا ہوں؟*

*لوگوں کے میری ثقافت کے بارے میں عام تصورات کیا ہیں؟*

## جداگانہ حیثیت اور جامعیت

اونٹاریو کی آبادی میں بہت سی مختلف ثقافتوں اور مذہبی پس منظر سے تعلق رکھنے والے لوگ شامل ہیں جن کی اپنی مختلف قابلیتیں، مختلف جنسی رخ بندیاں اور بہت سے تفرقات ہیں-

لوگوں کی اس زبردست تفریق سے فائدہ حاصل کرنے کیلئے، ہمیں جامعیت کی ضرورت ہے- جامعیت کا مطلب تمام پس منظروں سے تعلق رکھنے والے افراد کے ساتھ راہ و رسم قائم کرنا ہے- اس کا مطلب یہ یقینی بنانا بھی ہے کہ ہر فرد کے پاس اونٹاریو میں زندگی کے ہر شعبے میں حصہ لینے کیلئے مساوی مواقع موجود ہوں-

وزارت حکومتی خدمات کے پاس اونٹاریو پبلک سروس (او پی ایس) کو مزید مشمول کام کی جگہ بنانے کا منصوبہ موجود ہے- مزید معلومات کیلئے، مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں mgs.gov.on.ca یا findlink.at/omgs

اونٹاریو کا انسانی حقوق کا مجموعہ قوانین وضوابط لوگوں کے ساتھ غیرمنصفانہ سلوک کو غیرقانونی بنا کر جامعیت کی بنیاد فراہم کرتا ہے- مزید معلومات کیلئے، اونٹاریو ہیومن رائٹس کمیشن کی مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں www.ohrc.on.ca

## مرد اور عورتوں کی مساوات

کینیڈا میں، مرد اور عورتوں کے مابین مساوات بنیادی قدرومنزلت ہے- ایسے ثقافتی طور طریقے جو عورتوں یا لڑکیوں سے براسلوک روا رکھتے ہوں یا انہیں تکلیف پہنچاتے ہوں ان کو بالکل برداشت نہیں کیا جاتا-

## LGBTQ کمیونٹی

LGBTQ ہم جنس خواتین، ہم جنس مرد، دونوں جنسوں کی خصوصیات رکھنے والے افراد، ٹرانزجینڈرڈ، ہم جنس پرست کا مخفف ہے- LGBTQ اونٹاریو کے معاشرے میں فخریہ حصہ لینے والے افراد ہیں- اونٹاریو کے انسانی حقوق کے مجموعہ قوانین و ضوابط کے تحت لوگوں سے ان کی جنسی رخ بندی کی بنا پر ان سے تعصب برتنا یا انہیں پریشان کرنا غیر قانونی ہے-

LGBTQ افراد کے پروگراموں اور خدمات کے بارے میں معلومات کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں settlement.org یا findlink.at/lgbtqservi آپ *211* پر رابطہ بھی کر سکتے ہیں یا مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر بھی جا سکتے ہیں serviceontario.ca



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 56 03/11/14 16:37

# معذور افراد

## اونٹاریو میں ہر سات میں سے ایک فرد معذور ہے – جو اونٹاریو کے رہنے والے تقریباً 1.85 ملین افراد پر مبنی آبادی ہے-[7] جیسے جیسے آبادی کی عمر میں اضافہ ہوتا جائے گا، اس تعداد میں بھی اضافہ ہو جائےگا- اونٹاریو کا مقصد ایک ایسی جگہ بننا ہے جہاں ہر کوئی کمیونٹی میں حصہ لے سکے- اونٹاریو کے کاروبار، ادارے اور کمیونٹیاں معذور افراد کیلئے مزید حصول پذیری اور شمولیت کیلئے کام کر رہے ہیں-

### معذوری

معذوری کی بہت سی مختلف قسمیں ہے- کچھ معذوریاں دوسروں کو واضح طور پر نظر آتی ہیں اور کچھ نہیں- کوئی فرد پیدائشی طور پر معذور ہوتا سکتا ہے یا کسی حادثے یا بیماری کے نتیجے میں معذور ہو سکتا ہے- لوگ جسمانی، دماغی طور پر معذور ہو سکتے ہیں یا ان میں سیکھنے کی معذوریاں ہو سکتی ہیں؛ سماعت یا بینائی کی معذوریاں ہو سکتی ہیں؛ مرگی؛ دماغی صحت اور کسی چیز کے نشے کی معذوریاں ہو سکتی ہیں؛ ماحول سے حساسیت اور دوسری کیفیات ہو سکتی ہیں-

ہیومن رائٹس کمیشن پر نظموں، مضامین اور ویڈیو کے ذریعے لوگوں کے معذوریوں سے متعلق ذاتی تجربات کے بارے میں معلومات حاصل کریں: www.ohrc.on.ca یا findlink.at/ohr-lrd

اونٹاریو کے انسانی حقوق کے مجموعہ قوانین وضوابط کے تحت معذور افراد کے حقوق کے بارے میں مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر معلومات حاصل کریں www.ohrc.on.ca یا findlink.at/accssibact

### حصول پذیری کے معیارات

ایکسیس ایبلیٹی فار اونٹارینز ود ڈس ایبلیٹی ایکٹ (*Accessibility for Ontarians with Disabilities Act*) (اے او ڈی اے) اونٹاریو کا 2005ء کا قانون حصول پذیری کے معیارات کے بارے میں ہے- ان معیارات میں بیان کیا گیا ہے کہ یہ یقینی بنانے کیلئے کہ اونٹاریو کے معاشرے میں معذور افراد مکمل طور پر کیسے حصہ لے سکتے ہیں تمام تجارتی اداروں اور تنظیموں کو لازمی طور پر کیا کرنا چاہیئے- اس کا مقصد 2025ء تک اونٹاریو کو قابل حصول بنانا ہے جس میں ہر کوئی حصہ لے سکے-

حصول پذیری کے پانچ معیارات ہیں:

1. کسٹمر سروس – وہ تمام ادارے جو مصنوعات اور خدمات فراہم کرتے ہیں ان کے پاس لازمی طور پر تحریری منصوبہ موجود ہونا چاہیئے جس میں یہ درج ہو کہ وہ معذور افراد کو کسٹمر سروس کیسے فراہم کریں گے- اس منصوبے میں ایسی چیزیں بھی شامل ہو سکتی ہیں جیسے کہ خدمت فراہم کرنے والے جانور اور پہیوں والی کرسی کی اجازت، مدد فراہم کرنے والے لوگوں کا خیرمقدم کرنا اور مؤثر انداز سے بات چیت کرنا-
2. ملازمت – تمام اداروں کو معذور افراد کیلئے حصول پذیری کو لازمی بنانا، انہیں ملازمتیں تلاش کرنے میں مدد دینا، اور انہیں ملازمت پر رکھنے اور ملازمین کی تائید کو معمول کا حصہ بنانا چاہیئے- اس میں، مثال کے طور پر، معذور افراد کو خاص سازوسامان یا کام کرنے کا ماحول فراہم کرنا شامل ہو سکتے ہیں-
3. معلومات اور تبادلہ خیال – اداروں کو اپنی تمام معلومات جیسے کہ کتابچے، ویب سائٹیں اور تعلیمی مواد کو لازمی طور پر حصول پذیر بنانا چاہیئے-
4. ذرائع آمدورفت – یہ معیار بسوں، ٹیکسیوں، معذور افراد کیلئے خاص ٹرانسپورٹ، ہسپتالوں کی شٹل بسوں، اسکول بسوں اور کچھ کشتیوں پر بھی لاگو ہوتا ہے- ان مطالبات میں اٹھانے والے آلات، سیڑھیاں، پکڑنے والی دستے، روشنی، سائن بورڈوں وغیرہ کے لئے مجموعی اصطلاح اور بہت کچھ شامل ہے-
5. عوامی جگہیں – یہ معیار عمارتوں اور عوامی جگہوں پر لاگو ہوتا ہے جیسے کہ کھیل کے میدان، گاڑی کھڑی کرنے والی جگہیں اور پکنک کی جگہیں-

ایکسیس ایبلیٹی فار اونٹارینز ود ڈس ایبلیٹی ایکٹ، 2005ء کے بارے میں مندرجہ ذیل ویب سائٹوں سے معلومات حاصل کریں ontario.ca یا findlink.at/accssibact

حصول پذیری کے معیارات کے بارے میں مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر معلومات حاصل کریں ontario.ca یا findlink.at/accsstandr

معذور افراد کیلئے پروگراموں اور خدمات کے بارے میں معلومات کیلئے، *211* پر کال کریں یا ڈس ایبلیٹی ڈور وے (Disability Doorway)کی مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں disabilitydoorway.com

اونٹاریو ڈس ایبلیٹی سپورٹ پروگرام مالی مشکلات میں گھرے ہوئے معذور افراد کی مدد کرتا ہے- اس کے بارے میں مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر معلومات حاصل کریں mcss.gov.on.ca یا findlink.at/ont-dsp

[7] ذرائع: mcss.gov.on.ca یا findlink.at/ont-dsp

**غور طلب باتیں**

*میرے کام کی جگہ کتنی حصول پذیر ہے؟*

*میرے اردگرد کے افراد میں کن کن قسموں کی نہ نظر آنے والی معذوریاں ہو سکتی ہیں؟*





OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 57 03/11/14 16:37



# خاندانی تعلقات

## آپ کے اونٹاریو میں آبادکاری کے دوران خاندان کی جانب سے ملنے والی مدد ضروری ثابت ہو سکتی ہے- وفاقی اور صوبائی قوانین خاندان کے تمام افراد کو تحفظ فراہم کرتے ہیں-

### شادی بیاہ

کینیڈا اور اونٹاریو میں بہت سے افراد کیلئے شادی خاندانی زندگی کی بنیاد ہے- آپ ایک وقت میں صرف ایک ہی فرد سے شادی کر سکتے ہیں- اگر آپ نے بیرون ملک میں کسی دوسرے فرد سے شادی کی ہوئی ہے، تو اونٹاریو میں کسی سے شادی کرنے سے پہلے آپ کو اس سے لازمی طور پر طلاق لینا پڑے گی- اونٹاریو میں2003ء سے ہم جنس سے شادی قانونی قرار پا چکی ہے- اگر آپ اپنے شریک حیات کے ساتھ رہتے ہیں، لیکن آپ نے آپس میں شادی نہیں کی ہوئی، اور اگر آپ تین سال سے زیادہ یا اگر آپ کا بچہ ہے تو ایک سال سے ازدواجی تعلق کی بنا پر ساتھ رہتے رہے ہیں تو آپ کو "کامن لا پارٹنرز" کے طور پر سمجھا جاتا ہے-

p.44

### طلاق

صرف عدالت آپ کو طلاق کی منظوری دے سکتی ہے- دونوں شریک حیات (شادی کے پارٹنر) میں سے کوئی بھی طلاق کی درخواست دے سکتا ہے- آپ کو لازمی طور پر یہ ثبوت پیش کرنا ہے کہ آپ کی شادی ختم ہو چکی ہے- اگر آپ کا ساتھی کسی دوسرے ملک سے طلاق حاصل کرتا ہے، تو اسے اونٹاریو میں عام طور پر قانونی سمجھا جاتا ہے اگر آپ کا ساتھی کم از کم ایک سال سے کینیڈا سے باہر رہ چکا ہے تو-

p.45

### شریک حیات سے بد سلوکی

شریک حیات، کامن لا پارٹنر یا خاندان کے کسی بھی فرد کے خلاف ہر قسم کا جسمانی تشدد غیر قانونی ہے- اس میں بنا خواہش کے جسمانی سرگرمی بھی شامل ہے- کسی کو تکلیف پہنچانے یا جان سے مارنے کی دھمکی دینا بھی جرم ہے- ایسا فرد جس پر خاندان کے کسی فرد کے خلاف گھریلو تشدد کا جرم ثابت ہو جاتا ہے تو اس صورت میں اسے بہت سخت سزائیں سنائی جا سکتی ہیں، جس میں جیل جانا بھی شامل ہے-

p.42

### کینیڈا کے معاشرے میں پولیس کا کردار

پولیس لوگوں کو کمیونٹی میں تحفظ فراہم کرنے میں مدد کرتی ہے اور یہ یقینی بناتی ہے کہ ہر کوئی کینیڈا کے قوانین پر عمل کرتا ہے- ہر قسم کے حالات میں آپ پولیس سے مدد حاصل کر سکتے ہیں جیسے کہ گھر میں تشدد، حادثہ، ذاتی چوٹ یا کوئی ایسا جرم جو کہیں سرزد ہو چکا ہو-

اگر آپ کو خطرہ لاحق ہے، تو 911 پر کال کریں اور پولیس کی مدد کیلئے پوچھیں- پولیس آپ کے گھر پر فوری طور پر پہنچ جائےگی- اونٹاریومیں پولیس کے کردار کے بارے میں مزید معلومات کیلئے، ویلکم ٹو کینیڈا کتابچے کا مطالعہ کریں-

p.41

ایسی خواتین جنہیں خاندان کے کسی فرد سے تشدد کا خطرہ ہے تو وہ اسالٹڈ وومنز ہیلپ لائن کو دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے ساتوں دن مندرجہ ذیل نمبر 1-866-863-0511 پر رابطہ کر سکتی ہیں- یہ ٹیلیفون پر پریشانی والے وقت سے متعلق کونسلنگ اور آپ کی کمیونٹی میں مدد اور خدمات تک حوالہ جات کی پیشکش کرتی ہے- مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں awhl.org- مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر وزارت ذرائع ابلاغ اور سماجی خدمات پر بھی جائیں mcss.gov.on.ca یا findlink.at/womenhelp

اپنے علاقے میں خدمات کے بارے میں معلومات کیلئے آپ 211 پر بھی کال کر سکتے ہیں جیسے کہ خاندان کی کو نسلنگ یا بچوں کی پرورش سے متعلق ورک شاپس-

### بچے سے بدسلوکی اور غفلت

کینیڈا کے جرائم سے متعلق مجموعہ قوانین وضوابط کے سیکشن 43 کے تحت – جسے عام طور پر سپینکنگ لا (Spanking Law) بھی کہا جاتا ہے – والدین اپنے بچوں کو نظم وضبط سکھانے کیلئے "ایک حد تک زبردستی" کر سکتے ہیں- اس کا مطلب ایسی زبردستی ہے جو ہلکی پھلکی اور مختصر ہو، بچے کو نقصان نہ پہنچائے اور جس میں کسی بھی چیز کا استعمال یا سر پر طاقت کا استعمال شامل نہ ہو- والدین 13 سے 19 سال کی عمر کے نوجوانوں پر جسمانی طاقت کا استعمال نہیں کر سکتے- مجموعی طور پر، کینیڈا میں بچوں پر جسمانی سزا کے معاملے میں اختلاف رائے ہے- اپنے بچے کو جنسی طور پر ہاتھ لگانا یا انہیں شادی بیاہ کیلئے مجبور کرنا غیر قانونی ہے-

اونٹاریو میں تمام بالغ افراد کو جہاں کہیں بھی بچے پر تشدد کا شبہ ہو تو انہیں لازمی طور پر اس کی اطلاع دینی چاہیئے- ایسی صورتوں میں جہاں بچے پر تشدد یا غفلت کا شبہ ہو، اونٹاریو میں بچے کے تحفظ کے قوانین و ضوابط بچے کی فلاح وبہبود کی نگرانی کرنے والے اہلکاروں کو بچوں کو ان کے گھروں سے لے جانے کی اجازت دیتے ہیں-

p.42

**اونٹاریو وومنز ڈائریکٹوریٹ (Ontario Women's Directorate)**

مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر ایسی خواتین کیلئے معلومات حاصل کریں جو گھریلو یا جنسی تشدد کا نشانہ بنی ہیں www.women.gov.on.ca یا findlink.at/serviwomen

**وکٹم سروسز – منسٹری آف اٹارنی جنرل (Victim Services– Ministry of the Attorney General)**

مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر گھریلو اور جنسی تشدد کا نشانہ بننے والے افراد کیلئے معلومات حاصل کریں www.attorneygeneral.jus.gov.on.ca یا findlink.at/ovs

**فیملی لا ایجوکیشن فار وومن (Family Law Education for Women)**

اونٹاریو کے خاندان سے متعلقہ قانون کے تحت خواتین کے حقوق پر وضاحت کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں onefamilylaw.ca یا www.women.gov.on.ca یا findlink.at/flew

**فیملی لا گائیڈ (Family Law Guide)**

اونٹاریو کے خاندان سے متعلق قانون کے تحت اپنے حقوق اور فرائض سے واقفیت کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر جائیں www.attorneygeneral.jus.gov.on.ca یا findlink.at/on-famlaw



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 58 03/11/14 16:37

# ماحولیات کا خیال رکھنا

## ماحولیات کا خیال رکھنا اونٹاریو میں ایک اہم قدروقیمت ہے- کوڑے کرکٹ کو ادھر ادھر پھینکنے سے پرہیزکرکے، ریسائیکلنگ کے پروگرام میں حصہ لے کر اور توانائی کی بچت کرکے آپ اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں-

### کوڑاکرکٹ نہ پھینکئے!

گند ڈالنا وہ ہوتا ہے جب آپ کسی بھی قسم کا کوڑا کرکٹ سڑکوں یا زمین پر پھینکتے ہیں، خواہ وہ شہر میں ہو یا گاؤں میں-

اونٹاریو میں زیادہ تر میونسپلٹیوں میں کوڑاکرکٹ پھینکنےکے خلاف قوانین ہیں- کوڑا کرکٹ پھینکنے پر 100 ڈالر سے 1000 ڈالرتک یا اس سے زیادہ جرمانہ ہو سکتا ہے- اگر پولیس نے آپ کو ہائی وے پرکوڑا پھینکتے ہوئے دیکھا تو وہ آپ کی گاڑی روک لےگی-

اپنا کوڑا کرکٹ کسی کوڑادان میں ڈال کر یا اپنے ساتھ گھر لے جاکر کوڑا دان میں ڈال کر اونٹاریو کی ماحولیات کو صاف ستھرا رکھنے میں مددکریں-

### گھر کے کوڑے کرکٹ کی ریسائیکلنگ کا پروگرام

اونٹاریو میں بلیو باکس ریسائیکلنگ کا پروگرام زیادہ تر گھرانوں کو دستیاب ہے- بجائے اس کےکہ استعمال شدہ ردی کی اشیاء کو بھرائی والی زمین میں بھراجائے، استعمال شدہ ردی اشیاء کو نئی مصنوعات بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے- آپ اپنے نیلے ڈبے میں مختلف اقسام کا شیشہ، دھات، پلاسٹک اور ردی کاغذ ڈال کر اسے سڑک کے کنارے رکھ سکتے ہیں تاکہ صفائی کے مقامی ورکرز اسے اٹھا کر لے جا سکیں-

کچھ میونسپلٹیوں کا گرین بن پروگرام (*Green Bin program*) بھی ہے جو آپ کو نامیاتی استعمال شدہ اشیاءکو ریسائیکل کرنےکی اجازت دیتا ہے جیسے کہ بچی کچھی پھل اور سبزیاں، گوشت اور مچھلی، پسی ہوئی خشک کافی، اور بہت سی- نامیاتی استعمال شدہ بچی کھچی اشیاءکو مخلوط کھاد میں تبدیل کیا جاتا ہے، جو پارکوں اورکاشتکاری کی زمینوں کو بہتر بنانے کیلئے استعمال کی جاتی ہے-

علاقے میں گرین بن پروگرام موجود ہے، اپنی مقامی میونسپلٹی سے رابطہ کریں- اپنی فون بک میں بلیو پیجز میں دیکھیں، یا اونٹاریو کی میونسپلٹیوں اور ان سے رابطےکی فہرست کیلئے اس ویب سائٹ پر Ministry of Municipal Affairs and Housing پر جائیں www.mah.gov.on.ca یا findlink.at/muniseroff

اورنج ڈراپ (*Orange Drop*) پروگرام آپ کو ان گھریلو مصنوعات کو حفاظت سے ڈالنےکی اجازت دیتا ہے جن میں نقصان دہ اشیاء ہوں- ان میں رنگ و روغن اور محلل، اینٹی فریز، ایک دفعہ استعمال کرنے والی بیٹریاں، پریشر سے بھری ہوئی ڈبیاں یا شیشیاں اور تیل کے خالی ڈبے شامل ہیں- ان میں سے بہت سی اشیاء کو نئی مصنوعات بنانےکیلئے دوبارہ پراسیس کیا جاسکتا ہے- اپنی نزدیکی ڈراپ لوکیشن کا پتہ چلانےکیلئے اس ویب سائٹ پر جائیں- makethedrop.ca


### الیکٹرونک اشیاء کی ریسائیکلنگ کا پروگرام

استعمال شدہ فالتو الیکٹرونک کی اشیاء، جنہیں ای ویسٹ (*e-waste*) بھی کہا جاتا ہے، ان میں کیمرے، کمپیوٹر، مانیٹر، ٹیلیفون اور ٹیلیویژن جیسی اشیاء شامل ہیں- انہیں زہر آلود - اور قیمتی - مواد سے بھرا جاتا ہے اور انہیں زمین کی بھرائی میں استعمال نہیں کیا جانا چاہیئے- جب آپ اونٹاریو میں الیکٹرونک مصنوعات خریدتے ہیں، تو آپ ایک انوائرنمینٹل فیس ادا کرتے ہیں- اس پیسےکو ریسائیکلنگ یا الیکٹرونک مصنوعات کی دوبارہ تجدید و مرمت کی قیمت اداکرنےکیلئے استعمال کیا جاتا ہے-

اپنے علاقے میں الیکٹرونک ڈپو کا پتہ چلانےکیلئے اس ویب سائٹ پر جائیں- recycleyourelectronics.ca

### توانائی کی بچت

گیس اور بجلی پیداکرنےکا ماحولیات پر منفی اثر ہوتا ہے- ہم انہیں جتنا کم استعمال کریں اتنا ہی بہترہے- Ministry of Energy کی ویب سائٹ پر معلومات حاصل کریں کہ ہم توانائی کی بچت کس طرح کر سکتے ہیں: energy.gov.on.ca یا findlink.at/savinenerg نیز، Natural Resources Canada's Office of Energy Efficiency کا وزٹ کریں- oee.nrcan.gc.ca



**غور طلب باتیں**

*میں نیلا ڈبہ کہاں سے حاصل کروں اور میں اس میں کیا ڈال سکتی/سکتا ہوں؟*

*کیا میری میونسپلٹی میں گرین بن پروگرام موجود ہے؟*

*میں اپنی غیر ضروری الیکٹرونک اشیاء کہاں لے جاؤں؟*

*میں اپنے گھر کو توانائی کی بچت والا گھر بنانے میں کیا کر سکتی/سکتا ہوں؟*





OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 59 03/11/14 16:37

# آبادکاری کا منصوبہ

## جامعیت

- [ ] اونٹاریو کے انسانی حقوق کے مجموعہ قوانین کے تحت اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کو سمجھیں۔

## ماحولیات کا خیال رکھنا

- [ ] اپنی میونسپلٹی سے بلیو باکس (یا ریسائیکلنگ بیگ ) حاصل کریں۔
- [ ] اس بات کا پتہ چلائیں کہ کیا آپ کی میونسپلٹی میں گرین بن (Green Bin) پروگرام موجود ہے۔
- [ ] استعمال شدہ الیکٹرونکس کیلئے اپنے مقامی ڈراپ آف مقامات کا پتہ چلائیں۔
- [ ] توانائی کی بچت کے انتخابات میں اپنے گھر کی توانائی کی بچت کے انتخابات ڈھونڈیں۔

**1.** مقررہ کام مکمل کنندہ / /

معلومات کے ذرائع

**2.** مقررہ کام مکمل کنندہ / /

معلومات کے ذرائع

**3.** مقررہ کام مکمل کنندہ / /

معلومات کے ذرائع



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 60 03/11/14 16:37

# ضمیمہ




**62**
وفاقی حکومت ذرائع

**63**
حکومت اونٹاریو
وزارتیں

**64**
فہرست مضامین


OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 61 03/11/14 16:37

# وفاقی حکومت کے ذرائع

### کم ٹو کینیڈا
cic.gc.ca یا findlink.at/ctcextstay
کیا آپ کینیڈا آنا چاہتے ہیں، یا اپنے قیام میں توسیع کرنا چاہتےہیں؟ یہ ٹول اس بات کا تعین کرنے میں آپ کی مدد کرے گا کہ آیا آپ اس کے اہل ہیں، اپنی درخواست مکمل کریں اور دائر کریں۔

### آپ کے علاقے میں امیگریشن کی خدمات
cic.gc.ca یا findlink.at/cic-serve
ان خدمات میں رہنے کیلئے جگہ کی تلاش، ملازمت کی تلاش، زبان کی تخمینہ کاری اور کلاسیں، فارم بھرنے میں آپ کی مدد، اور کمیونٹی کی خدمات کے بارے میں معلومات میں معاونت بھی شامل ہو سکتی ہے۔

### لونگ ان کینیڈا ٹول (Living in Canada)
cic.gc.ca یا findlink.at/cic-lctvac
ایسی مدد حاصل کرنے کیلئے جس کی آپ کو کینیڈا میں آبادکاری کیلئے ضرورت ہے چند آسان سے سوالات کے جوابات دیں اور یہاں رہنے کے بارے میں تمام معلومات حاصل کریں۔

### ورکنگ ان کینیڈا (Working in Canada)
canada.ca یا findlink.at/workincana
ورکنگ ان کینیڈا ملازمت اور لیبر مارکیٹ کی معلومات کیلئے کینیڈا کی حکومت کا خاص ذریعہ ہے۔ یہ استعمال کرنے والوں کو روزگار اور پیشے سے متعلقہ معلومات کی مفت پیشکش کرتا ہے۔

### ڈس کورکینیڈا: (Discover Canada)رائٹس اینڈ ریسپانسیبلیٹی آف سیٹیزن شپ
cic.gc.ca یا findlink.at/cic-study
ڈس کور کینیڈا: رائٹس اینڈ ریسپانسیبلیٹی آف سیٹیزن شپ کو نئے آنے والے سیٹیزن شپ کے امتحان کی تیاری کیلئے استعمال کرتے ہیں۔

## نئے آنے والوں کیلئے صوبائی اور علاقائی ویب سائٹیں

البرٹا (Alberta)
albertacanada.com/immigration

برٹش کولمبیا (British Columbia)
welcomebc.ca

مینی ٹوبہ (Manitoba)
immigratemanitoba.com

نیو برنزوک (New Brunswick)
welcomenb.ca

نیوفاؤنڈلینڈ اینڈ لیبراڈور
(Newfoundland and Labrador)
nlimmigration.ca

نارتھ ویسٹ ٹیریٹوریز (Northwest Territories)
www.gov.nt.ca

نووا سکوشا (Nova Scotia)
novascotiaimmigration.com

نوناوٹ (Nunavut)
gov.nu.ca

اونٹاریو (Ontario)
ontarioimmigration.ca

پرنس ایڈورڈ آئلینڈ (Prince Edward Island)
gov.pe.ca/immigration

کیوبیک (Quebec)
immigration-quebec.gouv.qc.ca

سسکیچیون (Saskatchewan)
saskimmigrationcanada.ca

یوکان (Yukon)
immigration.gov.yk.ca



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 62 03/11/14 16:37

# اونٹاریو حکومت کی وزارتیں

Aboriginal Affairs
ontario.ca/ministry-aboriginal-affairs

Agriculture and Food
omafra.gov.on.ca

Attorney General
www.attorneygeneral.jus.gov.on.ca

Children and Youth Services
www.children.gov.on.ca

Citizenship and Immigration
www.citizenship.gov.on.ca

Community and Social Services
mcss.gov.on.ca

Community Safety and Correctional Services
www.mcscs.jus.gov.on.ca

Consumer Services
www.sse.gov.on.ca/mcs/en/pages/default.aspx

Economic Development, Trade and Employment
-ontario.ca/ministry-economic-development
trade-employment

Education
edu.gov.on.ca

Energy
energy.gov.on.ca

Environment
www.ene.gov.on.ca/environment

Finance
www.fin.gov.on.ca

Francophone Affairs
www.ofa.gov.on.ca

Government Services
mgs.gov.on.ca

Health and Long-Term Care
health.gov.on.ca

Infrastructure
moi.gov.on.ca

Intergovernmental Affairs
ontario.ca/ministry-intergovernmental-affairs

Labour
www.labour.gov.on.ca

Municipal Affairs and Housing
www.mah.gov.on.ca

Natural Resources
mnr.gov.on.ca

Northern Development and Mines
www.mndm.gov.on.ca

Pan/Parapan American Games Secretariat
www.panam2015.gov.on.ca

Research and Innovation
ontario.ca/ministry-research-innovation

Rural Affairs
www.omafra.gov.on.ca

Seniors' Secretariat
www.seniors.gov.on.ca

Tourism, Culture and Sport
mtc.gov.on.ca

Training, Colleges and Universities
www.tcu.gov.on.ca

Transportation
www.mto.gov.on.ca

Women's Directorate
www.women.gov.on.ca



OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 63 03/11/14 16:37

# فہرست


اپرینٹس شپس ... 33
بینکنگ ... 50
بنیادی حقوق ... 24
بینافٹس اور سوشل اسسٹینس ... 53
بریجنگ پروگرامز ... 41
چارٹر آف رائٹس اینڈ فریڈمز ... 24
بچے کی نگہداشت ... 30
آب وہوا ... 9
صارف کیلئے آگاہی ... 17
ذرائع ابلاغ کی خدمات ... 11
کمیونٹی میں روابط اور تفریح ... 21
کریڈٹ ... 51
سائیکلنگ ... 23
دندان ساز ... 16
گھریلو تشدد ... 58
ڈرائیونگ ... 23
ڈرائیورز لائسینس ... 22
معیشت ... 8
**تعلیم:**
- بالغ اور تعلیم کا تسلسل ... 34
- ایلیمینٹری اسکول ... 31
- پوسٹ سیکنڈری تعلیم ... 33
- سیکنڈری اسکول ... 31

ایمرجینسی نمبر ... 11
ملازمت (ملازمت کی تلاش) ... 42
توانائی کی بچت ... 59
فیملی ڈاکٹر ... 15
خاندانی قانون ... 58
غذا ... 17
جغرافیہ ... 6
حکومت ... 5
صحت کی نگہداشت ... 14
تعطیلات ... 44
رہائش ... 18
انسانی حقوق کا مجموعہ قوانین و ضوابط ... 24
جامعیت ... 56
کینیڈا سے تعارف ... 4
اونٹاریو سے تعارف ... 6
ملازمت کی تلاش ... 42
لیبر مارکیٹ ... 42
زبان کی تخمینہ کاری ... 35
زبان کی تربیت ... 35
ایل جی بی ٹی کیو ... 56
قانونی حقوق ... 24
قانونی خدمات ... 25
دماغی صحت کی نگہداشت ... 16
اوہپ کارڈ. ... 15
معذور افراد ... 57
فون اور انٹرنیٹ کی خدمات ... 17
پوسٹل خدمات ... 17
عوامی ذرائع آمدورفت ... 22
تفریح ... 21
ریسائیکلنگ ... 59
گاڑی کرائے پر لینا ... 22
کرائے پر لینا ... 19
آبادکاری کی ایجنسیاں ... 10
سوشل انشورنس نمبر ... 40
اپنے ذاتی کاروبار کا آغاز ... 46
ٹیکس ... 52
ٹیکسیاں ... 22
ذرائع آمدورفت ... 22
رضاکارانہ کام کرنا ... 21
**کام:**
- کام کی تلاش ... 42
- ملازمت کی جگہ پر حقوق ... 44





OTO - Workbook - 2014 05 08_UR.indb 64 03/11/14 16:37